The Coolies [illegible]

[illegible]

Rice	1 lb	
[illegible]	2 lb	
[illegible]	1 [illegible]	
[illegible]	1 [illegible]	
[illegible]	½ [illegible]	
[illegible]	¼ [illegible]	
[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	

[illegible]

1168 9 28 1/13

[illegible]

م اللہ الرحمن الرحیم

نامہ

ثنا رہی تم سب ہین مجبور

ے رہی میرے وطن مین

جہان ے

قوا ۱ ۱۰

خوش اندیشہ سفیدی و سیاہی ۔ زہی حکمت زہی صنع الٰہی

برابر اتر آم روز و شب ہے ۔ مقرر جو ہی تفریق او میں کب ہے

نہیں ہی بی ارادک پر کاہ ۔ نہیں جو اسکا قایل ہی وہ گمراہ

اثر برعکس مہر و ماہ کا ہے ۔ یہ شمہ قدرت اللہ کا ہے

اگرچہ جوہر پاکیزہ ہی عقل ۔ نہیں کر [illegible] اور د

زمین و آسمان حیرت فزائے ۔ یہ ذو نور [illegible]

خیام جنت میں [illegible] پا ۔ زمین کی پی [illegible]

جو ابر مہر کی پرتو سی [illegible] ۔ [illegible] رستخاک

وہ قطرہ ہی جسی کہتی نہیں گوہر ۔ ودید [illegible] ی

کلو پر رنگ تاثیر ہوا سے ۔ بنا آئینہ سنگ [illegible] صفا سے

ہوا کے شاخ سی ہی [illegible] ۔ خبر ہر خرو سی [illegible] کے

فزونی شکر سی ہی نعمتوں نے ۔ بڑی نعمت [illegible]

زبان کس طرح گویا ہوں اجزا اعضا ۔ ادا تو بھی [illegible] وی شکر اوس کا

یہ بخشی تونی آدم کو بزرگی — فرشتون نی پرستش کی اوسکی

جو پیدا ہر بن مو سی زبان ہو — نہ اوسکی ایک نعمت کا بیان ہو

کری بندہ فراموش اوسکو ہرچند — نہین کرتا ہی اوسپر رزق وہ بند

رہی سی ہو انسان گو سیہ کار — رہا کرتا نہین اوسکو وہ غفار

[illegible] جست کی نہایت — دعا کو واہی باب استجابت

[illegible] — پہ یعقوب نازل وہ بلا کی

[illegible] غم [illegible] — نہ تھی آنسو نہ اوسکی چشم نم سی

[illegible] رہتی خو [illegible] — نہ [illegible] سی مہربان ایسا کوئی اور

[illegible] چشم [illegible] ان — دیا ظالمونکو بھی آب حیوان

خدایا دل [illegible] بندگی [illegible] — یکایک گردش سی وہ نزدیک ترہی

[illegible] اک [illegible] درد — نشان [illegible] انسان ہو یہ میرا دم سرد

[illegible] آنکھین [illegible] آب [illegible] گلشن — کریا [illegible] میرا ہوا غونکا [illegible]

نامی

مجھی محو رخ جانانہ کردی — چراغ طور کا پروانہ کردی
مری دلمین محبت کا اثر دی — شقایق کی طرح داغ جگر دی
کہ غبار زنگ حسد سی سینہ ہو جاے — یہ سنگ سخت بھی آئینہ ہو جاے
مجھی دی اسقدر جوش محبت — کہ پیش زخم بھی ہو نوش محبت
مزا دی یہ محبت کی اثر کا — کہ ہو ہر بند [illegible]
جگر کی زخم ہوین کان بدخشان — بجای خون [illegible]
سرشک خون سی انکھین ہین پر — کبھی مرجان [illegible]
مری فریاد مین انسی تڑپ دی — کہ بجلی کی بھی [illegible] بہ ہیلی
فغان شمع شبستان دل لگن ہو — پر پروانہ ہر مو [illegible] ہو
تری صحبت مین ویسی لگن مجھی ہو — [illegible] ویسا مجھی ہو
دل و جان و جگر داغون سی ہوین — پریشانی ہو میری ربط و بس
محبت مین یہ محویت مجھی ہو — کہ دعوی عبودیت مجھی ہو
الٰہی صبر دی مجکو بلا مین — رہوں ثابت مین ہر رنج و عنا مین

شہادت وقت مردان ہو میسر — شکیبائی دی مجکو زیر خنجر
ہنوز ان تیری تجلی کا ہو شیدا — فروغ طور ہو اسمین ہویدا
وہ گویائی ندی ہے بے زبانمین — کہ ہو سرگرم وصف نا کسانمین

[illegible] مرا محمد و ثنا کا — لب و لہجہ ثنای مصطفی کا
[illegible] نبی بیشک محمد — رسول مجتبی محمود و امجد
[illegible] لمین ہے — محمد سالک راہ یقین ہے
[illegible] ا ہے — محمد شافع روز جزا ہے
محمد [illegible] ن [illegible] ریب — محمد معنی قرآن ہی لاریب
فضائل جسقدر ہی انبیا مین — ہوئی وہ جمع محبوب خدا مین
نبی کی ذات فخر انبیا ہی — کلام اللہ بہی اک معجزا ہی
سلیمان کی اگر رایع تہی برجا — نبی کی تخت کا تہا عرش بالا
کسی ختم الرسل پر ہی فضیلت — کہان خاتم کہان مہر نبوت

اثر

اثر تہا ہاتہ مین عیسی کی دم کا — کہ اوسمین سنگ بہی ہوتا تہا گویا
زمین و اسمان اوسکی طفیلے — جہان اہلجہان اوسکی طفیلی
لقب ہی برگزین وش مقتدا کی — ستودہ وہ یہ معنی مصطفی کی
جو حق ہی جان دینے کا اوسی اگاہ — نہین غیر از خدا الله الله
بلامین اوسنی کی یوسف نے امداد — ہوی فرزند کی محتاج اجداد
علو نعت سی ہی کیا مجہی کام — احد ہی وہ جو احمد مین نہو میم
نہایت اوسکی رتبہ کی جہان ہی — کمند وہم بہی کو [illegible]
خرد اوسکی شناسائی سی حیران — خیال و وہم دو[illegible]ص ماندان
شب معراج قرب ایسا ہوا تہا — خدا سی دو [illegible]ن کا فاصلہ تہا
نبی کا حکم عین حکم یزدان — حدیثونکی سند آیات قران
یہ سایہ کی نہونیکا سبب تہا — وہ جسم ایک تہا دلچسپ ایسا
جدا نہ جسم سی تہی بسکہ دشوار — الگ اوس سی ہوا سایہ نہ زنہار
عدم ہو نمین اوسکی ہی ہی بہید — کہ ہی خورشید کا سایہ نہ خورشید

بیت

ہوئی جب قید بنی یوسف کو ایذا — کہا مجہپر کرم کر پیمبر آیا
ہوا یہ قید فی زندانکو الہام — کیا آدم نی خوشنودیکا کام
کیا بر عکس اوسنی حکم رب سے — کرون کیا تجہپہ رحم اوسکی سبب سے
نہین ہی مجہپہ ثابت جون یعقوب — جو اوسکا واسطہ ہی تیرا مطلوب
یہ جو اوسکا ہی ای محبوس زندان — تری فرقت سی وہ ایسا ہی نالان
ہی نور زائل — اذیت اہل عالم کو ہی حاصل
ہوا ہی اوسکی فرقت سی طیور — اگرچہ یازدہ فرزند ہین اور
یہ اپنی علم سی ہی اوسپہ ظاہر — وہ زندہ ہی یہ غم ہی جسکی خاطر
مری اوسپر شکایت ہی کہین ہے — کلہ سی اک سخن خالی نہین ہے
کہا یوسف نی تب ای رب عزت — وسیلہ کیا ہی بہتر شفاعت
ہوا الہام کر احمد کو تو یاد — اوسیکی تہی آدم کی بہی امداد
رسول اللہ ہی بنیونکا سرتاج — زبس اوسکی شفاعت کی ہین محتاج

عکس

مگس بیٹھی نہ جسم نازنین پر | یہ لطف و نازکی اللہ اکبر
کوئی پاک و لطیف ایسا کہاں ہے | مگس آلودہ شہد دیگران ہے
یہ دلکش اوسکا جسم نازنین تھا | جدا جس سی ہوا سایہ نہ اصلا
نہ ہو جسکو سواد حرف دفتر | اوسی علم لدنی ہو سراسر
قلم جو ہاتہ مین لیوی نہ مطلق | کری سر خامہ انگشت سی شق
ہوئی تہی طور پر موسی کو جو طرح | قدم اوسکا [illegible]
اگر ہارون موسی کا وصی تھا | وزیر مصطفی

علی مہر نبوت کا نگین ہے | مرا یہ حرف نقش دلنشین ہے
حق نقش شفیع المذنبین ہے | جدائی مطلقا و منین نہین ہے
علوم مصطفی کا باب ہی وہ | جہاد و رزم کا اسباب ہی وہ
جہاد و یمین ہی جہد اوسکی ہویدا | سپر کی تھی در خیبر کی پیدا
ہلال تیغ سی کی بدر کی فتح | نہین اوس فتح سی بہتر کوئی فتح

خبر خورشید نے یہ اوسکو دی ہی | امیر المومنین تو یا علی ہی
نبی نے اوسکی داماد کی منظور | کیا اوس نور کو نوراً علی نور
کتابون سی کیا ہی ہمنی تحقیق | اوسی کا ہی لقب فاروق صدیق
کیا کعبہ کو پاک اوسنی بتون سی | کیا خالی جہانکو سرکشون سی
کتاب منقبت مین ہی یہ تحریر | کسی دشمن نی کی اوس سی تقریر
ترا یہ جہان مین اسقدر ہی | پدر تیرا اسیر اور سقر ہی
[illegible] ای خرس خاموش | مری کہنی کو کر اویزہ گوش
پسر تو ہو قسیم کوثر و ناز | پدر اوسکا ہو دوزخ کا سزاوار
یہ سنکر خرسکی صورت ہوا وہ | اوسی صورت سی آخر مر گیا وہ

[illegible]

لکہا ہی اسطرح سی قصہ مار | وہ صفدر مسجد کوفہ مین یکبار
نماز جمعہ کا پڑہتا تہا خطبہ | جماعت مین ہی شامل اہل کوفہ
در مسجد سی ناگہ اژدر آیا | جو اندر تہا وہ ڈر کر باہر آیا

ہوا استادہ منبر کی برابر زبان تہی گوش حیدر کی برابر
رہا کچہ دیر استادہ وہ اسطو اوسی جانب ہوا آوازہ فی الغور
نماز جمعہ سی فارغ ہوی جب سوال اونسی کیا حضار نی تب
ہوا کچہ منکشف ہمپر نہ یہ راز مگر سنتی تہی ہم اژدر کی آواز
کیا اوس راز کو حضرت نی افشا یہ اژدر پادشاہ جنیان تہا
کسی اک مسئلہ مین تہا اوسی شک اونی وہ پوچہنی آیا تہا حیدر
کیا انکی کو میری اونی باور وصی کا علم ہی غم
وہی ہوتا ہی شایان امامت جسی ہر امر پر ہو دست قدرت

کرون یہ نقل ہی وہ نیرہ گوش جسی سنکر مخالف کی اوڑین ہوش
نماز حق مین تہی مشغول حیدر ہوا مسجد مین وارد اک کبوتر
علی کی آستین مین چہپ گیا وہ نہان چشم خلایق سی ہوا وہ
ہوا اک بار بہی فورا نمودار کہ اوسکی چشم تہی قصہ سی خونبار

سنا یا جب اوسی تھا جسکا طالب   کہا ای بادشاہ کل غالب
کہ میں زخمی ہون مین طعمہ سی محروم   نہایت ناتوان اور بخت مغموم
بی تھا صید مین نی اک کبوتر   نہ ٹھہرا ضعف سی پنجہ کی اندر
مری جسکی لیی ہونٹھونپہ جان ہے   تمہاری آستین مین وہ نہان ہے
اپنی صید کا ہون میں سی خواہان   کرو اپنا مجھی ممنون احسان
ت نی یہ اپنا نہیں طور   قوی کی واسطی عاجز پہ ہو جور
ہ یہ ہماری زیر دامان   مروت یہ نہین اوسکا ہو نقصان
ہماری ذات ہی حلال مشکل   مراد خلق یہان ہوتی ہی حاصل
نہو کا یہ کبھی ہمکو گوارا   کہ اسکا لحم سی ہو تیرا چارا
یہ کہکر جانب قنبر جو دیکھا   گیا وہ دست بستہ پیش آقا
کہا اوس سی ترا شو میرا شانہ   کہ یہ شہباز ہی بی آب و دانہ
مگر وزن کبوتر سی نہ کم ہو   مجھی راحت ہی گر رنج و الم ہو
سنا جب یہ زبان شاہ دین سی   نکل آیا وہ طائر آستین سی

کہ

کہا او نون نی ای سلطان دل فقط ہم دیکھتی تہی اپکا دل
ہمین حکم خداوند جہان تہا لسنجاوتکا تمہاری امتحان تہا

یہ کہکر اوڑگئی سوی فلک وہ عجب کیا ہی اگر ہووین ملک وہ
علی کی حدسی ہین افزون فضایل منافق بہی ہین اپنی دلمین قایل
امام خلق ہی وہ بعد حیدر جسی کہتی ہین ریحان پیمبر
لقب شبر ہی نام اوسکا حسن ہے امام دومی وہ صف شکن ہی
حسین بن علی مذبوح خنجر امام و رہنما ہی بعد شبر
پہر حقدار امامت ہی وہ سجاد علی ابن الحسین و زین عباد
امام باطن و ظاہر ہی باقر کہ اسرار خفی تہی اوسپہ ظاہر
محمد کا وصی وہ خوش نسب ہے کہ جسکا حضرت صادق لقب ہے
جہی ہر وقت اوس موسی کی [illegible] ہوا طور تجلی جسسی بغداد
رضاجوی خدا مقبول یزدان امام ہشتمین شاہ غریبان

وہ شاہ بحر و بر حضرت تقی ہی　　تفاوت مین جو مانند نبی ہی
نقی ہی حجت حق بہر عالم　　وہی ہی رحمت حق بہر عالم
حسن ہی عسکری کا نام نامے　　تقی کا ہی وہ فرزند گرامے
وہ مہدی ختم ہی جسپر امامت　　رہیکا دور اوسکا تا قیامت
علی سی تا محمد ہین وہ معصوم　　ہوا علم خدا ہر اک کو معلوم

م و تحیت اور تسلیم و صلوات　　ہوی ختم اونپہ اعجاز و کرامات
یہ اصحاب نبی کا مرتبہ ہے　　نبی نے کالنجوم اونکو کہا ہے
مدارج اونکو نسب حاصل ہوی ہین　　جو اہل بیت مین داخل ہوی ہین

اگرچہ ہون سراپا مین گنہگار　　خداوندا تو ہی ستار و غفار
اگرچہ لا تعد ہین جرم میرے　　بہت کم ہین تری بخشش کے آگے
تری وہ ذات ہی ای رب معبود　　کہ ہر تا ہی نیک و بد کا مقصود

ترا فضل و کرم گر مشتمل ہو — جلیل القدر عبد متبدل ہو
خداوندا ز بس مجکو پریشان — عطا کر یا الہی گنج ایمان
غرور و کبر سی مجکو بری رکہ — مری دلمین تو اپنی دوستی رکہ
مجہی حسن عمل کی دی ہدایت — عطا کر مجکو ای خالق سعادت
تجلی کا مجہی ذرہ دکہادی — الہی پردہ ظلمت اوٹہادی
گناہون سی مجہی کر دی سبکبار — مجہی رسوا نکر ای میری ستار
نکر محتاج تو مجکو کسیکا — غنی بہی تجہی ہی تجہ غنی کا
الہی کر مری نامہ کا اتمام — مری آغاز کا ہو نیک انجام
مرا مطلب ہی یارب تجکو معلوم — یہ نامہ ہو پسند شاہ مظلوم
کیا ہی مینی اسکو نظم للہ — نہین ہی خواہش زر تو ہی آگاہ

مجہی تکلیف ہوئی یہ فکر لاحق — کہ دل ہی شاہد معنی کا شایق
مجہی رہتی ہی فکر شعر در شب — ہوا دل خون اسی سی اور جگر ریش

نہین کچہ فایدہ ہی سر بسر ہیچ
سوای درد سر حاصل دگر ہیچ
کسیکی چشم کی تعریف سی کیا
ہنر ہر کب کسیکی چشم ہی وا
جو تو نی وصف گیسو کا کیا ہی
وہ تیری واسطی اک اژدہا ہی
اگر اس سی یہ ہی مقصود تیرا
کہ مشق شعر ہی شاعر کا پایا
تو کر اشعار نعت و منصبت تین
جو تیری کام ائین اخرت مین
رہی خوش تجہسی اولاد پیمبر
ملی اوسکی صلہ مین جام کوثر
اگر اب تب تو نی سنا ہی
رسول مجتبی نی کیا کہا ہی
اگر اک بیت بہی کوئی کہیگا
اوسی گہر باغ جنت مین ملیگا
لگا دل قصہ مختار پر تو
اوسی اپنی زبان مین نظم کر تو
اگرچہ نثر ہی وہ نظم سی خوب
ہر اک فقرہ ہی اوسکا دل کا مرغوب
مگر ہی نظم مین لطف عجایب
کہ رنگین اوسکی ہوتی ہین مطالب
ولی اسطرح سکی کر نظم اوسکو
کہ مطلب سب ہو لیکن مختصر ہو
سنا مین نی جو یہ پیر خرد سے
کتابین جمع کین یک جہد و جد سے

کئی مختار نامہ مین دیکہے | مگر تہی مختلف احوال اونکے
لکہا تہا او یہ تو سب اوسمین احوال | نہ تہا پیدائش مختار کا حال
لکہا وہ حال مین نی جا بجا سی | مجاہد نامہ سی روضۃ الصفا سی
بندہا دل مین جو میری یہ تصور | بخوبی نقش مطلب ہو گیا پر

سخن سنجون سی ہی یہ مجکو امید | رکہین اس پر نگاہ لطف جاوید
مدد ہو کر علی مرتضی کے | لکہون توصیف سید مصطفی کا
وہ عالی مرتبت ہین وہ حسب مین | جلیل القدر ہین والا نسب ہین
در تابندہ تاج شرافت | گل گلدستہ باغ سیادت
نکیونکر دی شرف ہو وہ خرد مند | کہ ہی سید علی اصغر کا فرزند
عجب حق مین تہی وہ مرحوم و مغفور | کہ جنکا زہد عالم مین مشہور
محیط شرع کی وہ تہی شناور | وہ باغ اتقا کی تہی گل تر
وہ تہی زینت وہ کاشانہ علم | وہ تہی رکن رکین خانہ علم

وہ دریای قناعت کی گہر تھی		وہ افلاک شریعت کی قمر تھی

وہ تھی عارف وہ تھی بیدار و عابد		وہ تھی قانع وہ تھی ابرار و زاہد

نہ تھا مطلق اونہین دنیا سی مطلب		رہا کرتی تھی محو طاعت رب

جیا جب تک جہان مین وہ خوش انجام		رہا سجادہ و تسبیح سی کام

یہ جسکا زہد اور یہ اتقا ہو		پسر اوسکا نکیونکر باخدا ہو

نکیون جو بو پدر کی ہووے بالکل		اوسی گلشن کی آخر یہی ہین گل

کرین منصف اگر انصاف سی غور		جوانی مین بزرگونکی ہین سب طور

فقیہ و عارف و محتاط و فاضل		ورع مین زہد مین تقوی مین کامل

مسائل دین کی سب حفظ زبان ہین		خدا کی فضل سی کیا خوش بیان ہین

کوئی ہو بحث مین فایق کب اونپر		کھلی ہین علم کی نکتی سب اونپر

محبت مین مروت مین ہین بی مثل		تواضع مین سخاوت مین ہین بی مثل

دہن ہی معدن حسن بلاغت		زبان ہی ماہی بحر فصاحت

ہر اک تقریر موتی کی لڑی ہی		فصاحت دست بستہ وہان کھڑی ہی

سراپا خلق ہی وہ معدن علم | نہین دنیا مین ایسا صاحب حلم
معرف کیون نہون اوس با خدا کے | کہ پیرو مین ہماری مقتدا کے
جبین پر نور ایمان ہی ہویدا | نشان زاہدی ہی رخ سی پیدا
عجب دیندار وہ صالح جوان ہے | سدا احمد خدا ورد زبان ہے
نہین کچھ شغل خیر طاعت گذارے | سدا ہی عادت شب زندہ دارے
چھپین اونکی سبب جیسی کتابین | ہوئی تھین طبع کب ایسی کتابین
سنا ہی جو کہ تھی مشکل جہانمین | کئی وہ سہل سب اردو زبانمین
ہی اس کوشش مین وہ مقبول بارے | کتابین دین کی چھپ جائین سارے
چھپی ہی جو کتاب اوس معتقد کے | ہوئی ہی مہر اوس پر مجتہد کی
جہانمین ہی یہ اوسکا فیض جارے | کہ مانند ہوگئی ہی خلق سارے
نہین مطلب کہ ہو دنیا مین کچھ نام | سب اونکی فی سبیل اللہ ہین کام
بحق مصطفی و آل امجاد | رہی وہ با خدا دنیا مین آباد
مری مختار نامہ کو جو دیکھا | یہ چھپ جای کیا اسکا ارادا

ہوا مشہور یہ اونکی بدولت | الہی اونکو تو رکھیو سلامت

[illegible] حضرت امام [illegible] جنگ و [illegible]

یہ لازم ہی کرون نام اونکی مذکور | جہاد و جہد ہی جن جنکا مشہور

ہوئی ہی کارگر جن جنکی تدبیر | لڑی ہین جو برای خون شبیر

سر دفتر ہین باوفا [illegible] ئے | کثیر الشرف نام اوسکا لکھا ہی

وہ عبد اللہ عفیف نیک کردار | عبیدہ نی جسی پہونچای آزار

سلیمانی خزاعی مرد جرار | لڑا فوج عبیدہ سی کئی بار

ہوا آخر طلبگار شہادت | یہ اوس مومن نی حاصل کی سعادت

ہوا بعد اوسکی مختار نکونام | کہ اس آغاز کا ہی اوس سی انجام

وہ ابراہیم ہی جو تیغ مختار | وہی جرار ہی سرکوب کفار

وہ ابراہیم ہی مالک کا فرزند | علی مرتضی تہی اوس سی خورسند

ذکر [illegible] نسب ابن سعد [illegible]

مجاہد ہین یہی اشخاص مبرور | بس اب مختار کا کرتا ہون مذکور

بیان

بیان کرتی ہین یہ دانای انساب ‏ روایات صحیحہ بہر احباب
پدر مختار کا تہا بو عبیدہ ‏ جوانمرد و رئیس شہر کوفہ
لڑا اتش پرستونسی نہایت ‏ ہمیشہ سرکشونکو دی ہزیمت
نہایت وہ معزز رہد کرمین ‏ سپہ سالار تہا عہد عمر مین
کیا اوسکو نہ اوس عہدہ سی معزول ‏ ہوا جنگ خراسان مین وہ مقتول
ابہی مختار کی تہی خورد سالی ‏ کہ اونسنی دار دنیاسی قضا کی
برادر اوسکا تہا اک نیک انجام ‏ سعید ابن مسعود اوسکا تہا نام
رہا مختار کا ایسا وہ غمخوار ‏ کہ بہولا بو عبیدہ کو بہی مختار
ہوا جب ابن سفیان حاکم شام ‏ ہوا میر مدائن وہ نکو نام
حسن کا دوست تہا وہ عم مختار ‏ ہوئی جب ابن سفیانسی یہ بیزار
امام مجتبی جان پیمبر ‏ رہی یکچند اوسکی گہر مین اکر
کہا مختار نی ابی عم غمخوار ‏ امام مجتبی کو کر گرفتار
غنی کردیگا تجکو حاکم شام ‏ بہت پائیگا تو انعام و اکرام

کہا اوس باوفا نی وای تجہ پر | یہ تیری منہ سی نکلی بات کیونکر
امام مجتبی جان نبی ہے | دل زہرا ہی فرزند علی ہے
ہماری خاندان کا یہ نہین طور | کرین اولاد پیغمبر پہ ہم جور
اوسی ہوگا امامت سی یہ معلوم | کیا افسوس تو نی اوسکو مغموم
پشیمان وہ ہوا یہ حرف سنکر | نہ آیا پہر وہ ذکر اوسکی زبان پر
سعید ابن عمر کہتا ہی اک دن | ہوئی مختار سی صحبت جو ممکن
اوسی پایا نہایت مرد دیندار | سوال اوس سی کیا مینی کہ مختار
تجہی کیونکر ہوئی حاصل ہدایت | ہوا تو شیعہ شاہ ولایت
کہا مختار نی کہتا ہی تو راست | علی کا تہا مین دشمن بی کم و کاست
یہ مینی عالم رویا مین دیکہا | خفا دل مجہسی ہی خیر البشر کا
کیا مینی سلام اونپر کئی بار | ہوی مجہسی مخاطب وہ نہ زنہار
کہا مینی خفا کیون مجہسی تم ہو | مرا کیا جرم ہی فرمائی تو
کہا اس سی زیادہ جرم کیا ہے | کہ تو بدخواہ آل مصطفی ہے

مرا فرزند تیری گھر ہو مہمان ‏ ‏ کرے اوسکی اسیریکا تو سامان
خدا واجب کرے جسکی اطاعت ‏ ‏ علی سے ہو تجھے بغض و عداوت
نہ رکھ چشم شفاعت تو نبی سے ‏ ‏ عداوت ہے اگر تجھکو علی سے
سنی جب گوش دل سے وہ نصیحت ‏ ‏ کھلی دلپر مری دریاے رحمت
کیا اوس خواب سے جب چشم کو وا ‏ ‏ در رحمت کو دلپر باز دیکھا
اوسے دیکھا ہے یہ مذکور واذکار ‏ ‏ مرا مہمان تھا وہ سبط نکوکار
فقط مہر علی کی ہے یہ تاثیر ‏ ‏ کہ ہو خورشید کی ذرہ مین تنویر

[illegible]

یہ اوسکی ماںکا ہے احوال لکھا ‏ ‏ کہ نام اوس مومنہ کا طیبہ تھا
وہ کہتی ہے ہوا جب وقت زادن ‏ ‏ کہ سنیے یہ کہا مجھسے کہ اے زن
نکلنا لقمہ ناپاک تو آج ‏ ‏ بہت دشوار ہوگا اسکا اخراج
مدد گار شہیدان یہ پسر ہے ‏ ‏ غم ادار شہیدان یہ پسر ہے
محبت سے دل اوسکا نرم ہوگا ‏ ‏ جہاد و رزم مین سرگرم ہوگا

جلیل القدر ہی یہ نیک انجام | نہ لکہتا اسکا خبر مختار تو نام
غرض پیدا ہوا وہ نیک کردار | رکہا مادر نی اوسکا نام مختار

[illegible]

امام عسکری کی ہی جو تفسیر | یہ اخبار حسن ہی اوسمین تحریر
صحابہ سی یہ خر ثانی تہی حیدر | خدا کی ہی اطاعت سب سی بہتر
کیا جسنی خلاف رب معبود | وہ امت ہو کوئی مقہور و مردود
چنانچہ تہی جو وہ موسی کی امت | ہوا ابر ور جسنی کی اطاعت
ہوی بعضی عقوبت کی سزاوار | اوٹہی دنیا سی ناپاک و سیہ کار
وہی بعضو کا یہان ہوویگا انجام | اوٹہین کی یہان سی وہ محروم ناکام
کہا اصحاب نی ایکا شف سر | وہ ہم مین کون ہی کہی تو ظاہر
اطاعت کیا ہی اوسکا بیان ہو | یہ اسرار نہان ہمپر عیان ہو
کیا اسطرح تب حضرت نی ارشاد | نبی کی ہین جو اہلبیت امجاد
کری جو اونکی تعظیم و رعایت | خدا و مصطفی کی ہی اطاعت

پھرا جو شخص آل مصطفی سے | کیا اوسنی خلاف اپنی جد آ سے
مرا انکار حق انکار حق ہی | جفای اہلبیت آزار حق ہے
وہ رفز قتل ہی انکھونکی آگی | جدا سر ہون غزیز و اقربا کی
حسین ابن علی صد پارہ ہووے | وہ آل مصطفی اوارہ ہووے
ستارے ہون سیہ مکسوف خورشید | کہلی کا بعد چندی تمکو یہ بہید
کریگا جب زمین پر خون شبیر | اور اوسکی آل ہوگی پا بزنجیر
بلامین مبتلا ہونگی وہ قاتل | گرفتار بلا ہونگی وہ قاتل
مسلط اوپر غالب ہو وہ جرار | عبیدہ کا جو ہی فرزند مختار

[illegible]

اسی صورت سی وہ کافر ہون پامال | ہوا جو قوم اسرائیل کا حال
خبر حجاج کو جسدم یہ پہونچی | علی ابن الحسین اسکا ہی راوی
امیر المومنین کا ہی یہ ارشاد | کہ ہو مختار سی وہ قوم برباد
کہا حضار سی اوسنی کہ ای جمع | اسی کرنا نہیں باور مرا سمع

پی مختار یہ جاہ وحشم ہو — کرون تصدیق کیا قول علی کو
فرزنب اتباع کو دیتا ہی سجاد — فریب و مکر ہی یہ اوسکا ارشاد
ابہی ہی طفل وہ فرزند شبیر — نہین ہی معتبر کودک کی تقریر
بہلا مین امتحان کرتا ہون اوسکا — غرض مختار کو اوسنی بلایا
وہان حسب طلب آیا جو مختار — لگا کہنی کسی سی وہ سیہ کار
وہ تیغ سر فشان کر جلد حاضر — کہ اوس سی مطمئن ہو میری خاطر
گیا وہ اور پہرا خالی وہان سی — سخن یہ ہاتہ ایا اوس بیان سی
کلید حجرہ ہی اسوقت نایاب — نکالین کسطرح سی ہم وہ اسباب
کہا مختار نی ای مرد مغرور — نہین ہی قتل میرا اوسکو منظور
غلط ہرگز نہین حیدر کا ارشاد — کرونگا ایکدن مین تجہکو برباد
تجہی ہی ایک میری قتل کی کد — کرونگا قتل مین ہشتاد وسی صد
ہوا یہ سنکی وہ ظالم غضبناک — کہا جلاد سی کر اسکو صد چاک
چلا جلاد جب اوسپر بسرعت — لگی اوسکی ہی وہ تیغ اذیت

وہ ظالم ہوگیا بس خود نگونسا ۔ ہوئی جلاد اوسکی اپنی تلوار
چلا جب دوسرا جلاد اوپر ۔ ہوا وہ نیش عقرب سی نگونسر
کیا پہر اور کو اوسنی اشارا ۔ اسی تو تیغ سی کر پارا پارا
ادہر تو ہاتہ قاتل نی اوٹہایا ۔ اودہر عبد الملک کا نامہ آیا
لکہا تہا اوسمین ای حجاج بدکار ۔ نہ دینا تو اذیت اوسکو زنہار
ولید اوسکا ہوا ہی مجہسی جاکی ۔ اوسی رکہتا ہون مین از بس گرامی
مری دایہ کا ہی وہ شخص شوہر ۔ نہین مردانسی میری حقمین کمتر
اگر مذکور وہ تو نی سنا ہی ۔ علی مرتضی نی جو کہا ہی
وہی اللہ کی کری ہی مشیت ۔ اوسی ہم دی نہین سکتی اذیت
خداوند جہان حافظ ہی اوسکا ۔ اوسی تیری اذیت سی ضرر کیا
اگر اوسکا سخن سی پوچہ دو ہی ۔ ہماری اوس سی کیا ہوتی تہا
غرض حجاج نی منہ اوس سی موڑا ۔ اوسی یہ عہد و پیمان لیکی چہوڑا
خروج اپنا کیا کر تو نی ظاہر ۔ یہی پہر ہی اذیت تیری خاطر

سخن وہ ہر کہین کہتا تہا مختار کیا ظالم نی پہر اوسکو گرفتار
پہر اوسکو خط اوسی مضمونکا آیا خدا نی پہر اذیت سی چہوڑایا
جواب خط کیا یہ اوسنی تحریر کہ ہی وہ لاف زن شایان تعذیر
یہ کہتا ہی علانیہ وہ مکار کریگا سبکا استیصال مختار
لکہا عبد الملک نی پہر بہ مضمون نہین ہی چارہ تقدیر بچون
اوسی پہونچائین ہم کسطرح ایذا خدا کا حکم یہ غالب ہی ارادا
نہین فرعون کا قصہ تجہی یاد کیا موسی نی کیا اوسکو برباد
وہ کس تدبیر سی غافل ہوا تہا مگر کوشش سی کیا حاصل ہوا تہا
تو اب اوسکی اذیت سی اوٹہا ہاتہ بہی کیا کر سکیگا وہ تیرے ساتہ
غرض جو کچہ کہا کرتا تہا مختار ہوئی وہ بات ظاہر آخر کار
مسلط وہ ہوا اعدای دین پر کیا اوس قوم کو برباد یکسر

دیگر اخبار احباب و فضائل مختار از کتب بحار الانوار

علی مرتضی کنذری جو یکبار ادہر سی تہی جو بازیگاہ مختار

نین

جبین پر دیکھکر نور نجابت ۔ یہ فرمانی لگی شاہ ولایت

پسر کسکا ہی یہ طفل پری رو ۔ ہماری دوستی کی اسمین ہے بو

اوسی آغوش مین اپنی اوٹھاکر ۔ دیا شفقت سی بوسہ اوسکی رخ پر

یہ فرمایا خوشا احوال تیرا ۔ ہماری خونکا تو لیگا بدلا

یہ فرمای زبان سی جکو حیدر ۔ تامل اوسکی بخشش مین ہو کیونکر

غلط یہ قول ہی اہل حسد کا ۔ امامت کا کیا تھا اوسنی دعوا

وہ ابن حنفیہ کا تھا ہوا خواہ ۔ اوسی تھا حضرت عابد سے اکراہ

روایت ہی کہ اکدن زین عباد ۔ خبر مختار کی کرتی تھی ارشاد

کہا اصحاب نی ای شاہ خوشخو ۔ ہمین اوسکی زمانہ کی خبر دو

کیا اسطرح تب حضرت نی ارشاد ۔ کہ ہی وہ سال آیندہ رکھو یاد

فلان تاریخ ہوگی اور فلان روز ۔ سنو کی تم یہ اخبار دل افروز

سر ابن زیاد و شمر بدنژاد ۔ چلو دیکھو رکھا ہی پیش سجاد

مجہی دیکھو کی اوسدم بر سر خوان ۔ سر دستی اونکی ہونگی بار بچان

وہ دن آیا تو غوغا تھا ہر سو | نہین فرق اوسکی کہنی مین سر مو
روایت ہی کہ بعد قوت مختار | سنی اوسکی پسر نی جب یہ گفتار
برا کہتی ہی اکثر خلق اوسکو | مدینی مین کیا وہ مرد خوشخو
یہ اوسنی حضرت باقر سی پوچھا | امام باطن و ظاہر سی پوچھا
ہوا خواہو نسی کہہ ہووی مختار | رکھو ہمین اپنی دلکو اوس سی بیزار
کہا حضرت نی وہ ایسا نہین ہی | نبی کی آل کا یار و معین ہی
ہمین بھیجی تحایف اوسنی اکثر | ملا بی شوہرونکو اوس سی شوہر
ہمارے ساتھ اوسکا حشر ہوگا | نہ پہونچی کا اوسی آسیب اصلا
بیان اک اور کرتا ہون روایت | یہ عثمان یمان سی ہی حکایت
گیا پیش تقی وہ مرد دیندار | وہان اسوقت تھا یہ ذکر مختار
خدا رحمت کری اوس با وفا کو | غرا دار شہید کربلا کو
اگر صد کس ہو بھی بی شل مختار | ہمارا حق تلف ہوتا نہ زنہار
سر دشمن جو اوسنی ہمکو بھیجا | زنان ہاشمی کا سوک اوترا

وہ گھر ظلم وستم سی تہی جو مسمار | ہوی اوسلی بدولت سب وہ طیار
ہوئی مختار کی تحریر افضال | لکھون اب حضرت مسلم کا احوال

در شہادت حضرت مسلم [illegible]

دیا ہی مینی قط اپنی قلم کو | کہ مسلم کی لکھون احوال غمکو
گرفتار بلا ہی ناگہانی | ہوا جب یاری مسلم سی ہانی
سنجا ہی حضرت مسلم نی یہ بات | کہ تا نازل اوسکی محسن ہو پر آفات
کیا عزم جہاد اوس باوفا نی | وکیل نائب خیر الوری نی
ہوئی ساتہ اوسکی وہ قوم جفاکیش | نہ تہا ایمانکا جنکو بیش و پیش
عبید اللہ ملعون ستمگر | ہوا ترسان چہپا قلعہ کی اندر
دم ناورد بہاگی وہ جفاکار | تن تنہا رہا وہ شیر جرار
اوٹہائیں محنتیں راہ خدا مین | ہوا محبوس قوم اشقیا مین
ہوا یہ سانحہ کوفہ مین جس روز | نہ تہا کوفہ مین مختار دل افروز
اوسی پہونچی جو یہ کوفہ کی اخبار | جلا وہان سی بعزم جنگ مختار

کہا پہر یہ سنتی اوس سی جا کر | کیا نالی کو اور مسلم کو بی سر
ہوا صد چاک اوس غمخوار کا دل | وہ تڑپا خاک پر مانند بسمل
جو اونسکو نہ تھی اپنی بدن کی | کہین تیغ اور کہین دستار پہینکی
ہوا یون حرف زن یکمرد دانا | نہین ہی خوب اب کوفہ کا جانا
یہ سمجھی کا عبید اللہ ظالم | اسی بہی تہا سر یار ہی مسلم
نہ مسلم ہی اب اوسکی رفاقت | جہان ہو رنج وہان معلوم راحت
نہین ای جہان جانی سی کچہ کام | وہان کیون جائی ای نیک انجام
موثر کسطرح ہوتی وہ تقریر | کہ ہر تدبیر پر غالب ہی تقدیر
دیہ کوفہ پہ آیا قصہ کوتاہ | کہڑا تہا وہان جو قدامہ سر راہ
کہا اوسنی نہین حکم در آمد | غرض اونمین ہوئی تکرار از حد
اوسی مختار نی ایک ہاتہ مارا | ہوا سر سی قدم تک وہ دو پارا
جو باقی تہی اونہین کر قتل یکسر | ہوا کوفہ مین داخل وہ دلاور
نشان امن تہا جس سمت بر پا | وہان زنہار کو مختار آیا

کہا نعمان نی ابن عمر سی … اگر مختار ہوتا اہل شر سی
نہ لیتا آج وہ تیری حمایت … تجہی لازم ہی اوسکی قدر و عزت
پی تعظیم عبد الله اوٹہا … اوسی نزدیک تر اوسنی بٹہایا
کہا اوسنی کہ ای مختار خوشخو … ملی یہان آنی سی زنہار تجکو
کرونگا مین عبیدہ سی یہ ظاہر … اطاعت کو ہو مختار حاضر
سنا جب یہ تو مختار جوانمرد … ہوا یون حرف زن بہر کرم سرد
ہوا شرمندہ مین سبط نبی سی … مجہی خجلت ہوئی روح علی سی
خدا کی دوست کو دشمن نی مارا … مرا دل خنجر غم سی ہی پارا
کیا صد حیف وہ دنیا سی ناکام … ہوئی خاص خدا کو ذلت عام
رہا افسوس باقی تا قیامت … نہ مسلم کی ہوئی مجہسی رفاقت
فقط اسواسطی آیا ہون مین یہان … اوٹہائین مدعی مجہ پر نہ بہتان
غرض خیمہ مین بٹہلا کر اوسنی دو … کیا پیش عبید الله بد خو
کہا تجکو مبارک ہو کہ مختار … تری خدمت مین آیا بہر زنہار

کیا خیمہ مین اوسکی جب وہ ظالم — عبید اللہ لعین کوفہ کا حاکم
کہا مختار سے ای فتنہ پرداز — علی کی دوستی سے دلکو رکہ باز
نہین تیری لئی بہی یہی منظور — نہو کا غیر حسرت کوئی دستور
کہا مختار نی ای بی حمیت — اگر شہ پر مری ہوتی طبیعت
حمایت مین کبہی تیری نہ اتا — تماشا ظلم کا تجکو دکہاتا
نہین مجبور ایسی ہم نی سقف — کہ میرا خون ہو ظالم تجہی وقف
نہین تیری بہی کچہ عزت مری کم — ابہی چاہون تو اک لشکر ہو باہم
خدا کا شکر کر ای ظلم گستر — بلا مین وقت بد مین تجہسی اگر
ہوا یہ سنکی ظالم کافر و قہر — خجل دل مین ہوا وہ فتنہ دہر
ملایم کچہ ہوا تہا وہ ستمگار — لگا بہکانی اوس کافر کو عمار
یہی مختار کا ہی وقت ذلت — نہ مانا آئیگا پہر ہنگام فرصت
ہوا پہر گرم وہ مردود کافر — لگا کہنی کہ سنتو ای مزور
تجہی جرات ہوئی یہ کیسی حاصل — کہ ہو بیحکم تو محفل مین داخل

کہا منذر

کہا منذر نے اوسکو ای بد اندیش / اوسی تیغ زبان سے کر نہ دل ریش

اگر تجھکو غرور مال و زر ہے / تو یہ بھی تو عبیدہ کا پسر ہے

کلام سخت کی قابل نہین ہے / یہ ایسی باتکا حامل نہین ہے

سفارش اوسکی عبد اللہ نے کی / ہو النعمان بھی اسطرح ساعی

مجھی فرمائی کہ پھر اتنا نہو کار / کہ عترت دار ہی شدت سی مختار

کہا ظالم نے ہی یہ مرد شیعی / محبت اسکی دلمین ہی علی کی

ابھی یہ ذکر تھا اونمین کہ ناگاہ / ہوا کوشک سی برپا نالہ و آہ

زن و فرزند قدامہ کی آئی / اوسی کشتونکی وہ لاشین دکھائی

ہوا اوس شیر پر وہ سگ غضبناک / یہ فرمانی لگا مختار بیباک

ہوا تھا سد رہ یہ کیون ہمارا / لڑا ہم سی اوسی ہمنی بھی مارا

کہا اوس نے کہ ای ملعون جاہل / ہوا کسواسطی اور وسکا قاتل

وہ یہ بولا تو ہی شایان لعنت / رہی گی تجھ پہ لعنت تا قیامت

کسیکو اسمین شک ہرگز نہین ہے / ستمگر تو لعین ابن اللعین ہے

لگا تہرانی غصّہ سی وہ بدذات
ادہری تہی سامنی چہینی لی داوات

لگائی اوسنی وہ اوسکی جبین پر
جبین شق ہوگئی اوسکی سراسر

وہ اودہیر کہینچ کر تلوار پہونچا
ادہر سی لشکر کفار پہونچا

چہپا وہ بیچا کو شک کی اندر
تمامی فوج کا نرغہ تہا اوس پر

غیبت حضرت مسلم بن [illegible]
[illegible]

بہر صورت کیا اوسکو گرفتار
ہوا تقدیر سی مجبور مختار

لکہوں اب سانحہ سطر رسالت
کہ دست اونپر ہو بہر شفاعت

حرم مین تہا وہ سردار عریان
دل مومن مین ہو جسطرح ایمان

یہ پہونچا حضرت مسلم کا مکتوب
ادہر تشریف لاؤ تم تو ہی خوب

سب اہل کوفہ شایق ہین تمہارے
کیا حضرت نی وہانسی کوچ بارے

سنی رستی مین مولا نی یہ اخبار
سمع مانی ہوا بی سروہ جرار

کیا حضرت نی لشکر کو فراہم
سنائی اونکو وہ اخبار پر غم

ہوا یہ منتشر حضرت کا لشکر
رہی صد کس سی بہی ہمراہ کمتر

کیا رخصت اونہیں حضرت نے خند — نہ ہرگز وہ ہوا [illegible]

سنا جب حال عبداللہ نقطر — ہوی وہ چشم [illegible] خون بستی بہ

وہ کوکا تہا امام دوسرا کا — ستمگارون نے سر اوسکا بہی کاٹا

عبیدہ کو ہوا جدم یہ معلوم — چلا مکہ سے کوفہ کو وہ معصوم

کیا حر کو اودہر اوسنے روانہ — کرے شبیر پر بند آب و دانہ

ہوا جو وقت وہ لشکر مقابل — ہوا یون حرف زن وہ شاہ عادل

حرم مین ساتہ میرے تم رہو حر — کرو وہ مجسے ظاہر جو ہے منظور

کہا حر نے کہ ای سبط پیمبر — چلو کوفہ کی جانب ہے یہ بہتر

کہا یہ سبط پیغمبر نے اوس سے — تری مادر تری ماتم مین بیٹھے

غریبونکو عبث دیتا ہے آزار — نہین جانے کا مین کوفہ مین زنہار

کہا حر نے کہ ای شاہ سرافراز — کیا اسوقت مینے پاس اعزاز

نہوتی وہ اگر بیٹی نبی کی — تمہاری مانکا لیتا نام مین بہی

یہ کہکر دور وہ اوترا وہانسے — کہا مخفی امام دو جہان سے

جدہر مسطور ہو جاؤ اودہر تم ۔ کہ اسدم خواب غفلت مین ہین مردم
دیا حر کو یہ کی حضرت نی ارشاد ۔ کہ ہو تو آتش دوزخ سی آزاد
چلی وہانسی تو آخر کم ہوئی راہ ۔ شہادت گاہ پر پہونچی سحر گاہ
غبار اک زرد اوس صحرای اوٹہا ۔ ہوا حضرت کا خاک آلودہ چہرا
اکر شاخ شجر کانی تبر سے ۔ لہو کی دہار جہوٹی اوس شجر سے
ہوی غمناک اہل بیت اطہر ۔ کہا زینب نی یہ بہائی سی روکر
نہ اوترو یہان کہ ہی یہ جای وحشت ۔ یہ فرمانی لکی خواہر سی حضرت
یہانسی اب کہین جانا ہی دشوار ۔ ہوا بار سفر سی مین سبکبار
مجہی اس دشت مین دیکہو کی غمناک ۔ مرا کافور اس صحرا کی ہی خاک
کہا زینب نی ہو معدوم دشمن ۔ کرو نہین زندگی دنیا مین تجہ بن
کہا حضرت نی ہی یہ خواہش رب ۔ سنان پر ہو یہ سر او شیر نہ زینت
یہ زینب سی بیان کرتی تہی سرور ۔ ہوا ناکہ نمایان ایک لشکر
کیا اتی ہی دریا کو محاصر ۔ ہوا سامان یہ مہمان کی خاطر

ہوئی جب بند دریا کی کناری — عمر نی سب سی پہلی تیر ماری
چلی فوج ستم سی اسقدر تیر — ہوئی مجروح سارنی فوج شبیر
یہ پوچھا اوس سی حرنی ای ستمگار — اسی توکب تلک دیویگا آزار
لڑائی ہی تجہی یا صلح منظور — ہوا یون حرف زن حر سی وہ مقہور
اسی آزار دونگا مین یہانتک — یہ سر پہونچی کا بس نوک سنان تک
سنی یہ بات اوسنی جب بتکرار — جدا اوسکی ہوا لشکر سی یکبار
ہوا سبط نبی کا جب وہ مہمان — معاف اوسکی ہوئی سب جرم و عصیان
اگرچہ تہا یہان قحط دم آب — ہوا کوثر سی وہ مہمان سیراب
ہوا سرگرم پہر ہنگامۂ رزم — حبیب ابن مظاہر نی کیا عزم
یہ رویا کہہ کی وہ زہرا کا جانی — رسول اللہ کی تہی ہم نشانی
جدا کر تن سی قاتل نی سر اونکا — حنا آسا سم توسن سی باندہا
سم توسن پہ سر لٹکتا تہا رحم — کیا گہوڑی نی اوس مردود کی رم
وہان آپ لایا اوسکو آخر — جہان تہی اوس سی سب آگاہ و باہر

لیا سر اور کیا اوسکو تہ خاک ہوا قتل اونکی ہاتہوں سی وہ سفاک
ہوئی انصار شہ کی جب تمامی رہی باقی وہ اولاد گرامی
چلی جسوقت فرزندان مسلم کہا حضرت نی یہ ہین تم سی نادم
تمہاری باپ کی ہین مجہ پہ احسان علی اکبر کی ہوتی تم ندو جان
کہا مسلم کی بیٹون نی بمنت ہمین ہوگی پیمبر سی ندامت
علی اکبر شبیہ مصطفی ہے نہو پاس ادب یہ ناروا ہے
او نہین رخصت کیا حضرت نی ناچار علی اپنی پدر سی وہ وفادار
پہر عبد اللہ جعفر کی جگر بند وہ دونو حضرت زینب کی فرزند
ہوی انکہونکی آگی قتل وہ ماہ کلیجی کو پکڑ کر رہگئی شاہ
جب اولاد حسن کی آئی باری عجب شبیر کو تہی بیقراری
وہ دن روز وداع مجتبی تہا جو مرنیکی لئی قاسم چلا تہا
پیمبر کا عمامہ تہا جو سر پر اوسی کہتی تہی شہ ہاتہونپہ رکہکر
الہی دی اسی ازرق پہ نصرت دعا کو وا ہوا باب اجابت

ہوا وہ ضرب قاسم سی دو پارا — کہا اکبر نی وہ ازرق کو مارا
گرا جب خاک کی اوپر وہ جانباز — سنی حضرت نی اور کنی کی آواز
گئی ہر چند وہان شبیر فی الحال — ہوا وہ شورش لشکر سی پامال
کیا تہا وہان جو اک دولہا نیا وہ — ہوا سائیدہ مانند حنا وہ
سراپا چور قاسم کا بدن تہا — گل تر کی روش ابن حسن تہا
ہوا شبیر کی انکہون مین اندہیر — بہتیجی کو جو دیکہا خاک کا ڈہیر
کہا حضرت نی ہاتہ اپنی اوٹہا کر — الہی قطع انکی نسل کو کر
گرفتار عقوبت ہون یہ ظلم — الہی تیری رحمت انسی ہو کم
پہری روتی ہوی وہانسی جو شبیر — کہا عباس نی ای شاہ دلگیر
ہوا دل فرقت احباب ستی تنگ — مجہی اس زندگانی سی ہی اب تنگ
نہین ہی زندگی مین کچہہ حلاوت — مجہی لد دو رنکی اجازت
لیا رخصت سی حضرت جو انکار — ہوا یون حرف زن عباس غمخوار
کہ مین جنگ جمل مین ای برادر — ہوا جب تشنگی سی سخت مضطر

کہا وہ ماجرا اپنی پدر سے
علی نے آہ کھینچی اک جگر سے

تلطف سے مجھے چھاتی لگایا
یہ شفقت کی کہ میرا دل بھرایا

کہی آنسو مری پاک اور کہا یہ
کہ کچھ مشکل نہین ہے ابتلا یہ

ترا بھائی جو سبط مصطفی ہے
خطاب اوسکا شہید کربلا ہے

کنارا کبھو اوس بھی نہ اوس دن
نہ ہو جب مین دن اب اوسکو ممکن

علی کی یاد رکھو یہ وصیت
کہ ہو نمین قدر یہ سبط رسالت

نہین یہ تشنگی عباس دشوار
وہان پانی نہ ہاتہ آئیکا زنہار

سنی بھائی سے اپنی جب یہ تقریر
ہوئی عباس سے مایوس شبیر

چلا جس وقت وہ شیر دلاور
سکینہ نے اوسے دی مشک لاکر

اگرچہ مشک کو دانتون سے پکڑا
مگر پانی سکینہ تک نہ پہونچا

وہ شقا بھی ہوا تشنہ دہن آہ
کمر خم ہو گئی کہتی تھی یہ شاہ

نہ انکھونمین رہا نور بصارت
ہوا جب یوسف شبیر رخصت

کوئی غم تھا نہ سخت اوس سے زیادہ
کیا اکبر نے جسدم وہ ارادہ

بھی

یہی تقریر تہی ابن علی کے ہمین حاصل زیارت تہی نبی کے
نہین بہیجا ہی مینی اس پسر کو رکہا ہی زیر تیغ اپنی جگر کو
مجہی اس رنج مین دی صبر یارب مجہی مرنا ہی اسکا ہجر یارب
مجہی اکبار پہر اوسکو دکہادی مجہی یوسف سی اپنی تو ملادی
ادہر الفت سی تہا سرور کا یہ حال ادہر تہا پیاس سی اکبر کا یہ حال
نہ تہی تاب عطش اوس خستہ تن مین زبان خشک تہی کانٹا دہن مین
کیا پیش پدر آخر وہ ناکام کہا ملتا اگر پانیکا اک جام
لڑائی فتح کرتی شام تک ہم بہگاتی کوفیونکو شام تک ہم
یہ فرمانی لگا وہ شاہ ابرار تری جد و پدر پر ہی یہ دشوار
طلب ویسی کری تو ساغر آب تجہی اسطرح سی دیکہین وہ بیتاب
نہین تیری طلب کچہ ایسی دشوار رضای حق سی ای اکبر مین لاچار
کہڑی ہین مصطفی بالای کوثر تری خاطر لئی پانیکا ساغر
پہر اوسکی منہ مین حضرت نی زبان دی کہا میری زبان سی ہی یہ سوکہی

بہلا کس طرح ہو نمین اس سی اسیر — نہین ہی نام کو بہی اسمین توان
پہر اوسکی منہ مین دی اپنی انگوٹہی — ہوئی اکبر کی کچہ اوس سی تسلی
چہپا جب شام کی بادل مین وہ ماہ — گری غش کہا کی روی خاک پر شاہ
یہ اوس اخبار کا کہتا ہی راوی — کہ اک عورت در خیمہ سی نکلی
رخ زرد گرچہ ماہ چاردہ تہا — ہلال آسا خراشیدہ سراپا
یہ کہتی تہی کہ اہی جانان زینب — تری قربان ہو یہ جان زینب
بہی دشوار ہی تیری جدائی — تری بدلی نہ مجکو موت آئی
یہ روئی نعش اکبر پر وہ مغموم — کہ چونکا غش سی وہ معصوم و مظلوم
بہن کو نعش اکبر سی اوٹہایا — کہا دی صبر زینب کو خدایا
در خیمہ پہ آیا پہر وہ سرور — گیا اصغر بہی کو دیکہین ہمک کر
گلوی خشک پر دیتی تہی بوسا — لگایا حرملہ نی تیر ایسا
ترازو ہو گیا گردن مین وہ تیر — ہوا سیراب کوثر سی وہ بی شیر
ہوی اصغر کی مرنی سی یہ غمناک — کہا شہ نی کہ اب ہی زندگی خاک

زینب بجا

دیا سمجھا و تو علم امامت — کہا سب نے کر و اسکی اطاعت

کہا زینب سی کیجو صبر خواہر — غنا و رنج مین مانند بادر

سکینہ سی کہا ای جان شبیر — جدا کرتی ہی تم سی مجکو تقدیر

بہانا تم نہ آنسو چشم تر سے — ملو گی جلد اس بیکس پدر سے

کہا کلثوم سی جب مین ہون بیجان — مری غم مین نکیجو مو پریشان

یہ بانو سی کہا ای کشتۂ غم — نہ کرنا وہ کبھی جو مجکو عالم

چلن اسکا خلاف خاندان ہی — جو اونمین صبر ہی اوسمین کہان ہے

وداع آخری کر کر وہ سرور — گیا اوس لشکر کین کی برابر

کہا لشکر سی ای قوم جفا کیش — نہین ہو نمین رسول اللہ کا خویش

ہوئی یہ بات سن زرد اک شقی سے — تجھی ہی کون سی خونسی نبی سے

کہا شبیر نی ای خالق پاک — کیا ہی اس شقی نی مجکو غمناک

اسی کر اوس عقوبت کا سزاوار — نہووی جس سی بدتر کوئی آزار

گرا گھوڑی سی اپنی وہ ستمگر — قدم تہا رتن مین اور سر زمین پر

وہ ظالم ایسا فرسودہ ہوا تھا کہ اوسکا عضو عضو تن جدا تھا
ہوئی نادم جو وہ قوم جفاکیش ہوا یون حرف زن شمر بداندیش
ترا تشنہ نہین کسپر عیان ہی مگر پاس زر و دولت نہان ہی
کہا لایا ہون مین یہ چند حاجت کرو اپنا مجھی ممنون منت
نہو تم سد رہ آب میری یارو کہین لیجاؤن مین اپنی حرم کو
کئی ہین ظلم مجھپر تمنی ہر چند مین اس ظلم و تعدی پر ہون خورسند
اگر یان خرچ بھی ہی تمپہ دشوار لڑو ایک ایک ای قوم جفاکار
ہزارون تم ہو اور تنہا ہی شبیر لگاتی ہو اسی ہر سمت سی تیر
اگر یہ بھی نہین منظور تمکو مین تشنہ ہون مجھی پانی پلادو
نہ کم ہو ویگا اک ساغر سی دریا کئی دنسی ہون بھوکا اور پیاسا
لگا کہنی خشونت سی وہ بیدین یہ پانی آب کوثر سی ہی شیرین
پدر تو ساقی کوثر ہی مشہور نہین اک جام کا بھی تمکو مقدور
کہا اوسنی یہ اوس مغبر نمانی مجھی قدرت یہ بخشی ہی خدانی

ابھی چاہون تو اودی جام کوثر — روان ہو چشمۂ آب اس زمین پر
یہ کہتی تھی کہ اک نوروش آیا — پیالا آب سی لبریز لایا
کہا حضرت نی مین کیونکر پیون آب — موی لب تشنہ میری یار و اصحاب
نہین محتاج پانیکا مین ای پیر — پی اتمام حجت ہی یہ تقریر
کہا اوسنی کہ ای دانای اسرار — ابھی تو آب کی تھی تم طلبکار
ہوا نازل مجھی یہ حکم داور — بہت مضطر ہی فرزند پیغمبر
اوسی تو جلد پہونچا اب لگا جام — پشیمان و خجل ہو لشکر شام
کہا حضرت نی دو انگلی اوٹھاکر — ذرا ای پیر تو دیکھ اسکی اندر
کہا اوسنی کہ دو چشمین ہین جاری — کہا شہ نی یہ قدرت ہی ہماری
وہ پانی سی جو تھا معمور ساغر — بھری اوسمین وہ خاک پاک لیکر
زر خالص ہوئی وہ خاک صحرا — یہ تھا اعجاز اوس معجز نما کا
وہانسی وو رہا ازبسکہ [illegible] — جو انکھین بند کین پہونچا وہان وہ
پھرا آیا زعفر جن پھر امداد — کیا شبر نی یہ اوس سی ارشاد

تجھی امت سی ہین کیونکر راون | مجھی منظور یہ ہی سر کٹاون
کہان زعفرنی پانی بہی نہی ہمراہ | پہو یک ساغر لبریز یا شاہ
کہا روزہ سی یہ مولا ہی تیرا | یہ روزہ حوض کوثر پر کہلی کا
ادہر تو وہ ہوا حضرت سی رخصت | ادہر تہا گرم بازار شہادت
کیا شمر لعین نی آہ وہ کار | ہوا وہ روز روشن تیرہ و تار
کہن بی مہر وہ کا نور کہو یا | فلک یک اربعین تک خون رو یا
اوہتا تہی زمین جب کوئی نظر | نظر اتا تہا رنگین مثل شنجرف
چراغ و شمع صرصر سی سوی گل | رہا چندی زمین کو بہی تزلزل
ہوئی دریا مین شورش مثل طوفان | لرزتی تہی بشر خائف تہی انسان
نہ تنہا بلکہ روتی تہی سجاد | طیور و وحش بہی کرتی تہی فریاد
وہ لشکر اور وہ قوم جفاکار | عقوبت مین ہوی یکسر گرفتار

ذکر جہد عبد اللہ ابن عفیف کہ جو تہی آل پیمبر با عبید اللہ زیاد ناپاک بیباک

جو انکہین بند کرتی تہی وہ مردم | نظر اتی تہی اونکو مار و کژدم

الو ابر

ہوا جب خاتمہ آل عبا کا
منادی یہ ہوئی کوفہ میں برپا

بزرگ و خورد ہوں مسجد میں حاضر
عبید اللہ ہی بالا ہی منبر

رئیس کوفہ تھا اک نیک انجام
جہان میں اوسکا عبد اللہ تھا نام

ہوا تھا گرچہ نابینا وہ پرفن
مگر نور خدا سی دل تھا روشن

کلام اللہ اس قراءت سی پڑھتا
کہ اوس سی سنگ کا دل آب ہوتا

امیر المومنین مولا ی قنبر
سنا کرتی تھی قرآن اوس سی اکثر

سنی ہرگز نہ اعمی میں مروت
بجز ابن عفیف نیک طینت

نہیں دیکھا کہ بہر خیر اعمال
جوان ہمت کوئی پیر صد سال

ہوا مسجد میں وہ جسوقت حاضر
یہ کہتا تھا عبید اللہ کافر

ثنا و حمد کرتا ہوں خدا کی
پہر اوسکی بعد اوسکی انبیا کی

امام وقت ہی اب حاکم شام
ہوئی ہی حجت حق اوسپہ تمام

دلیل دعوہ ہمکو یہ ظفر ہے
جدہر ہی رو ہی ہمارا حق ادہر ہے

ہوئی حجت ہمیں پر فتح پائی
کہ ہیں مخذول و نادم بوترابی

وہ باغی جو لب دریا تھا اوترا سنا ہوگا ہوا کیا حال اوسکا
اوسیکا سر ہی یہ نوک سنان پر وہ زینب ہی جو روتی ہی کھلی سر
برا کہنی لگا پھر وہ جفا جو عقیل و جعفر و شیر خدا کو
سبھون کو یاد کرتا تھا بدنام وہ مغضوب خدا مردید انجام
کبھی کہتا تھا وہ مردود دورا ہوا یہ انتقام خون عثمان
سنا اوس پیر نی جب شور منبر کہا ای کاش ہوتی گوش بہی کر
نہ سنتا میں زنا زادہ کی آواز کہا خاموش ہو ای بندۂ آز
یہ کس شبیر کا کرتا ہی مذکور وہ سبط مصطفی مبرور و مجبور
کوئی زندیق ہوگا وہ ستمگار کہ جسنے اوسکو پہونچائی یہ آزار
نہیں کاٹا ہی سر ابن علیؑ کا قلم اوسنی کیا ہی سر نبی کا
سر زینب سی چھینی جنی چادر گری بجلی نہ اوس کافر کی سر پر
غلط کہتا ہی تو ای نامسلمان کیا لشکر نی تیری اوسکو بیجا
کہا اوسنی وہی باغی ہوا تھا سپاہ شام نی کاٹا سر اوسکا

تو ہی عریانی زینب سی دلگیر
ہندہ ہی رہتی مین وہ غمخوار شبیر

تو اوسکی قتل سی ہوتا ہی حزین
حسد اوسکا ہوا پامال ایمان

ہوا وہ پیر یہ سنکر غضبناک
کہا ای ظالم بی پیر و سفاک

سوا اوسکی تہا کوئی ای ستمگر
شباب جنۃ ریحان پیمبر

نبی اوسکی لئی اشتر بنا تہا
وہ اکبر دوش پر اوسکی چڑہا تہا

خدا کی بعن ہی مشرک کی خاطر
نہین مشرک وہ اہل بیت طاہر

تو اوسکی قتل کی کرتا ہی شادی
ستمگر ہی یہ کیسی بد نہادی

امام اول و آخر کو مارا
کیا تو نی نبی کی دلکو پارا

یہ تیری زعم مین کر ای شقی ہے
تری عثمان کا قاتل علی ہی

ستمگر وای بر احوال عثمان
کہ قاتل اوسکا ہو وہ شیر یزدان

اودہر حق ہی جدہر ہے علی ہے
علی قاتل ہی جسکا وہ شقی ہے

ابوسفیان کی کرتا ہی ثنا تو
نہین آگاہ ان باتونسی کیا تو

نبی کی گوہر دندانکو توڑا
طریق بت پرستی کو نچہوڑا

امامت اوسکی خاطر کب روا ہے — زناسی جو کوئی پیدا ہوا ہے
امنیہ سی یزید روسیہ تک — سبہی ظالم سبہی فاسق ہین بیشک
اونہین کا خوشہ چین ہی تو ستمگار — بنا بعنت کا کرمن آخر کار
زنازادہ ہی تو بہی ای ستمگر — یزید روسیہ کے ہی برابر
ہوئی یہ کشمکش مسجد مین آخر — قیامت کی ہوئی آثار ظاہر
غلام اوس نیر کی نہصد جوان تہے — سبہی ستم سبہی شیر زبان تہے
ہوا یکتن مسجد مین جو یکبار — جماعت سی وہان پہونچی وہ جرار
وضو اونکا دم شمشیر سی تہا — خم خنجر سی کی محراب پیدا
اوٹہایا فاتحہ کو ہاتہ باہم — کیا انا فتحنا اوسنی پہر صنم
کئی تہی بہول سب وہ کفر بنیاد — اونہین تہا سورۂ تبت فقط یاد
پہر اونکی دلمین ولولہ تہا — فقط اک مد کا اونہین فاصلہ تہا
غلام اوسکی لڑی اس جہد و جد سی — ہوی زیر و زبر وہ شد و مد سی
بہی ہر ایک کا تہا عزم بالجزم — نہ مطلق کہبی موقوف ابزرم

پی صحت نہ تھی بد جراحت
ہوئی اغلظ ستم کارونکی صورت

ہوئی بقید ر مثل حرف باطل
گئی سب بھول اپنی قدر و منزل

جنہین دعوی تہی اپنی سرکشی کے
صفونکی طرح مسجد مین بچھی ہے

رہی مغرب تلک وہ جنگ درپیش
ہزارون مر گئی بیگانہ و خویش

عبیدہ نی کیا اونسی یہ وعدا
کہ اس اعمی کو مین کل چھوڑدونگا

غلام اوس پیر کی اپنی گئی گھر
کیا مسجد سی وہ قلعہ کی اندر

رہا تدبیر قتل پیر مین وہ
نسو یارات بھر تدبیر مین وہ

مشاورنی کہا اوس سی خبردار
نکیجو قتل اسی زنہار زنہار

مظفر آئیگا تو ہرگز نہوگا
یہ فتنہ پھر فرو ہرگز نہوگا

ہوئی تہی دو ہزار اوس پر بچان
تلف ہونگی ہزارون پر مسلمان

بہت دشوار ہوگا اوسکا انجام
سمجہ کوفیکو باب فتنہ شام

یہ سنکر اوس لعین نی سر ہلایا
اوسی پھر سامنی اپنی بلایا

کہا ای رافضی نامسلمان
اسی خاطر بتا تہا تو نی قرآن

کری تیغ زبان سی سبکا ذکر بس — تری اب دیکہ کیا آتا ہی درپیش
کہا اوسی کہ ای ملعون بدکار — یہ باتین تیری حق مین ہین سزاوار
کہ تو کرتا ہی سب آل حیدر — نہین ظالم کوئی تجسا ستمگر
ہوا ہی تجسی زہرا کا جگر چاک — نبی تیرا ہی تجسی سخت غمناک
اگر ہی رفض حب مرتضی مین — خدا مین ہی نبی مین اوصیا مین
مری بخشش ہی ظالم اسی مگر — نہین ہون خارجی تجسا مین لیکن
ڈراتا ہی مجکو ای ستمگر — تصدق جان یہ سبط نبی پر
طلبگار شہادت ہون مین واللہ — مجہی اس زندگانی سی ہی اکراہ
مرا سر ہی اگر تن سی قلم ہو — غم سبط نبی دلسی عدم ہو
بہرا بیٹہا تہا غصہ مین وہ بی پیر — ہر آشفتہ ہوا سنکر یہ تقریر
ہوا ہرگز نہ ضبط اوس سی بجا نے — کیا خستہ اوسی چوب عصا سی
یہ دیکہی اوس نی جرا سکی جو کردار — ہر آشفتہ ہوئی وہ برہم یکبار
کیا راضی سبہونکو پہر نہ تدبیر — کہا زندان مین اوسکو بازنجیر

گئی دنسی جو برپا شور و شر تہا
عسس کو اونسی یہ احکام بہیجا

جہان مفسد ہوا اوسکو وہانسی لاؤ
کرو تاراج اور وہ گہر جلاؤ

جسی غمناک دیکہو بہر شبیر
کرو مانند عابد پا بزنجیر

عسس کا ظلم تہا اوس سی زیادہ
ہوا برپا دہر صاحب ارادہ

رہی جو بند غم سی بی تعلق
وہ تہی و عبدرحمان ایک طارق

بزرگی مین وہ ہر یک نامور تہا
سعید اسکا زہیر اوسکا پدر تہا

ہوی جب متفق تینون وہ دلدار
مثلث کا ہوا اک نقش طیار

گئی کچہ شب تو وہ جرار نکلی
دلیرانہ سر بازار نکلی

ہوا جو سدرہ یون اوسکو مارا
نہ اپنی ساتہیونکو وہ پکارا

جو بسمل ہو تو دیوی کچہ صداوہ
لگی تلوار جسپر دو ہوا وہ

مگر تہا سنگ سرمہ اوسکا دمساز
ہوئی کہانی سی اوسکی بند آواز

وہان آی مقید تہا جہان وہ
کمندین ڈالکر پہونچی وہان وہ

تلاش میر مین تہی وہ سرافراز
سنی قرات کی یک حجرےسی آواز

کیا جبرئیل دروازیکو جب وا — وہ یہ سمجھا کشندہ ان پہونچا
کہا پہلی تو اقرار شہادت — پھر اوسکی بعد توصیف رسالت
ہوا جب ردّ و بقبلہ وہ مسلمان — کہا اوسنی کہ مین ہون عبدرحمان
کہا کسطرح آیا ای پسر تو — کہین ایسا نہو کہنیچی ضرر تو
عبیدہ رات بہر رہتا ہی بیدار — نہین ہوتا ہی غافل وہ ستمکار
کہا تلوار کہینچی اوسکے سر پر — کہڑا ہی عبدرحمان ڈلاور
کچہ اندیشہ نہین ای نیک انجام — کہڑا ہی طارق پردل لب بام
تہ دیوار ہی اک فوج معقول — عمل ہونگی تری ایمرد مقبول
اوسی آغوش مین جسدم اوٹہا — لہو مین سر بسر آلودہ پایا
ہوی تینون جوان اوسکے برابر ساتہ — فرو لائی اوسی تدبیر کی ساتہ
اوسی پہونچا کی گہر مین وہ دلاور — ہوی سارہ بہر کوفہ کی اندر
سر دشمن پہ یہ شبخون مارے — خیابان چمن کو جی تہی سارے
گل تازہ تہا ہر فرق بریدہ — وہ سارا شہر تہا باغ رسیدہ

ہو مین

لہو مین تر بتر کشتی تہی بالکل
نظر آتی تہی ہر سو حرمن بن

پہری ہمین ہم بہت باغ جہان مین
بہار ایسی نہین دیکہی خزان مین

قلم ہوتا ہی فصل دی مین گلزار
ہوئی فصل بہاری اونکو تلوار

اونہون نی تہا جو باغ دین اوجاڑا
یہ کل پہولا اوسی ظلم وستم کا

وہ عمرو ابن حارث شحنۂ شہر
جفاکار وستمگر فتنۂ دہر

لیی فوج مسلح اور مکمل
ہوا ناگاہ طارق کی مقابل

وہ نعرہ یا محمد یا علی کا
سماعت مین جو اون کی ہوتی ہی پہونچا

وہین آکر ہوی طارق کی ہمراہ
لگی ہونی لڑائی حسب دلخواہ

غلام اوس پیر کی بہی جلد پہونچی
کیا نرغہ مین اوسکو سب طرف سی

قیامت کی نہ تہی اونمین کچہ ڈہیل
صدای بوق تہی صور سرافیل

ہوا تہا عرصۂ محشر وہ بازار
پدر کو تہا نہ پسر کا غم نہ زنہار

عجب اون بیسرونکا تہا تماشا
جسی دیکہا وہان وہ لوٹتا تہا

لڑائی سی جو اوسنی دل چرایا
انہون نی دام عیاری اوٹہایا

ہوا آگاہ جب وہ ظلم بنیاد ہزاروں ہوئی یکشب مین برباد
او ترا وہ صید بسمل صورت تیر اوسی جسنی کیا تہا پا بزنجیر
عبیدہ کو ہوئی شرم و ندامت سراسر رنج سر تا پا خجالت
کیا کوفہ سی بصریکو وہ سفاک سنا جسنی کہا خس کم جہاں پاک

شہادت یافتن عبداللہ ابن جعفر دست لشکر ابن زبیر بنا بر کینہ

گیا بصرہ مین جب وہ مرد گمراہ بطور تاخت آئی فوج ناگاہ
یہان ہونی نہ پایا جمع لشکر کہ یہ اوس فوج پہ ہوتی مظفر
غلام اوس پیر کی اور وہ اقارب ہوی تہی جنگ کی جو پہلی طالب
ہوی اونکی مقابل بی محابا وہ تہوڑی تہی لڑی لیکن بہت سا
ادہر ہوتا تہا لشکر دمبدم کم چلی آتی تہی اونکی فوج پیہم
ادہر نامی تہی جو دو چار سردار ہوی آخر شہادت کی طلبگار
غلام اوس پیر کی سب کام آئی رخ و پہلو پہ تیغ و تیر کہائی
حبش کے تہی غلام اونمین جو اکثر جہلکتی تہی وہ لاشی مثل عنبر

ہوی

ہوئی بہی سقدر زخمونسی شرار | کہ ہر زخمکی بخیہ تہا رشک گلزار

ہوا اوس پیر پر جسدم نہ ظاہر | کیا عزم جہاد اوسنی بہی آخر

درخانہ پہ آیا وہ دلاور | حرم مین تا نہ آئین وہ ستمگر

نہ تہا فرزند کوئی اوس ولی کی | جہاد و رزم سی جو اوسکو روکی

یہ حال اوسکا جو اوس دختر نی دیکہا | کہ جسکا نام ام عامرہ تہا

کہا اوسنی پدر سی ای کہن پیر | اجازت دی کہ کہینچون اب یہ شمشیر

کہا اوسنی کہ ای پاکیزہ دختر | نہین واجب جہاد و رزم تجہ پر

خلاف شرع ہی یہ تیری جرات | تجہی کسطرح سی مین دون اجازت

مجہی ہرچند بینائی نہین ہے | بدنمین بہی توانائی نہین ہے

لڑونگا ان ستمکارونسی تنہا | رہی گا تا قیامت ذکر اوسکا

غرض آئی جدہر سی وہ ستمگر | اوسی آواز دیتی اوسکی دختر

وہین ابن عفیف نیک کردار | گراتا خاک پر اونمین سی دو چار

لڑا ایسا ہی اونسی وہ مسلمان | کہ وہ کافر ہوئی جرات پہ حیران

غرض ہشتاد کس کو اونی مارا | ہوا تیر ونسی یہ بہی پارہ پارا
بشہد اخر ہوا وہ نیک اختر | کیا سر کو فدا سبط نبی پر
لکہی ہی بعض راوی نی یہ اخبار | لڑی وہ ام عامر بہی کئی بار
رقم اوس واقعہ کا ہی یہ احوال | کیا جب خانۂ طارق کو پامال
سکینی خر طارق کو پکڑا | کیا ظالم نی اوس سی بدارادا

اغاز داستان مسعد ابن عامر و لڑنا اور بیعت عبداللہ ابن زیادہ

وہ کرتی تہی خدا سی استغاثا | کہ اوسکو ام عامر نی چہڑایا
سیہ پوشان بزم اہل ماتم | بیان اسطرحسی کرتی ہین ماتم
ہوا جب قتل وہ سبط پیمبر | جبین ابن بتول و جان حیدر
سرور جان زہرا زیب سینہ | غریب کربلا شاہ مدینہ
شفیع نوع آدم ثانی نوح | ہوا جبوقت وہ مقتول و مذبوح
پہرا کوفہ کو وہ کوفہ کا لشکر | سر شبر کہ نوک سنان پر
اسیر ظلم تہا وہ سرو آزاد | جسی کہتی تہی خلقت زین عباد

جبیر

عبید اللہ نے کی یہ منادی
خوشی گہر گہر ہوا ور گہر ہو شادی

جسی اس غم سنی ہم دیکہین لکہیر
زکہین کی وسکی سر کو زیر شمشیر

سنی جب کوفیون نے یہ منادی
ہوی وہ بہیا مصروف شادی

دف و نی کی صدا ہر ایک جا ہے
ہر اک گہر مین ترانہ کی صدا ہے

جنہین شبر کی تہی یادگاری
بسانِ شمع وہ کرتی تہی زاری

ہوی تہی سر بصحرا اونمین اکثر
کیا تہا غورتون نی ترک شوہر

جگر کتنون کی تہی غم سی دوپارا
کیا بعضون نی دنیا سی کنارا

دف و نی کی سدا سی تہی وہ بیزار
اونہین آہ و فغان سی تہا سروکار

اونہین اشخاص مین تہا وہ خوش انجام
عمیر ابن عامر جسکا تہا نام

کیا کرتا تہا وہ تعلیم اطفال
ثواب حج اوسی حاصل تہا ہر سال

بیان اسطرح کرتا ہی ابوذر
معلم ایکدن مکتب کی اندر

غم شبر سی بیٹہا تہا خاموش
ہوا اک شخص وارد مشک بر دوش

دیا اوسنی اسی اک جام بہر کر
ہوا اوس جام سی یہ او مضطر

وہ شاہِ تشنگان ایا اوسی باد   لب دریا ہوی تہی جسی چباد
کیا دل سی شکیب و صبر و آرام   ہوا لبریز خون سی چشم کا جام
امیر شام پر کی لعن اوسنے   بہیع و شیت پر کی طعن اوسنے
اوٹہای اوسنی پہر سوی فلک ہاتہہ   دعا یہ کی کہ ای قاضی حاجات
رہین شایان نفرین وہ ستمکار   وہ شاہِ تشنگان ہی جن سی بیزار
وہ شقا بہی ہوا محزون و حیران   چلا اون ظالمون پر لعن گویان
ملا اوس قوم کی خویش و برادر   بدل مصروف تہی اوس گفتگو پر
ہوا ابن انس اوس پر غضبناک   لگا کہنی تری منہ مین پڑی خاک
کہی ہمکو برا یون بخیط تو   کری لعنت امیر شام پر تو
تجہی ہم رزق دین تو بد دعا دی   سزا کفران نعمت کی خدا دی
ہوا وہ پیر ان باتونسی حیران   کہا کرتا ہی کیون یہ مجہ پہ بہتان
پدر کی یاد نہین اوسکو بہی کہ تب   [illegible] وہ بہلا دین اوسنی باتین
ہوا مکتب سی وہ فتنہ جو باہر   طمانچہ اونسی کیا نیلا رخ و[illegible]

ملی آستین آنکھونپہ ہر بار ہوی اوس بدگہر کی چشم خونبار
شگاف اوسنی کئی بوہرن مین کہ جیسی چاک ہوتی ہین کفن مین
کیا اس نخل سی آگی پدر کی یہ دیکھی طور جب اوسنی پسر کی
کہا اوسنی کہ مجکو جلد بتلا کیا ہی کسنی یہ احوال تیرا
پدر کو دیکہکر اپنا مددکار کیا وہ راز پنہان اوسنی اظہار
عمیر سنگدل نی سبب آج کیا ہی روز کو میری شب داج
امیر شام کی جو ہین ہواخواہ تیرا اونپہ کرتا ہی وہ ہر گاہ
ہوا جب تیر لعنت سی دل افگار یہ مینی اوس سی کی البتہ تکرار
ملی جنکی سبب سی تجکو عزت اونہین کہتا ہی بدکفران نعمت
کلام سخت اوسکو تلخ گذرا کیا اوسنی پریشان حال میرا
سنی یہ نقل کو ظالم نی جس دم ہوا غصہ سی اوسکا غم عالم
یہ اوس مردود کو جوش غضب تہا لبان سگ گزیدہ لب بلب تہا
غرض اوس سگ بچہ کو ساتھ لیکر ہوا حاضر عبید اللہ کی در پر

سنایا حاکم بیدین کو وہ حال
ہوا یہ حکم اونکو تہی جو حاضر
کہون کیا ظلم اوس قوم جفا کا
ہزار افسوس عشق پنج تن سے
غرض بیجرم کو مثل گنہ کار
کیا وہان لاکی حاضر اوسکو فی الفور
ہوا یون حرف زن اوس سی وہ ظلم
ہوا ہی کون سادہ کفر سرزد
بہی نہ ساقی کوثر کا فرزند
اگر وہ جانشین مصطفی تہا
بندہی رسی مین کر دخت علی ہے
تجہی شبیر کا تہنا ہے ماتم
یہ باتین سنکے وہ مرد لاور

جو اوس مردود پر گذرا تہا احوال
پکڑ لاؤ جہان ہو ابن عامر
ملا منہ خاک پر اوس پارسا کا
بندہی شانہ پہ ہاتہ اوسکی رسن سے
چلی ازار دیتی وہ ستمکار
باین ذلت باین خواری باین طور
کہ ہین شایان نفرین کسطرح ہم
جو فوج شام کو کہتا ہی تو بد
ہوا مقتول آپ اوسپر رہا بند
پڑی ہم حکم حاکم سی ہمین کیا
رسن اوسکی گلی مین بہی پڑی ہے
وہ صدمہ ہو کہ رووی تجہ پہ عالم
ہوا یون حرف زن ای ظلم گستر

ڑی

تری عقل و فراست سے ہی یہ دور
رکہی تو قول اس مردک کا منظور

نہین پڑتی یہ مایل یہ سنیہ کار
ہوا ہی مجسی اس حیلہ سی بیزار

تعجب ہی جو یہ تجھکو یقین ہی
فقط بہتان ہی اور کچھہ نہین ہی

سنی ہو اور نہ بہی کریہ تکرار
مین ہون البتہ مجرم اور گنہکار

عبیدہ کو نہ آیا کچھ ترحم
کہ مایل ظلم پر ہی خوی کژدم

اوٹھا دست ستم مین سنگ لیکر
لب و دندان پہ مارنی اوسنی تہر

کہ تہبری توری بیجا نی
کیا یہ ظلم مردود خدا نی

کیا کرتا تہا وہ مجروح و خستہ
نبی کا یاد دندان شکستہ

سراپا ہو رو ظلم و ستم تہا
حباب آسا بدن پہری ورم تہا

وہان لیجا کی پہر اوسکو کیا بند
جہان سرداب مین مختار تہا بند

چہپا ظلمات مین وہ آب حیوان
دل انسان مین ہو جسطرح ایمان

ستمگر کی زبانی ہی یہ مذکور
بندہی تہی دست و پا میری بدستور

مجہی اوس چاہ مین لیجا کی ڈالا
نہ پہر غرفہ نی جبکی سر نکالا

بسان گور ظالم تیرہ و تار کنوان تہا یا وہان اژدر دمار
شب تیرہ سیاہی اوس سی لی وام نہ ظاہر صبح ہوتی تہی نہ وہان شام
رہا مین دیر تک حیران و ششدر کہا میرا قدم پہرا اوسکی تہ پر
جو اس رفتہ جب آئی تہکانی کیا غمگین مجہی پہر اس صدائی
خداوندا مجہی اس چاہ غم مین رکہیگا کب تلک دردو الم مین
مے کلفت سنی رکہ مجکو نہ مدہوش عروس مدعا سی کر ہم آغوش
برائی حضرت شبیر و شبر مجہی اب رکہ نہ اس زندان کی اندر
سنی اسطرح کی مینی جو تقریر غم شبیر نی کی دلمین تاثیر
ہوئی مجکو تلاش یوسف چاہ لیا بس کاروان آہ ہمراہ
اوسی دیکہا تو نور انکہون مین آیا جسی مین ڈہونڈہتا تہا اوسکو پایا
نکلر دیکہا یہ مینی اوسکا اسلوب وہ یوسف زار ہی مانند یعقوب
نہایت ناتوان شدت سی بیمار گل تر کی روش سب جسم افگار
نہ تہا کوئی شریک رنج و بیداد پر اک زنجیر یا کرتی تہی فریاد

اوسی

اوسی مینی بطور اہل اسلام — کیا بعد سلام از ای نیک فرجام
ہوئی ہی کو تمہی وہ تجھسی تقصیر — کہ جسکی تونی پائی ہی یہ تعذیر
مجھی بہی حال سی کر اپنی آگاہ — کہ تیرا ہون شریک نالہ و آہ
نہ بیگانہ سمجھ مین آشنا ہون — غلام خاندان مصطفی ہون
سنا جب یہ پیام درد آمیز — ہوا درج دہن بہی یون گہر ریز
بہ عشق آل احمد ہی گرفتار — غلام احمد مختار مختار
نہین کچہ جرم ہون تقصیر ملکی — عبید اللہ ہی مجہ پر غضبناک
مرا جو حال تہا اونی سنایا — شہ بیکس کا جب مذکور آیا
شہادت کی سنی مجہسی جو اخبار — زمین پر اوسنی ٹپکا سر کئی بار
کئی دن تک رہا مختار غمناک — یہی کہتا تہا اب ہی زندگی خاک
غم مسلم سی تہا میرا جگر ریش — کیا قسمت نی کیا یہ رنج درپیش
مجہی امید تہی وہ شاہ والا — رہا اس قید سی مجہکو کریگا
ہوئی تدبیر کی برعکس یہ بات — کیا اعدا نی اوسکو قتل ہیہات

کہا مینی که ای یار وفادار
سنی ہی مینی بشیر مینی یه اخبار

قصاص خون تو اعدا سی لیکا
جفا پیشونکو تو آزار دیکا

کتابون سی بہی ہوتا ہی یه ظاہر
که تو اس قوم پر ہو ویکا قادر

وه مخزون مجتبی یه سنکر ہوا خوش
کہا تجکو رکہی تیرا خدا خوش

[illegible] عبید اللہ زیاد سے

تسلی وه کبہو کرتا تہا میری
کبہی دیتا تہا مین اوسکو تسلی

پہر اوس قصه کا یه کہتا ہی راوی
عمیر باوفا کی اک بہتیجی

عبید الله کی گہر مین تہی نوکر
وہی تہی دایه دخت ستمگر

سنا اوسنی چچا کا جب یه احوال
رخ ورد اوسنی غم سی کیا لال

کیا زلفونکو سرتا سر پریشان
ہوی وه شمع کی مانند گریان

جب اوسنی اپنی یه صورت بنائی
لگی وه رونی جسکی مرضعه تہی

یه طفلان رضاعی کا ہی اطوار
که اپنی دایه کی ہوتی ہین غمخوار

جب اوس دختر نی پوچہا باعث غم
کہا اوس مومنه نی قصه غم

کہی

کہ جینی افزا او سے پر لیا ہی — سزاوار جفا وہ بی خطا ہی

نپوچہو تم جو گذری اوسپہ بیداد — ذر و ندان ہوی تہرسی برباد

گئی مشیر پدر آخر وہ دختر — کہا اوس سی کہ ای بیداد گستر

معلم سیری دانی کا چچا ہے — جسی محبوس زندانمین کیا ہے

بجرم تہمت طفل ستمگار — کیا ہی مرد دانا کو گرفتار

اگر بالفرض ہی وہ اہل تقصیر — اوسی اب قید سی تو رکہ نہ دلگیر

اوسی از بس تہی اوس دختر کی خاطر — دیا یہ حکم اونکو تہی جو حاضر

بلاو ابن حجاج لعین کو — ہوا حاضر وہ اور چوما زمین کو

وہ دربان تہا سرای بجیا کا — وہی مالک تہا اوس دوزخ سرا کا

کہا یہ حکم زندان بانکو بیجا — عمیر ابن عامر کو اسبہے لا

اوسی پہونچا یہ جب دم حکم حاکم — کہا مختار نی سن ای معلم

مبارک ہو تجہی اپنی رہائی — جو تیری آرزو ہی وہ بر

تجہی اللہ نی یہانسی نکالا — چہڑایگا مجہی بہی حق تعالے

مرا اک کام ہی تجسی اگر ہو — کسی دن پہر یہان تیرا گذر ہو
وہ کچہوائی جہان دیدہ کوئی فن — کہ پہونچی مجکو اسباب نوشتن
نہ زندانبانسی کیچہ دلمین وسواس — ہماری آبرو کا ہی اوسی پاس
سنیگا وہ اگر تجسی یہ روداد — اعانت وہ کریگا بلکہ امداد
کوئی نامہ اگر دیوی وہ وفادار — مدینہ تک اوسی پہونچانا ای یار
وہ خط پہونچی اگر ابن عمر تک — رہا ہو قید سی مختار بیشک
ہوا یہ سنکی کریان وہ معلم — کہا مختار سی ہون تجسی نادم
رکہی اس قید مین تجکو مقدر — مجہی روز رہائی ہو میسر
یہی مذکور اونمین تہا کہ ناگاہ — کشادہ ہو گیا فصل در چاہ
وہ زندانبان کہ نام اوسکا تہا سبحان — سمجہتا تہا وہ اون دونونکو مہمان
اگرچہ وہ شبان زادہ تہا باہوش — اوسینی اون اسیرونکو کہا خوش
معلم سی کہا ای نیک محضر — ہو الطاف عبید اللہ تجہپر
کہڑا ہو ساتہ میری چل یہان سی — اوٹہا رخت اقامت اس مکان سی

کہ مختار

کہا مختار نی ای صاحب ہوش — نکیجو اوس نصیحت کو فراموش
کیا دلکیطرف اوسنی اشارا — کہ اسیر نقش ہی کہنا تمہارا
ہوا جب آگہی جوان نا پدیدار — سکندر کی طرح حیران تہا مختار
غرض جب اوسکو لا ئی پیش حاکم — ہوا یون حرف زن اوس سی وہ ظالم
ہوا اپنی زبان سی تو پشیمان — بہلا ہو کا کوئی تجسا بہی نادان
نہو کسطرح شایان آذیت — کہی جو واجب الطاعت کو لعنت
اوسی کمرہ کہی جو رہنما ہو — پہر اوسکی عزت و توقیر کیا ہو
نہین تو نی پڑہا جو ہوا اولی العزم — کہ واجب ہی اطاعت منع ہی رزم
معلم نی کہا ای بندہ پرور — کیا یہ عہد مینی بار دیگر
رکہون مکتب نشینی سی نکچہ کار — رہون بار علائق سی سبکبار
نہ آئی پہر مری عزت پہ کچہ حرف — یہ باقی عمر کعبہ مین کرون صرف
غرض رخصت ہوا وہ مرد دیندار — دی اوس مارتی کچہ اوسکو دینار

[illegible]

بیان کرتا ہی راوی یہ روایت | اوسی زوجہ سی تہا خوف خیانت

بجنب مصلحت وہ مرد پرفن | ہوا دشمن سمجہ کر اوس سی بدظن

نکالا زوجیت سی اوسکو باہر | ہوا آزادہ وہ مرد دلاور

ہوئی جب اوسکی کہر سی وہ بدر دور | اوسی اکدن ہوئی یہ بات منظور

خدا کی نذر کا کہانا پکایا | ہر اک مومن کو وہ اوسنی کہلایا

ہوی آثار ظلمت جب نمایان | کئی لبریز کہانی سی کئی خوان

گیا وہ نیکی زندان بانکی خاطر | اوسی باپانہ اپنی کہر مین حاضر

بلایا پہر کسیکو اوسنی ناچار | دیا کہانا سعہ پنجاہ دینار

ہوا رخصت یہ کہکر وہ خوش انجام | عمیر ابن عامر ہی مرا نام

مری کہر آج تہی شادی کی تقریب | ہی [illegible]

تبرک ہی یہی کہانا زر وای | ن [illegible]

وہ زعفران بال جو اپنی کہر مین | [illegible]

ہوا وہ اپنی دلمین خرم وشاد | دعای سیر [illegible]

اوسی سامان سی وہ مرد مومن — گیا جب اوسکی در پر دو سہ دن

ابہی در پر نہ دی تہی اوسنی آواز — کہ اندر سی نکل آیا وہ ہمراز

کہا اوس نی کہ ای یار وفادار — نہین مجہسی ہوا ایسا کوئی کار

جو تو یہہ کری مر ہون منت — مری لائق جو ہو لی مجہسی خدمت

مجہی سوگند ہی اپنی خدا کی — قسم ہی اوس رسول دوسرا کی

کبہی تیرا نہو کا راز افشا — تری ایذا ہی مجکو اپنی ایذا

کہا اوس نی کہ ای پیر خردمند — رہی محتاج چاہ غم [illegible] تا چند

تری کوشش سی یہ چندان بہین دور — مین ہون اس کام مین البتہ مجبور

[illegible] — [illegible] بن

[illegible] — [illegible] ای کہین [illegible]

[illegible] — تجہی [illegible] لیجلو نکا

[illegible] — کہ جسپر بند ہو دی آب و دانہ

[illegible] ہوی وہ آخر کار — جنہین حاصل ہوی تہی اوس سی فنا ر

تری خاطر سی ای پیر جہانگرد | نہین ہی جانکی جانیکا کچہ درد

تجہی منظور اگر یہ امر ہی یار | نہین اسکی سوا تدبیر زنہار

کسیدن خوب سا کہانا پکاکر | یہ مجہسی عرض کر زندانمین آگر

کیا تہا عہد مینی یہ خدا سی | اگر زندہ چہٹونگا اس بلا سی

کرونگا مین نگہبانون کی دعوت | سو یہ موجود ہی خوان ضیافت

تبرک جانکر تم اسکو کہاؤ | اسیران جفا کو بہی کہلاؤ

نہین آتا نظر خورشید بہی ہان | کہ سمجہین وہ اسکو گردہ نان

ہوی راضی اگر وہ اپنے یار | کسی شی کا نہین ہوبچانا دشوار

عرض اوسنی سنی جبدم یہ تقریر | بعلم کو خوش آئی اوسکی تدبیر

ذکر حیلہ و کردار بعلم بزرگوار انصار [illegible]

گریبان سحر جبدم ہوا چاک | بموجب مصلحت وہ اہل ادراک

ہوا طیار نئی دعوت مین مصروف | غم واندوہ دستی کرکی موقوف

لگی کہانی سی پر اوسنی کئی خوان | کہ جسسی ہو معطر روح انسان

لائی

رکہی ہر خوان مین اوسنی بدستور | انار و ناشپاتی سیب و انگور
کسی مظرف مین اوسی بصد فن | رکہا پوشیدہ اسباب نوشتن
وہی جو طور تہا اوسنی بنایا | اوسی انداز سی زندان مین آیا
حفاظت کو معین تہی جو انفار | دئی اوسنی ہزارون انکو دینار
اونہین جب کر چکا ممنون احسان | گیا وہ مرد مومن پیش سبحان
کہا اوسنی بنت ای نکوکار | یہی تیری لئی ہی بہر مختار
بجب مصلحت وہ مرد عاقل | ہوا اس خشم سی اوسکی مقابل
کری صید کبوتر جسطرح باز | یہ چلایا ہوئی بند اوسکی آواز
کیا ہر طرح سی اوسکو پریشان | کبہی دامن کبہی کہینچا گریبان
کبہی غصہ سی اوسنی کی یہ تقریر | ہوا ہی تو مخبط ای کہن پیر
ترا کہتا نہین ہرگز کرونگا | تجہی پیش عبیدہ لیچلونگا
اوسی پہونچا ای کیونکہ یہ کہانا | کہ جسپر بند ہووی آب و دانہ
کفیل اوسکی ہوی وہ آخر کار | جنہین حاصل ہوے تہی اوس سی دینار

کہا سبحان سی کیون کرتا ہی تکرار ۔ نہین ہی کچہ قباحت اسمین زنہار
وہ کرتا اس سخن کو کس لئے رد ۔ بحسب مصلحت تہی اوسکو یہ کد
اونہین اپنا سمجہ کر شامل حال ۔ در زندان کی کہولی اوسنی اقبال
معلم نی دیا اوسکو وہی خوان ۔ کہ جسمین خامہ و کاغذ تہا پنہان
دکہا کر اوسنی اون سبکو بتکرار ۔ کیا مختار کو پہر اوسکا مختار

ذکر حال سبحان کو کا [illegible] و [illegible] ہوا داری [illegible]

لکہا تونی بہی کہا یا وہ کہنا ۔ معلم بہی ہوا وہان سی روانا
وہ زندانبان جو تہا مرد خوش آئین ۔ غم اولاد سی رہتا تہا غمگین
اوسی فرزند کی ازبسکہ تہی چاہ ۔ کیا اک روز وہ صحرا مین ناگاہ
نظر آیا اوسی اک طفل نادان ۔ انگوٹہی چوستا تہا جای پستان
لیا دلگی طرح سی اوسکو بر مین ۔ اوٹہالایا اوسی صحرا سی گہر مین
غرض ماباپ کی لطف و کرم سی ۔ ہوا جب نوجوان ناز و نعم سی
طریق نیک کو بہولا وہ بدخو ۔ ہوا دختر پہ سی عشق اوسکو

پہ دیکہا

یہ دیکھا اوس حرامی کا جو نیرنگ — بدر اوس سی ہو بیزار و دلتنگ

کہا یہ اوسنی زوجہ سی کہ ای زن — مری غیرت کا ہی یہ شخص دشمن

خلاف شرع ہین سب اسکی اطوار — نہین ہی پاس عزت اسکو زنہار

اوسی از بسکہ الفت تہی بسر کی — ہوئی وہ ناقص العقل اوسکی ساعی

وہ مردک بسکہ مجہول النسب تہا — شرافت سی تعلق اوسکو کب تہا

ہوئی جب پیش تیغ سعلم — کیا پیش عبید اللہ وہ ظالم

برای حاجت دنیای فانی — کیا اظہار وہ راز نہانی

کہ بی حکم خداوند سیہ کار — ہوا سجان کفیل کار مختار

ہوا سنتی ہی وہ بدخواہ عالم — سراپا شعلۂ نار جہنم

سمجہکر ایکو آونیر زبردست — در زندان پہ آیا وہ خرمست

وہ زندانبان کہ تہا عزت کی لائق — ہوئی اندا سی درد اوسکو لاحق

ہوا صد چاک جب اوسکا تن پاک — کہا اوس بیحیا سی ای غضبناک

نہین کرتی اوسی اسطرح دلریش — جسی دیتی ہین عزت ای جفاکیش

خطا ہی کونسی تقصیر کیا ہے | اگرکچہ جرم بہی ثابت ہوا ہے
ہوا یون حرف زن اوس سے وہ گمراہ | مجہی بازی ندہی مانند روباہ
بہ ترغیب عمیر ایمرد حراف | نہین پرماتہ توکرنی لگا صاف
سمجہتی ہین جسی ہم دشمن جان | اوسی تو جانتا ہی اپنا مہمان
چہپا کر خوان مین ای پر تدبیر | نہین بہیجا اوسی اسباب تحریر
اسی تعذیر کی تو ہی سزاوار | رہی زندانمین ہم پہلوی مختار
ہوا حق نمک تجہی اوار خوب | کیا حرمت کا تونی پاس کیا خوب
ہوا یون حرف زن اوس سی وہ مومن | اگرچہ ہو نمین اہل جرم لیکن
سوا اوس روز کی یہ سب مین آگاہ | کہلا ابتک نہین قفل در چاہ
ہوئی ہو کی جو کچہ مجہ سے خیانت | اسی مین جنس وہ ہو کی امانت
جسی مجہی عداوت ہو سراسر | اوسی تو بہیج اس زندانکی اندر
ملی گر اوسکو اسباب نوشتن | تو پہر شمشیر ہی اور میری گردن
نہوتا کسطرح راضی وہ اسپر | اسی تو جاہتا تہا وہ ستمگر

جنہین وہ جانتا تہا معتبر ہین ستمگر ہین شقی ہین فتنہ گر ہین

دیا حکم اونکو اس زندانمین جاؤ ملی جو کچہ امانت اوسکو لاؤ

جسی جس چاہ مین ظالم نی ہچپا سراپا غرق خجلت اوسکو دیکہا

چراغ و شمع تہی ہر چند روشن ہوئی تہی کور لیکن چشم دشمن

خدا جس چیز کا ہووی نگہبان در اندازونسی کیا ہو اوسکا نقصان

سنی جب اوس ستمگر نی یہ حالت ہوئی شرمندگی اوسکو نہایت

چہپایا جو ہی ایمان نی اوس سے دلیرانہ کہا سجان نی اوس سے

ہوا ہی تو نہان راز نہانے یہی تہا انتقام جانفشانے

جو اس بغیرتی کا ہو سزاوار اوسیکو سونپی یہ کار سرکار

نہین تو مفتریکو کچہ سزا ہو نہ ایسا پہر کسی پر افترا ہو

کیا نصب اوسکو عہدہ پر وہ بارا پسر خواندہ کا سر تن سی اوتارا

[illegible]

ہوی اوس واقعہ کو جب کی روز گیا یک روز زندانمین وہ دلسوز

کہا مختار سی ای نیک کردار | ہوئی تہی زندگی اوس روز دشوار
خدا نی پہر تمہین ہمکو دکہلایا | بڑی ناکہانی سی بچایا
کہا مختار نی ای یار دلسوز | ہوئی تیری دو بارا زیست اوس روز
مجہی مرنیکا اپنی کچہ نہتا غم | تری ذلت کا تہا لیکن بڑا غم
تجسس کو جو آئی وہ ستمکار | یہی میری دعا تہی حق سی ہر بار
مین راضی ہون اگر جای مری جان | رہی آسیب سی محفوظ سبحان
زمین مین جسطرح رکہتی ہین مردا | وہ اسباب کتابت یون چہپایا
کہا اوسنی نکیجئی دیر زنہار | نہو پہر فتنہ خوابیدہ بیدار
حوالہ کیجئی دنیا جو کچہ ہو | کرون رخصت عمیر با وفا کو
نہین رہتا بنا سب اونکا تہان | کہ وہ اپنی شان ہی دشمن جان
اوسی جب دیچکا نامہ وہ غمگین | یہ باتین منت والحاج سی کین
معلم سی یہ کہنا ای وفادار | دو خط ہین اس لفافہ مین خبردار
ضیا ملی چشم اصحاب پیمبر | وہ فرزند عمر مرد دلاور

مری جو اہر ہی عبد اللہ کی ب — اوسی تو دیجیو میرا یہ مکتوب
کہین لیکن مرا افشا نہو راز — نبی مختار اک عالم ہی غماز
ہوا یہ کہہ کے رخصت اوس سے وہ پیر — کوئی دن کا ہی تیرا رنج و تشویر
نیا یا ذکر جب وہ ہمدکر مین — معلم کو بلا یا اوسنی گہر مین
اوسی ڈہب سی کیا تعلیم اوسنی — کیا تسلیم کو تسلیم اوسنے
عمیر با وفا نی بی کم و کاست — کیا قامت پہ اسباب سفر راست
حرم کو وہ چلا لبیک گویان — کمر سی باندہ کر تیغ خراسان
کیا دار الامارہ سی اوسی راہ — جدہر تہا وہ امیر فوج گمراہ
کسینی یہ کہا ہو کر زمین بوس — وہی ہی یہ معلم تہا جو محبوس
ہوا جب متصل وہ دور اندیش — کہا عزم سفر رکہتا ہون درپیش
یہ دلمین خوش ہوا وہ تنگ آدم — اوسی دلوا دی پنجاہ درہم
چلا وہ اوسکو جانا تہا جہان پر — قدم مارا طریق راستان پر
رہا لیکن بسر کرم تکا پو — کیا شہر مدینہ مین وہ خوشخو

کہا ابن عمر کی خبر یہ یکبار کہ لایا ہی یہ قاصد خط مختار

سنی عبداللہ نی جب اوسکی آواز معلم پر دبیرخانہ کیا باز

غم و کلفت سی تہا مانند یعقوب ہوا پیراہن یوسف وہ مکتوب

اوسی اخبار کا تہا بسکہ جویا پڑہا مضمون خط اور خوب رویا

کہا پہر مردم خانہ سی وہ حال سنایا اوسکو اوس نامہ کا احوال

سنا جب اوسنی احوال برادر کہا شوہر سی ای مرد دلاور

اجازت دی کہ تو میرا ہی حاکم کہ یہ مستورہ ہو پیش معلم

بلاؤن اوسکو اپنی روبرو مین کرون بہائی کی اپنی گفتگو مین

کیا ابن عمر نی اوسکو مختار ہوئی جب سامنی اوسکی وہ غمخوار

کہا قاصد سی اوسنی ای برادر برائی حضرت شبیر و شبر

سنا مجکو مفصل اوسکی روداد ہوا ہی قید کیون وہ سرو آزاد

مگر اوس سی کسیکا خون ہوا ہے کسیکی عشق مطعون ہوا ہے

کہا اوسی وہ بت یا تو نسی ہی یا کہ امیر شام ہی اوسپر غضبناک

یمین

کمین مین تہا وہ مردود زمانہ
ہوا بس یاری مسلم بہانہ

سنا القصہ جب اوس سے وہ احوال
پریشان اپنی گیسو کی کئی بال

گریبان کو کیا دامن تلک چاک
اوڑائی اپنی سر پر سر بسر خاک

کہا شوہر سے ای مرد قوی دست
کیا گوشہ نشینی نی تجہی پست

سر دشمن پہ کر اب ترک و تازے
کہانتک ہو چکی کسب حیلہ سازی

مرا بہائی رہی زندان مین محبوس
بسر ہو تیری عشرت مین صد افسوس

اگر بالفرض ہی دشمن دلاور
تو مثل شیر نر ہو حملہ آور

دلیرانہ اودہر کا عزم کر تو
لڑی جو تجہسی اوس سے رزم کر تو

کہا اوسنی کرو نہین بت عجلت
موثر جب نہو خط و کتابت

رسول تیز رو ایسا کوئی ہو
مری جانب سی خط پہونچائے اوسکو

یہ باتین سنکی بولا وہ وفادار
ہوا تہا سہل جسسے کار دشوار

نہین ہر چند مین ایسا سبکپا
پہونچ جائیگا اوسکو خط تمہارا

نامہ نوشتن عبداللہ بن [illegible]

کہا اوسنی یہان بہی کچہ نہین دیر | ابہی کرتا ہون نامہ اوسکو تحریر
پہین حمد وثنای رب قادر | یہ ہوا ابن ابوسفیانکو ظاہر

تری سر پر اگر سجتا ہی افسر | مین ہون فرزند اصحاب پیمبر
پسر ہون اوس پدر کا مین بتحقیق | ملی جسکو خلافت بعد صدیق
عمر کا نام ہی مشہور عالم | ابوصفیا نسی ہن بار نہت کم
وہ فتح شام ہی معروف ومشہور | اوسیکی نام سی المرد مغرور
اوٹہاون سر جو عزم سرکشی پر | ابہی اجماع ہوتا ہی مجہی پر
ستمگاری نہین شایان سلطان | عطا وعدل سی ہی نام شاہان
رعیت پروری پر رکہ طبیعت | کسیکی ابد شک ہی یہ خلافت
ہوا تجہسی وہ کار زشت سرزد | نہین ظلم وستم کی جسکی کچہ حد
سر فرزند حیدر جب کٹا تہا | نبی کی قبر مین یک زلزلا تہا
کرین اوسکی اگر ہم داد خواہے | کہان یہ سلطنت یہ بادشاہے

لرا تیر اپر ای ننگ انسان　　بہتر جنگ بہر خون عثمان
نہین شبیر سی عثمان بہتر　　دم شبیر ہی خون پیمبر
نہین اوس خون کی تجہسی طلبگار　　کیا جاتا ہی اب مطلب کا اظہار
برادر کو مری ای ظلم گستر　　کیا ہی بکینہ زندانکی اندر
عبید الله کی بس مین ہی مختار　　ہم اس لطف و کرم کی ہین سزاوار
اوسی جب سے سنا ہمنی وہ ہی قید　　ہوئی تم سی ہمارے ہی قطع امید
فقط اوسکی رہائی کی ہوس ہے　　یہی بندہ نوازی ہمکو بس ہے
نکال اب اوسکو زندان الم سی　　مجہی آزاد کر اس قید غم سی
کیا ملفوف جب اوسنی وہ طومار　　لکہا یہ شعر اوسپر آخر کار
زمین پر خط کو پہینکا جبکہ کربند　　پڑا تڑپا کیا جون مرغ پربند
اوٹہا کر خط زمین سی وہ وفادار　　ہوا صرصر نمط چلنی پہ طیار
سفر لیے ایسر اک مدت رہا وہ　　غرض جب شام مین داخل ہوا وہ
کسی تدبیر سی وہ نیک انجام　　نہ پہونچا روبروی حاکم شام

حقیقت [illegible] ابن [illegible] مرد ظلمت [illegible] حصول [illegible]

معین کرکی اک جای سکونت — ہوا ساکن عمیر نیک طینت
اوسی مسجد مین وہ مومن باخلاص — عوام الناس کہتی تہی جنہی خاص
ادا کرتا نماز پنجگانہ — بدرگاہ خداوند یگانہ
دعا یہ مانگتا تہا صدق دل سی — برائین جلد جو مطلب مین میری
کبہی حضار سی کہتا تہا رو رو — مجہی الدیار ویہ دعا دو
الہی ہی جو اسکی خواہش دل — بحق پنجتن ہو جلد حاصل
دعا جب مانگتا تہا وہ خوش آئین — نمازی سب یہ کہتی تہی کہ آمین
سبہونکو اسکی دیجو تبکی تہی فکر — ہوا کرتا تہا غیب مین بہی ذکر
کہی یہ مرد مومن کسقدر خوب — سراپا نیک ہی اور سربسر خوب
رہا اونکا یہی جب طور یکچند — ہوا ستفسر اک مرد خردمند
کہ ای دانای اسرار حقیقت — نظر آتی ہی تیری غیر حالت
تری اشفتگی سی یہ عیان ہی — کہ دل بسمل سا سینہ مین طپان ہی

ہین

نہین ہو جو بہرنا یہ دم سرد
یہ ظاہر ہی کہ باطن مین ہی کچھ درد

ہوا ہی یہ تحمل نہی تجہی سے
نہین فریاد کرتی ہی کسی سے

غلام مرتضی ہون بی تابل
مجہی اوس خاندانسی ہی توسل

اگر تو دسی اونکا ہی ہواخواہ
مجہی احوال سی کر اپنی آگاہ

معلم نی سنا جب نام حیدر
ہوا خونبار اوسکا دیدہ تر

یہ رویا انسوونکا بندہ گیا تار
لگا فریاد کرنی مثل بیمار

یہی ہی بس نشان مومنیت
اوسی نام علی سی ہو محبت

کسی مومن کو وہ دیکہی غمناک
یہی ہی بس نشان شیعہ پاک

علی کا دوست ہو ہرچند فاسق
وہ دعوی محبت مین ہی صادق

یہ اوس مولای قنبر کا ہی ارشاد
مری شیعہ پہ ہو ہرچند بیداد

نہین کرتا ہی وہ مجہسی کنارا
اگر تیغون سی ہووی پارہ پارا

دیا القصہ اوسنی تن بتقدیر
بجب مرتضی و عشق شبیر

کہا اوس سی کہ ای مرد نکوکار
بیان کرتا ہون حال دلکو ناچار

مین جب اِلسد کا لایا ہو پچا — زیدہ سی لوٹتی ہی ام

رسائی وہان جواس غمخوار کی ہو — رہائی قید سی مختار کی ہو

کہا اوسنی عبث ہی تو پریشان — نہین یہ امر تو دشوار چندان

یہی تدبیر ہی ای اہل ادراک — کہ دیبای دمشق کی ہو پوشاک

لکین اوسمین زری کی سربسر بند — اوسی انداز کا ہووی کمر بند

تزئینت چاہئی کچہ اور یہ تزئین — ملکہ ہو یا وہمین یا پوشش زنکین

یہ سب سامان ہو جدم مہیا — تو پہر جانا وہان تو بی محابا

نزوکی کا کوئی وہان تجکو نہار — نہوکی اپنی بیکانی کی تکرار

مکان شہ نشین تک ای وفاکیش — ملین کی وس مکان تجکو بس و پیش

ہر اک در ہی وہ اوس فرخ سرا کا — وہ کعبہ ہی تمامی اشقیا کا

در اول نمونہ ہی سقر کا — زمین پر آسمان گویا ہی زر کا

عصای زر لئی ہین ہیچ صد کس — حفاظت کو معین ہین وہی بس

وہی ہین حاجت درگاہ نایاب — جنہونکی جسم مین زنکین ہی شاک

وہ اوسکا دوسرا جو استان ہے — در اول سی بہتر وہ مکان ہے
معین ہین وہان دو دست الکفار — سلاح حرب سی ہر وقت طیار
درسوم ہے اوس فرخ سرا کی — کئی سو ہین غلام اوس بنجیا کی
یزید روسیہ کے ہین وہ عاشق — عجب معشوق ہی وہ مرد فاسق
اسی انداز سی منزل بمنزل — نظر پہنچی کئی ایسی مرد عاقل
قدم رکھتا ہر اک منزل مین بیغم — مکان مختلف دیکھی کا باہم
در ہفتم یہ ایسی مرد دلاور — نہین ہتی ہی کچہ ایسی کروفر
سر شبیر طشت زر کی اندر — رکھا تھا شمر نی اوسمین جو لاکر
اوسی منحوس کہتا ہی وہ ناکام — رکھا ہی اوس مکانکا طشتہ نام
در ہشتم وہانسی ہی نمودار — بلندی مین ہی مثل چرخ دوار
کرین وہان شیخ مردم تجکو ہر چند — نہ رک رہنا وہان تو ای خردمند
نوین دہلیز پر جو دم گیا تو — سمجھیو یہ کہ بس داخل ہوا تو
مزین وہ مکان ہی سب سے چند — بلندی مین ہی گویا کوہ الوند

سے کس اوس استانکی مین نگہبان برای حفظ جان نا مسلمان
پہرا کرتی ہین گرد اوسکی وہ دن رات ہزار انفار مین ہر ایک کی سات
کذرنا تو وہانسی بہی باخلاص وہانسی متصل ہی وہ درِ خاص
کُئی شخص آئین لی تجکو نظر وہان لُئی حمام کا ہاتہو نمین سامان
کسیکے پاس ہوگی مجمر زر کسیکی ہاتہ مین کافور و عنبر
اونہین مین تجکو اک مرد سیہ پوش نظر آئیکا فرط غم سی مدہوش
فقط غم ہی اوسی آل عبا کا کہ رشتہ نام ہی اوس باوفا کا
غم دنیا و ما فیہا سی رستہ نہین ہی وہ غم مولا سی رستہ
عزیز مصر ہی محبوس زندان نہان ظلمت مین ہی وہ آب حیوان
سبہو سی کنارہ کش وہ مغموم اوسیکا حاکم بیدین ہی محکوم
اسیر حلقہ گیسو ہی وہ مار جوان نیک خو ہی اوس سی بیزار
دل و جان سی وہ اوسپر مبتلا ہی وہ کافر داغ گویا ماہ کا ہی
ہوی ہین شاہدین جیدنسی مقبول بکابین وہ جوان رہتا ہی مشغول

عزادار شہید کربلا ہے — نہایت نیک ہی اور باخدا ہے
بہت سمجہا رما اوسکو ناپاک — اوتاری ماتمی اوسنی یہ پوشاک
اوسنی ظالمونکو دیکی کچہ زر — لیا تہا حضرت شبیر کا سر
دیا پہر وارث آل عبا کو — کہ لیجا اوسی تم کربلا کو
اوسیسی تیری بر آئیگی حاجت — اوسیسی سی رفع ہوگی یہ ملالت
یہ خط دینا اوسی تو بی تامل — سوا اسکی نہین کوئی توسل
معلم نی سنی جسدم یہ گفتار — صلاح نیک سمجہا وہ نکوکار
لگا طیار کرنی اپنی پوشاک — بطور حاجت درگاہ ناپاک

[illegible]

چلا مسجد سی اوٹہکر وہ سحرگاہ — لیا فضل خدا کو اپنی ہمراہ
اوسی صورت سی کی اوسنی طی راہ — ہوا تہا جس سخن سی پہلی آگاہ
وہان پہونچا جہان وہ نوجوان تہا — بہار زینت باغ جنان تہا
وہ نرگس جیسی ہو نرگس کی مخمور — مروت سی برنگ جام معمور

وہ خود معشوق تہا لیلی بصد درد ‏ سراپا صورت خورشید تہا زرد
عجب حسرت سی تکتا تہا اک سو ‏ کوئی جیسی کسی کا منتظر ہو
یہ سرگرم سخن وہ جو جوان تہا ‏ معلم سی کہ ابتک تو کہان تہا
مین اک ہفتہ سی تیرا منتظر ہون ‏ عمیر با وفا کا منتظر ہون
کہا اوسنی کیا کس طرح معلوم ‏ عمیر ابن عامر ہی یہ مغموم
شناسائی نہو جس سی کسی دن ‏ اوسی پہچانتا ہی غیر ممکن
کہا اوسنے اشک آنکہون مین بہر کر ‏ کہ اکدن خواب مین سبط پیمبر
یہ فرماتی تہی اس بندہ سی اپنی ‏ کہ آئیگا معلم پاس تیری
عمیر ابن عامر اوسکا ہی نام ‏ وہ عبد اللہ کا لائیگا پیغام
کفالت کیجیو مشکل مین اوسکی ‏ محبت رکہیو اپنی دلمین اوسکی
زبان پاک سی یہ حرف سنکر ‏ مین تیرا منتظر تہا ای برادر
معلم سی سنی ہی یہ روایت ‏ جہان تہا وہ جوان ماہ طلعت
مجہی پہنچا کہ کس آئی نظر وہان ‏ لئی حمام کا ہاتو مین سامان

مابر

گلاب و عطر سی مینا تھی لبریز — مشام جان ہو جس سی نکہت آمیز
سوا اونکی بہت سی اہل خدمت — غلامان یزید بی حمیت
برای غسل شامی بد انجام — گلاب و عطر سی دہوتی تھی حمام
سزاوار جہنم تھا وہ بی شرم — کیا تھا اسلئی حمام کو گرم
سلگتا وہ جو اوسمین نخلخا تھا — وہ دود عود اوسی مارسیہ تھا
ہوا حمام مین داخل جو وہ شوم — یزید روسیہ شامی مذموم
گئی جبدم نظر اوس تند خو پر — پڑہی نفرین ہینی اوسکی رو پر
اوسی نفرین جو کرتی تھی خدائی — ہوئی تھی ختم اوسپر بد نمائی
مرصع ہاتہ مین اوسکی عصا تھا — اور اوسپر کلمہ طیب لکہا تھا
پڑہا ہینی جو اسم پاک حضرت — ہوا دلپر نہایت جوش رقت
کہا یہ میری دل نی ای ستمگر — نہ آیا کچہ تجہی پاس پیمبر
لکہا ہی جسپہ اس مقبول کا نام — اوسیکا تہا پسر شبیر ناکام
خدا تجکو رکہی ناکام و ناشاد — کیا تو نی نبی کی گہر کو برباد

غرض فارغ ہوا جب بیت و شو سے
اوسی مومن کو بہیجا پاس میرے

کیا یہ اوس جوان نی مجہسی ظاہر
یہان آیا ہی کس مطلب کی خاطر

ہوا انا کہ ان سی نام کیا ہی
امیر شام تجہسی پوچہتا ہے

کہا مینی وطن یثرب ہی میرا
یہان آیا ہون عبد اللہ کا بہیجا

خط ابن عمر کا ہو نمین حامل
جواب نامہ ہووی مجکو حاصل

کہا کوتاہ کر اس داستان کو
دیا مکتوب مینی اوس جوانکو

لئی نامہ کی اوس خوش خط نی بوسے
پہر اوسکو لیکیا ظالم کی آگی

ذکر خواندن نامہ [illegible] یعنی [illegible] از [illegible]

پڑہا وہ خط جو اعمائے ازل نی
بکا حسرت سی اپنی ہاتہ ملتی

ہوا مضمون خط سی جب وہ آگاہ
ہوا یون حرف زن وہ غیرت ماہ

یہ تمکو یاد ہو ویگا کہ ہرچند
کہا کتنا ہی مجکو از سر بند

عبث رہتا ہی تو غمگین و بیتاب
فراواں ہی قلق سی تیری بیتاب

بجا لاؤن جو کچہ تیرا ہوا ارشاد
اگر بالفرض ہو نمین اوس سی برباد

کہ

کہا ہر چند تمنی یہ گئے بار | ہوا مین ملتمس تمسی نہ زنہار
مری مطلب سی ہو اب آشنا تم | کرو اوس عہد کو اپنی وفا تم
جواب خط بحسب رای کاتب | لکہو بس ہین بہی میری مطالب
کہا اوسنی کہ ای سر پا نہ ناز | نہین ہی حکم سی باہر یہ جانباز
ولی مضمون خط تمنی سنا ہے | کہ عبداللہ نی کیا کیا لکہا ہے
بہت سطر و کنایہ کر کی اظہار | ہوا ہی وہ شفاعت خواہ مختار
مگر وہ شخص ایسا فتنہ گر ہی | مرا اوسکی رہائی مین ضرر ہے
ابہی گر قید سی ہوتا ہی آزاد | بنی ہاشم کی کرتا ہی وہ امداد
مجہی اوس شخص کی ہی یہ وصیت | ملی ہی جس سی مجکو یہ خلافت
کئی جو شخص ہین معروف و مشہور | اونہین قابو نہ دینا تا بمقدور
وہی ابن عمر او ربو بکر | بہت سی یاد ہین اونکو فن و مکر
نہ رکہنا تو کبہی اونکو با عزاز | کہ وہ قابو پہ ہونگی فتنہ پرداز
اسی بہی یاد رکہنا بہر شبیر | نہین ہی کوئی غیر از قتل تدبیر

جب اوس سی بس پیغام بیعت | اوسی یکبر وفر لی دیجو نہ مہلت

مکر مختار کو رکہیو نظر مین | نجانی پاوی وہ ملک دکر مین

کیا انمین سی تونی جسکو مختار | نہو کا انتظام ملک زنہار

تری سرکی قسم ای راحت جان | کیا ہی اس تردد نی پریشان

بجا لاتا ہونمین کر وہ وصیت | تری ہوتی ہی آزردہ طبیعت

مجہی منظور اب تری رضا ہی | اگرچہ یہ مری حق مین برا ہے

اوسی خوش کرکی یہ جبلہ اوٹہا | معلم کو قریب اپنی بلایا

کہا ظاہر ہوا مطلب تو ہمپر | ترا مذہب ہی کیا یہ تو بیان کر

معلم نی کہا یہ مرد صعلوک | اوسیکا ہی رہی جو اوس سے مسلوک

یزید رو سیہ نی سنکی یہ بات | کہا کذریکی یہان خوش تر تری اوقات

تجہی بخشونگا مین اتنا زر و مال | خوشیکی ساتہ کذری عمر صد سال

اوٹہا تو دیسی اپنی شوق نزہت | سواد شام ہی باب مطالب

معلم تو ہوا یہ سنکی خاموش | ہوا یون حرف زن مرد سیہ پوش

مین اسکی دین و مذہب سے ہون آگاہ — نہ دشمن ہی کسیکا نی ہوا خواہ
ہزارون دیجی گر اسکو دینار — کری ترک مذہب یہ ہی دشوار
نہ ڈرپی بوترابی یہ نہین ہے — تمہاری دین کا وہ تابعین ہے
جو خط لکھنا نہو وی تمکو منظور — جواب اسکو دو جاتا ہے اسی دور
مجھی یہ امر پہلی سی عیان تہا — محبت کا تمہاری امتحان تہا
نہین کچھ بادشہ کا اسمین نقصان — یہ عبداللہ پر ہے مفت احسان

نامہ یزید بہ ابن زیاد

یہ رنجش کی سخن اوسنی کہی جب — اوسی چیلے فراش ہوگئی سب
دیا یہ حکم منشی کو اوسی آن — عبیداللہ کو لکہ جلد فرمان
اسیر چاہ زندان ہی جو مختار — اوسی بار الم سی کر سبکبار
اوسی یک خلعت زرتار دینا — نہ ایذا کچھ اوسی زنہار دینا
جو پہونچا ای تجھی فرمان سرکار — اوسی بہی دیجیو دو دست دینار
کیا تحریر جب منشی نی فرمان — سر نامہ پہ کی مہر اوسی چسپان

سراپا ہی گران قاصد کو دیکر | گیا راہی اوسی کوفہ کی رہ پر
پہر عبد اللہ کو یہ نامہ لکہا | لکہا تہا خط جو تونی ہمکو پہونچا
تجہی معلوم ہویہ ای فلانی | جواب نامہ خامہ کی زبانی
رعیت پروری کا تہا جو مذکور | فدک کا آج تک قصہ ہی مشہور
پدر تیرا جو تہا وہ خوش ارادت | اوسی سی بس ہی جا بجی رسم بیعت

[illegible]

تری خاطر سی ای مخزون وناشاد | گیا بہائیکو تیری ہمنی آزاد
مورخ نقل کرتی ہین یہ باہم | چلا وہ شام سی کوفہ کو جسدم
رہا اوسکو دو ہفتہ رنج غربت | ہوا رنج سفر پہر اوسکو راحت
قدیمانہ وہ پہنی اوسنی پوشاک | گیا پیش عبید اللہ ناپاک
دلیرانہ کہا ای ابن وجان | یہ تیری نام کا لایا ہون فرمان
سنا اوسنی بجیا فی جب مذکور | ہوا ایک شعلہ آتش وہ مغرور
کہا غصہ سی ای مکار وعیار | نہین تقصیر تیری اسمین زنہار

ہوا جو مدعی سی اپنی غافل — وہ اپنی جانکاہی آپ قاتل

اوڑا دام وقفس سی جب کوئی صید — تو پہر صیاد کا چلتا نہین کید

مجہی معلوم ہی جو کچہ لکہا ہی — سمجہتا ہون جو تیرا مدعا ہی

اوٹہا پہر سرو قد وہ بہر تعظیم — یہ اوس نامہ کی کی تسلیم وتکریم

کبہی چوما کبہی انکہونپہ رکہا — مگس کیطرح اون حرفونکو چاٹا

ہوا مضمون خط جب اوسکو معلوم — بہت کہویا گیا وہ کوتی شوم

کہا دلمین بند ہا بس وہ رویہ — مٹی دنیا سی اب نام امیہ

مجہی اس رای سی اوسکی عجب ہے — زوال سلطنت کا یہ سبب ہے

جلائیگی اوسی یہ اتش کین — سواد شام ہوگا خونسی رنگین

چلا سر سی قدم کرکی وہ سکار — سوی زندان باستخلاص مختار

بصد تعظیم زندانسی نکالا — گہر کو بحر عمان سی نکالا

دیا بہاری سی بہاری اوسکو خلعت — بہت اوس روزکی تکریم وعزت

زبس مختار تہا زندانمین دلتنگ — ہوا تہا قیدسی اوسکا عجب رنگ

وہ جعد عنبرین وہ زلف مشکین ‏ نظر آتی تھی اشک خون سی رنگین

پڑی تہی ضعف سی انکہون مین حلقے ‏ گلی پژمردہ عارض ہو گئی تہے

بدن مجروح تہا اوسکا بشدت ‏ جما تہا جسم پر خون جراحت

بدن پر تہا جو ملبوس زر اندود ‏ ہوا تہا دیق آسا گرد آلود

ہوا اوسکی مداوا کو معین ‏ طبیب مہربان جراح پرفن

ملی دونونکو اوس محنت کی راحت ‏ کیا اوسنی بخوبی غسل صحت

کیا مختار نی جب عزم یثرب ‏ عبید اللہ سی رخصت ہوا تب

دیا اک اشتر رہوار اوسکو ‏ نہو رنج سفر تا یار اوسکو

چلا وہانسی وہ مہمان دل افروز ‏ رہا گہر مین معلم کی کئی روز

فریب و مکر سی وہ ابن مرجان ‏ اوسی بہیجا کیا دعوتکی دخوان

مگر اوس باخرد نی ایکدن بہی ‏ نہ دعوت اوس دغا پیشہ کی کہائی

معلم نی کہا اکثر یہ تکرار ‏ یہ کہانا زہر آلودہ ہی ای یار

ہوا یون حرف زن وہ مرد خوشخو ‏ نہین وسواس ان باتونکا مجکو

خداوند جہان جبکا ہی حامی
اوسی ہر حال مین ہی شادکامی

اگر اوسکو ملی ہی زہر اعدا
اثر ہو زہر مین آب بقا کا

خلیل اللہ پر کی نار گلزار
رکہا بدخواہ عیسی کو سردار

جناب سید سجاد مظلوم
رہی چالیس دن زندان مین مغموم

غذائی ناموافق دی گئی بار
تلف ہوجای تا اوس سی وہ بیمار

جو اونکی زعم مین تہا زہر قاتل
شفا اوس سی ہوئی حضرتکو حاصل

چنانچہ بیشتر ہی یہ روایت
ہوی قیدی جو اہلبیت عصمت

یہ اوس زندانکی کہتی تہی نگہبان
کریگی قیدیون پر شقف زندان

سخن آہستہ کہتی تہی وہ گمراہ
ہوا وہ صاحب اعجاز آگاہ

یہ فرمایا نہو تم دلمین شادان
نہین گرنیکی ہمپر شقف زندان

کل اس زندان سی ہوونگی رہا ہم
یہ سمجہو دلمین مین معجز نما ہم

کیا تہا جسطرح حضرت نی ارشاد
ہوی زندانسی وہ محبوس آزاد

نہین مطلق مجہی خوف دعا ہے
خدا سی عہد یہ مینی کیا ہے

نہون برباد جبتک یہ ستمکار
طعام خوش مزہ کہاؤن نہ زنہار

غرض وہ چار دنکی بعد مختار
عزیمت پر ہوا یثرب کی طیار

معلم فوز تک ہمراہ آیا
بہاتا اشک وہ دلخواہ آیا

دونو نیر تہا غم دوریکا یک جوش
ہوی دونو جدا ہو کر ہم آغوش

اوترتا تہا جہان وہ سرو آزاد
سبہی ہوتی تہی دلمین خورم و شاد

مدینی مین گیا جب وہ تہمتن
کیا گرد سفر سی پاک دامن

عجب ہنگام تہا جب وہ دلاور
ہوا وارد در ابن عمیر پر

بہن دوری سی اوسکی جان بلب تہے
برادر کی بہی حالت کچہ عجب تہے

وہ شمع صبح تہی یکدم کی مہمان
سحر آسا تہا چاک اسکا گریبان

ہوا جب حلقہ زن وہ اوسکی در پر
گئی وہ بی تحاشا جانب در

کہا نام و نشان کر اپنا اظہار
عمیر ابن عامر ہی کہ مختار

صدا آئی وہی یہ ناتوان ہی
تری جسکی قلق سی لب پہ جان ہی

بہن نی جب سنی بہائی کی آواز
کیا درکی عوض آغوش کو باز

بہی

کبھی قربان کبھی صدقی وہ مضطر | ہوئی پروانہ وار اوس شمع رو پر
سبھی اوسکی برای مطلب و کام | الٰہی نیک ہو میرا بھی انجام

ذکر دار رہنا یزید کا بخلاف حرمت دین

عبید اللہ ہی یہ کبر و پندار | مجھی اس سبی رہا کر مثل مختار
سمجھتی ہین جو اوسکو اہل ایمان | نہین واللہ وہ کافر مسلمان
یزید روسیہ کا ہی وہ ہمزاد | نہ سمجھی جو اوسی فرعون و شداد
مطول ہی اگرچہ یہ روایت | لکھی ہی مختصر ہمنی حکایت
ہوا جب خاتمہ آل عبا کا | خدائی کا کیا بیدین نی دعوا
خدا سی پہر گیا کیسے ہمیشہ | پڑہی شیطان نی لاحول اوسپر
لواطہ اور زنا اوس سی ہوا عام | شریعت کا زمانی سی مٹا نام
ہوا سود اہل تزکو باعثِ سود | طمع سی ہوگئی وہ قوم مردود
شرانونکی مساجد مین چلی دور | جو مخفی تہی علانیہ ہوئی جور
امامت پر قیامِ میکشان تہا | امام وقت جو تہا وہ نہان تہا

بہن لی ساتہ تہا عقد برادر | مسلمان یکطرف بستی تہی کافر
ملا در باریونکو حکم سجدہ | کہ دیرا لبتہ ہی کافر کا کعبہ
حرم پر مسلم عقبہ کو بہیجا | ہوئی اوس سی خرابی و تباہی گنا
وہ فوج ظلم تہی کافر کی ہمراہ | حرم کا جس سی ہی رخت سیاہ
یہ اونی سنگ کعبہ پر لگائے | سراسر کنگری اوسکی گرائے
ہتونکی طرح سی اسود کو توڑا | وقیقہ کفر کا باقی نچہوڑا
غلاف کعبہ کو اونسی جلایا | جہنم مین شقی نی گہر بنایا
ہوی وہ قتل جو اوسکی مکین تہے | ستم سی اوسکی نالی ہر کہین تہے
مدینہ کا ستم اوس سی سوا ہے | وہ لکہ سکتی نہین ہم جو ہوا ہے
ہوی تہی سات سو اصحاب مقتول | ابوجہل مجسم تہا وہ مجہول
شریفونکی ہوی مقتول اطفال | در و بام مدینہ خونسی ہی لال
عوام الناس کا کیا ہو بیان حال | ہوی وہ الف تا مسلم سی پامال
ہوئین لشکر پہ تقسیم اونکی عورات | یہ کافر ماجرا ہیہات ہیہات

بہری

بہری کہوڑونکی فضلہ سی وہ مسجد | رسول مجتبیٰ تہی جسمین ساجد

لٹا اسباب ازواج پیمبر | ہوی پردہ نشین پردہ سی باہر

رہا الحرم کا کہر سلامت | سوا اوسکی ہوا ہر خانہ غارت

ملک بہر نگہبانی وہان تہی | کہ غمدیدہ امام انس و جان تہے

اذیت ہو چکی تہی اونکو حاصل | نہین کرتا کوئی بسمل کو بسمل

یہ ہاتف کی صدا اتہی ہر طرف سے | رہی کیون دور حیدر کی خلف سے

وہ ابن مصطفی تہا تمسی بدل | خدا کا کیون نہووے قہر نازل

فوت شدن یزید پلید و [illegible]

[illegible]

ہان اوس بانی ظلم و ستم کا | یہ اس نامہ کی راوی نے ہی لکھا

یزید روسیہ مرد ستمگار | ہوا آزار استسقا سی بیمار

طبیب و چارہ جو تہی سخت حیران | اوسی سیراب کرتا تہا نہ عمان

بہڑکتا تہا عطش سی دمبدم وہ | بنا تہا آتش بیت الصنم وہ

کہا کرتا تہا وہ بدخواہ مردم — کہ مجکو کاٹتی ہین مار کژدم

ہوا خونخواہ وہ اژدر کیصورت — بدن سارا ہوا اخگر کیصورت

اذیت جب اوسی دیتا تہا آزار — وہ اپنی ظلم کا کرتا تہا اقرار

ہوا تہا اوس ستمگر کا یہ احوال — کیا تہا شہر کو شیخون نے پامال

تہ و بالا ہوی فوج یزیدے — لڑا ایسا ہی قعقاع خزاعے

تدارک کچہ نہ ہوسکتا تہا اوسکا — وہ ظالم خود بلا مین مبتلا تہا

روایت دیگر

اوسی آزار سی اوسنی قضا کی — نہایت تہی یہ مغضوب خداے

لکہی ہی بعض نی یہ ہی روایت — ہوا بیمار جب وہ بدحقیقت

طبیب روم دانای زمان تہا — لقب اوسکا مسیحا زبان تہا

ہوا حاضر جو وہ بہر مداوا — جب اوسکی نبض دیکہی سر ہلایا

کہا آزار تیرا لا دوا ہے — بخار ترس و بیم اے بجیا ہے

روا ہی تجکو مردم سی کنارا — کہ ہی سرپایان اسکا چارا

کہا اوسنی تری تشخیص خوب | کہ صحرا کا دلِ وحشی ہی مرغوب

روایت دیگر

یہ تہی یحیی ابو مخنف کی تحریر | ابو ذر کی سنو اب مجھسی تقریر

کہ مرغِ روحِ شامیِ ستمگار | ہوا مائل جو سوی دشت و کہار

چلا لیکر سپاہِ خون آشام | سوادِ شام سی وہ حاکمِ شام

ہوی آثارِ وحشت اوسمین ظاہر | شکار افکن ہوا وہ مردِ کافر

اوٹہایا صید پر اوسنی جو رہوار | ہوا صحرا سی اک آہو نمودار

چلا اوسکی تعاقب مین وہ بدکار | نہ لشکر ساتہ اوسکی تہا نہ رہوار

رہا تنہا جو وہ بدخواہ مردم | وہ آہو بہی نظر سی ہوگیا گم

زبس تیغِ اجل تہی تشنہ خون | ہوا وہ تشنگی سی سخت محزون

گیا قالب سی مرغِ روح نی جم | ہوا فی النار وہ مردودِ ظلم

روایت دیگر

شہید کربلا کی تشنگی کا | مزا مرتی ہوی اوسنی بہی چکہا

نہایت معتبر ہی یہ روایت — ہوئی جب تشنگی کی اوسکو شدت
تلاش آب مین پہرتا تہا سو — بیابان مرغ تشنہ وہ سیہ رو
نظر آیا اوسی اک خشک دریا — ہر اک ذرہ تہا اوسکی خونکا پیاسا
کنارے پر گیا اوسکی وہ غافل — ہوا اک مرغ سی ناگہ مقابل
سزاوار بلا تہا وہ سیہ کار — رکہا اوس جانور نی زیر منقار
اگر تہا شمر کا خونخوار خنجر — اوسی اوسکی ہوئی منقار خنجر
ہلای دست و پا بہی اوسی نی چند — کیا اوسنی جدا ہر بند سی بند
ہوا جب سیر وہ مرغ اوسکو کہا کر — کیا دور اوسکو استفراغ جا کر
بنا حکم خدا سی پہر وہ قالب — اوسی ڈہب سی ہوا اپنیکا طالب
پہونچی بہی کنارے تک نہ پایا — کہ پہر اوس مرغ نی ظالم کو کہایا

روایت دیگر

قیامت تک اسیصورت سی ہر بار — رہیگا مرغ کا طعمہ وہ خونخوار
ہوا غایب نظر سی جب وہ اہو — رہا چلنی سی باز اب سیہ رو

کہای

لگائی تازیانی اوسنی ہر چند — کیا دام قضانی اوسکو پابند
کہ اتنا ہادلمین وہ ظالم پریشان — ہوا اک شخص صحرا سی نمایان
اوسی مضطر سمجہ کر اوسنی پوچہا — تو لب تشنہ ہی یا بہولا ہی رستا
ہوا یون حرف زن وہ مرد بدکار — نہین مجہسا پریشان کوئی زنہار
مرا احوال ہی جای ترحم — کہ ہون تشنہ کیا ہی راہ بہی گم
کہا اوسنی بتا اپنا نسب تو — عجم سی یا کہ ہی اہل عرب تو
بتایا اوسنی یون اپنا اوسی نام — یزید روسیہ حاکم شام
کہا اوسنی کہ ای ملعون خونخوار — کچہ اب باقی نہین ہی جای تکرار
گئی تونی ستم آل نبی پر — یہ پاداش اوسکا ہی ای ظلم گستر
ہوا قہر الہی تجہ پہ نازل — بچا اب آپکو ای مرد غافل
غضب مین دیکہ کر اوسکو بد انجام — لگا دینی فریب لطف و انعام
کہا اوسنی کہ ای مرد بدکار — نہین دین و آئین اپنا زنہار
ملک ہون حامل عرش بریں ہون — بشر ای تنگ انسان مین نہین ہون

معاذ اللہ ای مردود بدخو | کوئی مین چہوڑتا ہون زندہ تجہ
وہ تشنہ تہا از بس طالب آب | کیا نا ز سفر سی اوسکو سیراب
قضا مدت سی تہی اوسکی کمین مین | کیا زندہ ہی وہ کافر زمین مین
کیا جو اوسنی فرزندنی سی | وہ ظالم بہی ہوا کس بی کسی سے

ذکر احوال [illegible]

نہ لشکر کام آیا نی زر و مال | ہوا کوئی بہی اوسکا شامل حال
تمامی اوس ستمگر کی ہوا خواہ | کہڑی تہی منتظر اوسکی سر راہ
پڑا اک تہلکہ فوج عدو مین | ہوی سرشتہ اوسکی جستجو مین
غرض آیا وہان لشکر وہ سارا | جہان تہا خاک پر وہ پارا پارا
کیا اوس غمنی اونکو سخت غمناک | اوسی منقار سی دیکہا جو صد چاک
ہوی اسباکی در پی وہ ناکام | کہ اسکی نعش لیچلی ہوی شام
وہ لشکر جب ہوا اسپر بہیا | ہوئی صحرا سی اک آواز پیدا
ہوا کشتونکا زہر آب غم نی | پہٹی کتنونکی سینی اوس الم سی

صدالی

صدا تھی یا صدای صور تھی وہ | صدای حشر سے پر شور تھی وہ
بھی وہ غیب سے سنتی ہر بار | ہوا مغضوب وہ مرد ستمکار
سنا ہر اک نے یہ مژدۂ غیب | جہنم کو گیا وہ شخص تر غیب
ہوا مشہور نزدیک اور دور | جلا بار جہنم سے وہ مقہور
بیان کرتا ہے یہ یک مرد ممتاز | سنی تھی ہم نے وہ کعبہ مین آواز
اغرہ سے یہ اکثر ہی روایت | سنی ہم نے وہ آواز ایک مدت
نہ بن آیا اونہون سے کوئی سامان | ہوئی وہ شام کی جانب گریزان

ذکر خلافت معاویہ [illegible]

اونہون نے تھی جو ارکان خلافت | دیا فرزند کو کار ریاست
معاویہ تھا اوس فرزند کا نام | یزید آسا نہ تھا وہ زشت انجام
تواتر جب سنی اوسنے یہ آواز | سرانجام خلافت سے رہا باز
کہا سمجھا کے یہ مادر نے اکثر | یہ کیا تو نے کیا ایجان مادر
ہوا یون حرف زن وہ مرد خوش فال | عبث ترغیب دیتی ہے تو ای زال

یزید آسا سزاوار سقر ہون
یہ کیا کم ہی کہ مین اوسکا پسر ہون

ازل سی ہی یہی دنیا کا دستور
کوئی ناکام ہی اور کوئی مسرور

کسی مقتول کا نیزہ پہ ہی سر
کسیکی سر پہ ہی شاہی کا افسر

کوئی رکہتا ہی دلمین حسرت آب
نہین ہوتا کوئی دریا سی سیراب

کسیکی بر مین ہی پیراہن زر
نہین سر پر کسی کی برکی چادر

کسیکا گہر ہی رشک صحن گلشن
کوئی بلبل نمط کرتا ہی شیون

یزید روسیہ نی جو کیا تہا
ہوا اوسکو بہی آخر وہ مہیا

فقط سہ سال کی اوسنی حکومت
رہا تا حشر وہ شایان لعنت

بنائی اسلئی قبر ستمگر
کہ جو دیکہی کری وہ لعن اوسپر

دہوان اوٹہتا تہا قبر روسیہ سی
مشابہ تہی سقر کی بادیہ سی

ذکر توجہ ابن زیاد بدنہاد روسیاہ انجام جہت تدبیر مہام بطرف شام و آزار رسانیدن
بہ شیعیان علی علیہ السلام و تاراج نمودن آن طبقہ حرام

کیا ہی اسطرح راوی نی تحریر
عبید اللہ جو تہا یکسر دغا پیر

کہ

وہی تیغ یزید بیحیا تھا — وہی سرکردۂ اہل جفا تھا
متہم ابن حیدر سے وہ ظالم — ہوا تھا کوفہ و بصرہ کا حاکم
کبھی کوفہ میں رہتا تھا کبھی وہاں — مقیم اک جا نہ تھا وہ نامسلمان
ہوا نا سفر کا جب سزاوار — یزید روسیہ ملعون و بدکار
گئی جب یہ خبر کوفہ کی اندر — گیا تھا سوی بصرہ وہ ستمگر
ہوا سب اہل کوفہ کو یہ معلوم — یکایک پھر گئی حاکم سے محکوم
مشرف تھے جو دین احمدی سے — فقط وہ بستہ ہزار اور پانسو تھے
ہوای حیدر صفدر اوٹھا کر — گیا قصر ستمگر پر وہ لشکر
کیا سرگرم میدان دغا کو — دغا کی دی سزا اہل دغا کو
وہیں بس کر لیا زندانکو تسخیر — نکالا اونکو تھے جو پابزنجیر
شجاعان عرب وہاں سربسر تھے — غریق بحر غم عالی گہر تھے
ہوی قید کرانسے جب وہ آزاد — کیا اوس بیحیا کی گھر کو برباد
سمجھ کر اوس غنیمت کو غنیمت — دکھایا جوہر تیغ شجاعت

اوکہاڑا بیخ و بن سی اوس مکانکو ۔ کیا تہا جسنی بی گہر یک جہانکو
یہ بصرہ مین اوسی پہونچی جو اخبار ۔ بہت مضطر ہوا وہ مرد بدکار
ہوا اوس بجییا کا حکم صادر ۔ رئیس بصرہ ہون مسجد مین حاضر
ہوی حاضر تو وہ منبر پہ آیا ۔ با آواز بلند اونکو سنایا
کہ ای قوم وفادار وفاکیش ۔ عزیمت شام کی ہی مجکو درپیش
برای انتظام کار سرکار ۔ کیا عثمان بن صفوا انکو مختار
نہو تا حکم سی تم اسکی باہر ۔ یہ سمجہی کا تمہین اپنا برادر
مرا یہ مجبی بہتر جانشین ہے ۔ یہ عثمان غنی سی کم نہین ہے
کہا سب نی نہین ہی ہمکو انکار ۔ اسکو اپنا ہم سمجہین کی سردار
بدر وہان سی ہوی وہ قوم جسدم ۔ کیا خلوت مین وہ مردود اظلم
رفیق اوسکی جو تہی اونکو بلایا ۔ پی تدبیر پاس اپنی بٹہایا
کہا تم مین سی ہی ایسا بہی کوئی ۔ مجہی جو شام مین پہونچا دے جلدی
اوسی بخشونگا مین اتنا کو ہر و زر ۔ نہ وہ محتاج پہر ہو زندگی بہر

عبیدہ سی لیا عمرو نی یکبار | چلی کا ساتہ یہ فدوی سرکار
طریق راہ سی ہون خوب آگاہ | مجھی لیجئی صاحب اپنی ہمراہ
رہ یک ماہہ یکہفتہ مین طی ہو | اگر ہمراہ مجا خضر پئی ہو
تمہین اشتر پہ اپنی کر کی اسوار | کرون ہمراہ خدمت کار دو چار
کہا اونی کہ ای پیر وفا کیش | مجھی اعدا کا ہی آتی نہین و پیش
کرین وہ مجکو تنہا پاکی چو رنگ | کئی دنسی ہوا کا اور ہی رنگ
کہا عمرو نی رکہتی فکر یہ دور | مرا بہی نام ہی عالم مین مشہور
کیا ہی اہل زر مجکو خدا نی | دی ہین دس پسر مجکو خدا نی
نہین ستم کو اونکی جنگ کی تاب | جوانمردی مین ہین مانند سہراب
نہایت دور ہین وہ دور اندیش | رہین کی تیری اشتر کی پس و پیش
ہوا ایسا خوش و خورم وہ محزون | دیا زر بار اشتر سی بہی افزون
گئی پہلی حرم اوسنی روانہ | چلا پہر آپ مردود زمانہ
ہوئی جب یہ خبر کوفہ مین ظاہر | کہ جاتا ہی عبید اللہ کافر

کہیں میں لگ رہی اوسکی وہ جرار　　کیا تھا جنکو ظالم نی گرفتار

پسر عمرو کا تھا از بسکہ ہشیار　　ہوئی جب گرد صحرا سی نمودار

کہا اوسنی پدر سی ای جوانمرد　　مجھی دیتی ہی بوی خون یہ گرد

مقرر ہی یہ فوج فتنہ جویان　　اب اس ابلیس کا حافظ ہی شیطان

اگر کوفہ سی ایا ہی یہ لشکر　　سر لشکر ہی ابراہیم اشتر

کسی یہ تاب ہی کسکا ہی یہ دل　　جو اس ساونت کی ہووی مقابل

ہم اوس سی لڑسکیں ایسی نہیں وہ　　نہوں اگہ عبیدہ سنی کہیں وہ

جہان کھینچی ہی وہ شمشیر برہم　　پسر ہوں زال کا کہتا ہی رستم

اگر وہ برق دم نکلی چمک کی　　اوڑینگی ہوش جلاد فلک کی

لگی جس پر وہ تیغ اتشین دم　　تو پہر ناسور اوسکا ہی مرہم

پسر سی سنکی یہ باتیں وہ عیار　　ہوا اوس سی مخاطب ای جفاکار

چلا ہی کس لئی تو جانب شام　　مجھی اگاہ کر ای زشت انجام

اوڑا جاتا ہی تیرا خود بخود رنگ　　کریں کیا خاک ہم لڑنیکا اہنگ

کہا اوسنی

کہا اوسی کہ اے یار وفادار — ہوا فی النار شامی ستمگار
ہوا کو فوج مین یک ہنگامہ برپا — جلا یا خانمان آتش سی میرا
عزیز و اقربا جن جنکی مارے — جو باقی ہین وہ ہین پابند سارے
یہ کردون شکر قابو طلب سے — مری بہی قتل کا سامان اب ہے
بچی تیری مدد سی کر مری جان — رہونمین عمر بہر ممنون احسان
مجہی پیچل کسی ڈہب سی بچاکے — تجہی دونگا مین شو اشتر طلا کے
کیا اوسی بچانیکا یہ چارا — شتر کی بول کہ سی اوسکو باندہا
رکہی مشکیزی اوسپر چار سوے — کہ پہچانا نجای وہ کسوے
کئی اشتر کا بار اوس خر یہ کہا — پہرا اوسپر بہی نہورا سرہ پر کہا
اوسی چشم خلایق سی چہپا کر — چلا وہ اپنی دلمین سخت مضطر
ہوئی نا یہ عیان وہ فوج اسلام — سر لشکر کا ابراہیم تہا نام
بسان برق وہ مرد دلاور — گرا اکبارگی اوس کاروان پر
کہا عمرو نی اے مالک کی دلدار — ہوی ہم جرم ناکردہ گنہکار

قصاص خون اولاد محمد ۔ عبید اللہ پر ہوتا ہی عاید

یہ فرمایا کہ ای مرد کہن پیر ۔ عبث کرتا ہی تو یہ فکر و تدبیر

تجہی بہر حفاظت لیکی ہمراہ ۔ چلا ہی شام کو وہ مرد گمراہ

کہین پنہان ہوا اگی کیا ہو ۔ یہ کیا ممکن ہی بصرہ مین رہا ہو

لگا عہد و مین کرنی وہ ناکام ۔ نہین بہیجا اوسی مینی سوی شام

اگر زیر زمین پنہان کیا ہو ۔ خدائی پاک کی مجہی قسم ہو

پہر اپنی کہنگی اوس سی وہ نکو نام ۔ کہان جای کا بچکر وہ بد انجام

ابہی دو چار دن ہی اوسکو فرصت ۔ نہ پہر شداد ہی نہ اوسکی جنت

وہ ابراہیم تو کوفہ مین آیا ۔ سواد شام مین وہ اوسکو لایا

رسیدن ابن زیاد بشام و خبر نمودن با مروان حکم در مرام خلافت یافتن مروان کام

ہوا جب وہ ستمگر وارد شام ۔ خلافت کا یہ دیکہا اوسی انجام

رجوع خلق ہی ابن عمر پر ۔ بہت کہینچا ہی عبد اللہ نی سر

مدینہ سی کیا تہا وہ نکوکار ۔ کہ شاید بخت خوابیدہ ہو بیدار

کیا وتا

کیا روتا ہوا وہ پیش مروان ۔ ہوی جب ایک جا وہ سرد و شیطان
پڑہی ابن یس نے بہی اوپر لاحول ۔ ہوا اوسکو غنیمت جید بول
عبیدہ نی کہا اوس سی کہ مروان ۔ تجہی سجتا ہی تاج و تخت شاہان
سبہونکو ہی وہ نظم و نسق معلوم ۔ کہ عثمان غنی تہا تیرا محکوم
مقام ننگ ہی جو تیرے ہووے ۔ خلیفہ یہانکا عبداللہ ہووے
تو بیر عقل ہی وہ نوجوان ہے ۔ جو انونین یہ دانائی کہان ہے
ہوا ابن عمر جب مالک شام ۔ نہ لیگا پہر امیہ کا کوئی نام
اوسیکی گود کا ہی وہ بہی پالا ۔ تجہی جسنی مدینہ سی نکالا
عمر نی کی تہی جب یہ بیوفائی ۔ پسر تجہسی کریگا کیا بہلائی
جو تو چاہی تو پہر نام و نشان ہے ۔ یہ گلشن ورنہ تاراج خزان ہے
یہ وہ قابو طلب ہین اے خردمند ۔ کری نیکی انہون سی کوئی ہر چند
اونہی بسمل کرین تیغ ستم سے ۔ دغا سی ظلم سی قول و قسم سے
یہ کل کی بات ہی ای نیک کردار ۔ خراب و خوار تہا زندان میں مختار

کیا خاطر سی اوسکی اوسکو ازاد
یہ کرتا ہی اوسیکی گہر کو برباد

بدونسی کوئی کرتا ہی نکوئی
تجہی لازم ہی اوس سی کیجیے جوئی

ہوا یون حرف زن وہ مرد بدذات
کہ پوشیدہ نہین تجہسی کوئی بات

مین اس روز دن ہون حیران و پریشان
نہ بن آیگا مجہسی کوئی سامان

کہا اوسنی کہ میری ساتہ ای یار
صد اشتر تسیم و زرسی ہین پر انبار

اوسی اپنا ہی مال و زر سب سمجہنی
عبید اللہ کو نوکر سمجہنی

تمہین تدبیر کوئی اس سی بہتر
جہانتک ہین روسا اور دلاور

کرو شکر کا اپنی اونکو سردار
ہوی جسوقت وہ محتاج زردار

بجسب ازر و لو اونسی بیعت
بہت اسان ہی پہر کار خلافت

تری ہاتہ آیگا وہ تخت و وہ تاج
کہ شاہان جہان ہین اوسکی محتاج

مکان سلطنت زرسی ہی مشحون
وہان ہی گنج و قیانوس و قارون

باسانی ملیگا تجہکو وہ گنج
نہ زحمت کہینچی ہوگی نہ کچہ رنج

تری بیعت ہی سب پر واجب العین
تجہی کہجو روان سوی عراقین

کرونگا مین تجهی روشن جهانمین تجهورونگا کوی دشمن جهانمین
ملین کی آپسی اهل مدینه کرینگی اپنی دل سی دور کینه
وهانسی اوٹهکی وه دو ستمگر مهین پو رخلافت کی گئی گهر
کها کرتی هو کیون اس سی کنارا یه تاج وتخت ورنه هی تمهارا
کها اوسنی برای لعن دنیا یه کیا کم هی که مین بیٹها هون اوسکا
رکهون جب سر یه اپنی افسر زر جو پهر پیدا هو فرزند پیمبر
رکهو اس امر مین تم مجهکو معذور مجهی خوشنودی خالق هی منظور
هوی آزرده اس تقریر سی وه گئی تهی خوش پهری دلگیر سی وه
عبیده سی کها مردان نی ای یار تری کوشش سی بن آئیگا یه کار
بساط اک دور تک اوسنی بچهایا زروگوهر کا ڈهیر اوسپر لگایا
جهانتک تهی رفیق حاکم شام بلایا اور دیا انعام واکرام
سبهونکی غور کی حد سی زیاده اوسی کهوڑا دیا جو تها پیاده
سبهونی لیکی بیعت حسب خاطر خلافت پر کیا مردانکو قادر

بو نقد و جنس تہا شایان شاہان | ہوا مختار و قابض لو بہ میدان

لکہا ہی بیعت مروانسی ممتاز | ہوی سیصد ہزار اکدن رعایا

رہی دستور سب قایم بدستور | کئی فرمان ہر یکی سبکو منشور

چلا کوفہ کی جانب وہ ستمگر | ایالت کوفہ و بصرہ کی لیکر

ذکر توجہ ابن زیاد بعراق و فنا بہ ہودان سلیمان خزاعی

عبید اللہ کافر ظالم بنیاد | چلا جب چہوڑ کر وہ ظلمت آباد

لئی ہمراہ فوج بی محابا | سفر کرتا ہوا بیقرب مین پہونچا

نہ اوترا تہا ابہی مرکب سی وہ | کہا عمار کو اوسنی بلا کر

کہ کر و اس شہر کو ایسا ہی تاراج | کہ اہل شہر ہون راحت کو محتاج

کیا تاراج ایسا اونسی مکانکو | جلائی برق جیسی خانمانکو

اوسی کردار سی منزل بمنزل | ہوا کوفہ کی سرحد مین وہ داخل

کیا آراستہ اسباب لشکر | مقام اوسنی کئی دو چار روز نیز

شمار فوج تہی دشوار ہر چند | کئی دو صد ہزار اوسنی قلم بند

ابوصفیا نسی تہا یکمرد جرار
اوسی اپنا سمجہا تہا مددگار

کیا نائب اوسی کوفہ کو بہیجا
ہوا بصرہ کو جب اوسکا ارادا

سنی ظالم نی یہ اخبار ناگاہ
کہ یک لشکر سلیمان کی ہی ہمراہ

بسان برق ہی کرنیکو موجود
سپاہ کفر پر وہ فوج مسعود

ہوا اس مشورہ مین وہ ستمگر
مبادا شیعیان آل حیدر

اوٹہالین جنگ شامی بدانجام
تو پہر صبح وطن غربت کی ہو شام

سنا سب تہام اکوفہ کو جانا
اوسی کرتا تہا بصرہ کو روانا

ذکر [illegible] بن [illegible] خوش الحان [illegible] حضرت امام حسین علیہ السلام

کسیکو بہیج کر بصرہ کی جانب
چلا وہ آپ بہی کوفہ کی جانب

لکہا ہی اسطرح اخبار اخبار
گئی مکہ مین جب وہ شاہ ابرار

سب اہل مکہ آئی بہر تعظیم
سلیمان نی بہی کی تسلیم و تکریم

کہ اون روزون مین تہا مکہ مین ساکن
مگر مفلوج تہا وہ مرد مومن

سنا حضرت نی جب اوسنی ارادا ہوا وہ باوفا غمگین بہت سا
کہا حضرت سی ای دانای اسرار نہ لیجاؤ ادہر تشریف زنہار
وہی سرچشمۂ بحر فنا ین دغا اندیشہ ہین کوفہ کی ساکن
کہا حضرت نی تیری خیر خواہی نہوگی مانع حکم الٰہی
تجہی دیتی ہین ہم ایسی بشارت رہو جبکی سلیماں کو بہی حسرت
ہماری بعد تو ای مرد جانباز تری رتبہ سی ہوویگا تو سرفراز
شہادت کا تجہی پایہ ملیگا ہمارا تجکو ہمسایہ ملیگا
خدیجہ تجکو لیجائینگی آگر تری رہنی کی جا تجکو دکہا کر
شفا پائیگا اس آزار سی تو لڑیگا لشکر کفار سی تو
ملیگا یہاں تجہی کوثر کا پانی یہ بس ہی آبروی جانفشانی
عبید اللہ سی ہوگا طلبگار تری خونکا رسول پاک مختار
سنا سبط نبی سی جب یہ اعجاز سلیمان پر در رحمت ہوا باز
غرض ادہر ہانی سنی جبدم یہ گفتار کہ پہر کوفہ مین آتا ہی وہ بدکار

محبان علی کو ساتہ لیکر — گیا پہلی وہ قبر شاہ مدین پر
ہوئی وہ اوسکی انگشت اشارت — نشان لشکر اہل سعادت
سوی تربت آنامل کا اشارا — ہوا اوسکی گناہونکا کفارا
پڑہی جب شاہ بیکس کی زیارت — ہوا اوس باوفا کو جوش رقت
یہ سیل اشک آنکہونسی بہایا — فرات اوسکی قدمبوسی کو آیا
اوٹہایا یا علی کہکر علم کو — بڑہایا کہکی بسم اللہ قدم کو
رفیقونسی کہا باندہو کمر اتم — کرو حملہ عبید اللہ پر اتم
لڑو بہر خدا اعدای دین سی — قصاص خون لو ہر یک لعین سی
دکہایا ہی یہ دن بخت رسانی — زرہ پہنو چڑہا دو آستانی
اگر دو صد ہزار اہل حسد مین — ادہر بہی سہ ہزار و پنج صد ہین
نہو نا فوج کی قلت سی مضطر — بہتر تن سی تہی سبط پیمبر
زہی قسمت اگر اونپر فدا ہو — تو پہر شیران حق پیش خدا ہو
ہوی آراستہ وہ فوج اسلام — کمر سی باندہ کر خونریز صمصام

یہی مضمون تھا اونکی رجز کا — کہ ہی سبط نبی مولا ہمارا
ہوی جسوقت یہ امادہ کار — نظر آیا ہوای فوج کفار
سلیمان نی کہا زنہار زنہار — نکرنا تم شروع جنگ وپیکار
اودہر سی چل چکین جب نیزہ و تیر — نکیجو جنگ مین پہر تم بہی تاخیر
کیا اوس فوج نی جب تیر باران — انہون نی بہی کیا آہنگ میدان
کمر سی کہینچ کی ہر یک نی شمشیر — اوٹہایا جسنی سر بار اوسی تیر
جو دشمن تیر کی زد بر انہ آیا — سنان نیزہ سی اوسکو گرایا
خم شمشیر محراب دعا تھا — جہکای سرکو ہر سرکش کہڑا تھا
رگ و پی مین دم خنجر روان تھا — اوسی دستہ عدو کا استخوان تھا
ہوئی تھی بحر خون مین غرق وہ فوج — ہر اک تلوار کی تھی خون فشان موج
وہ تیغ برق دم جسپر گرائی — صف اعدا کی لی اوسنی صفائی
وہ لشکر تھا اگر کثرت پہ مغرور — سلیمان کی نظر مین تھا کم از مور
کہا اوسنی عبیدہ سی کئی بار — عبث یہ جنگ ہی آپس مین بیکار

بہلا کیون بندگان حق ہون برباد — مری تیری ہو جنگ ای ظلم بنیاد

رہا وہ قلب مین باہر نہ آیا — بہت غیرت دلاوی پر نہ آیا

مقابل اوس سی ہوتا کیا وہ بزدل — ہوا ہی سگ بہی ضیغم کی مقابل

یہ شیرانہ کیا جب تیر تربہ کر — پراگندہ نظر آیا وہ لشکر

کیا جنگاہ مین اوسنی کئی بار — نشان فوج اعدا کو نگونسار

قضا بہی دیکہنی آئی تماشا — عبیدہ قلب لشکر سی نہ نکلا

رہی دو نو طرف سی جنگ تا شام — کہا پہر سینی شب ہی بہر آرام

ملا دشت جہنم مین جنہین گہر — گئی شش الف و دو صد دوہ ستمگر

مسلمانکی ہزار انصار جانباز — ہوی فیض شہادتسی سرافراز

مہیائی سفر تہا لشکر دین — ملا تہا پہر راحت خانہ زین

[illegible]

چلا جب بادشاہ ملک خاور — شعاع مہر کا نیزہ اوٹہا کر

بیکایک فوج انجم ہو گئی کم — کہی کو بانہ تہی گرد تبہ انجم

نہین یہ جنگ مسلم کی رفاقت — ہزیمت لیجئی وقت عزیمت
یہ کیا تم سی بہادر ہین زیادا — جو کرتی ہو ہزیمت کا ارادا
یہ باتین سنکے بولی وہ ستمکار — جو کچہ ہمکو کہو ہم ہین سزاوار
ہوا معمور جب داغون سی سینہ — ہمین بہولا لڑائیکا قرینہ
اوٹہالی سمینہ کی کر لڑائی — خبر رکہی نہ ہمنی میسرہ کی
رہی اپنی نظر تو اونکی جانب — ہوی وہ اوسطرف سی میمنہ غالب
زرا پہر اونکی حملہ پر نہ ٹہہری — ہمین دوچار کیا اکثر نہ ٹہرنے
اونہین دیکر تسلی وہ بداقبال — لگا تقسیم کرنی پہر زر و مال
قتیل و کشتگان فوج بی پیر — دوصد اور سہ ہزار ای بہ تحریر

بیان روز سوم محاربات ابرہہ ساز جیش سحر جنگ کا

ادہر بہی کام آیا نصف لشکر — وہ غازی تہی شہید ونکی برابر
ہوا خورشید کا جب رنگ تغیر — شب تیرہ نی کی شبخونکی تدبیر
فلک پر تہا ستاروں کا یہ انبوہ — کہ جیسی فوج مردم ہو سر کوہ

سیہ رو تہی جو وہ مثل شب تار
رہی کیفیت صہبا سی سرشار

ستمکار ونکو تہا خوف خدا کب
بشر کی شیشہ و ساغر ہین وہ شب

مسلمانوکا وہ تہوڑا سا لشکر
رہا بس سجدہ حق مین نگون سر

نشان سجدہ انجم ساعیان تہا
جو سجادہ تہا بس وہ کہکشان تہا

ظہور صبح صادق سی وہ کاذب
ہوی جنگ و جدل کی انسی طالب

ادہر بہی منتظر تہی وہ دلاور
ہوا پہر نعرہ اللہ و اکبر

لڑائیکا جو لای تیر پیغام
ہوی ناوک فگن وہ فوج اسلام

لگا سی سینہ اعدا پہ بہ تیر
ہوئی چشم زرہ بہی چشم زنجیر

وہ کیا آواز دیتا گاہ پرواز
سنی اک تیر خوردہ کی نہ آواز

بچاتی آپ کو کیونکر وہ بی پیر
عقاب قہر یزدان تہا ہر اک تیر

چلی گوشہ مین چہپنی جب وہ خونریز
سوارون نی کیا گہوڑونکو مہمیز

نہ تہی گہوڑونکی سرپٹ بر سی کم
بنی تہی خاک تو وہ جس سی اظلم

چلی تیغ اونکی جب دشمن کی سر پر
کیا پہر فرار اوسنی قدم سر

ہوئی تہی ہمہ گر یہ جنگ و پیکار صفونکی بدلی ہی لاشونکی انبار

کہین چلتی تہی تیری اور کہین تیر دیا تہا ہر کسینی تن بتقدیر

وہ سینی تہی جو آہونسی بہی صاف مشبک ہوگئی تیرونسی تا ناف

وہان سر کاٹنی بیٹہا تہا بدخواہ گل تر بار جس چہاتی یہ تہا آہ

ہوا گرم اسقدر وہ عرصۂ رزم کہ کام آئی ہزارون صاحب عزم

اوٹہای زخم چہرونپر سراسر ہوی خار جراحت سی گل تر

رہی تا شام خونریزی نہایت بہرا دوزخ ہوئی معمور جنت

رہی پہر صبح پر موقوف وہ جنگ کہ عرصہ زندگی کا ہی بہت تنگ

ہوی باہم یہان فوج اسلام سلیمان سی کہا ای نیک انجام

نہین ہی اب کسمین رزم کی بات مدبر جنگ کا ہی بار اسباب

کہین تو اب نکل چلیی یہان سی تہ برآوی فوج بیکران سی

نہین ہی یہ مقام ننگ و اکراہ شکست و فتح کا مالک ہی اللہ

کہا اوسنی کہ ہی یہ مشورہ خوب مگر ہس کر کہین کی وہ بد اسلوب

اگر ہوتا

اگر ہوتا ہمارا دین باطل | نہ ہوتی یہ ندامت اوسکو حاصل
بجا ہے اعتقاد ابن صفیان | نہ بن آیا کوئی دشمن سے سامان
اوٹھائی کیا سلیمان نے ندامت | وہ تھی شبیر کی عاشق نہایت
مگر اس عزم سی دو مدعا تھی — کہ انکی تن وہی سر دار میرے
اگر یہ بہی نہو وی کامیسر — مین تنگ زندگی ہون مرگ بہتر
بڑہای اسلحہ سی شوکت و شان — وہ سنگین دل ہوا آتش مین نہان
نچھوڑا ایک فن بہی بہر دشمن — مگر ابلیس تہا وہ مرد پرفن
وہ کھوڑا بڑہ سکی جس سی نہ صرصر — جو پہونچا دی اوسی قلعہ کی اندر
سوار اوس پر ہوا وہ بوم خونخوار — چلا اقبال کی دولت سی کہسار
رجز یہ تہی سر گوفہ سی یہ مرد — مرہی بار گرانسی خاک ہی زرد
پلنگ رزم ہون اور شاہ اورنگ — مطیع حکم ہو زیبا نہین جنگ
تلف ہو غیر اس سی کیا ہی حاصل — کہو مختار سنی وہ ہو مقابل
چلا یہ سنکی مختار دلاور — ہوا ابنیہ سی اپنی شیر بابر
کہا ہشیار ہو ای ناسلمان — یہ وہ تب ہی نہین ہی جسکا درمان

ہوئی ہی زندگی تیری برابر کہ تجھ پر شیر نر ہی حملہ آور
کہا اوسنی کہ سن پہلی یہ تقریر کہ اوسکی بعد ہی یہ نیزہ و تیر
یہی اچھو دغرض تھا حق صحبت ملی تجھسی مجھی ذلت یہ ذلت
سفارش مینی عبد اللہ سی کی رہائی اوس غم جانکاہ سی کی
عوض اوسکا یہی ہی ای تہمتن کہ مجھسی دوست کا ایسا ہو دشمن
کہا مختار نی ای مرد غافل نہین مین دشمن حیدر کا مائل
یقین جب دشمنی کا ہو تمامی تجھی کیونکر رکھون پھر مین گرامی
پشیمان ہو اگر تو ای جفاکار وہی تیری لئی ہو رونق کار
دماغ اوسکا ہوا اس حرف سی تلخ کہ تھا وہ خاک پائی سننی تلخ
کہا خاموش ہو ای سبزوارے نہین بیکار مین تجھسی مین عاری
نی نیزہ ہوئی یہ آتش افشان سمیٹا آسمان نی اپنا دامان
خلال آسا ہوئی ہر چند نیزے نہ کوئی کام بن آیا کسی سے
لئی ہاتھون مین پھر شمشیر و خنجر نہ اوسنی بھی ہوئی قادر ظفر پر

بہ ظفر

یہ صفدر جنگ مین تہا اوس مین   کہ سنگ تفرقہ آیا کہین سے

ہوا اوس سنگ سی مختار مجروح   دیا زخم بدن نی صدمۂ روح

ہوا بیہوش وہ مرد قوی دل   گیا بالین پہ ابراہیم فی الحال

سر اوسکا خاک سی زانو پہ رکہا   کیا مختار نی جب چشم کو وا

یہ مستفسر ہوا اوس سی براہیم   بیان کر باعث اندیشہ و بیم

کہا اوسنی کہ یہ طرفہ ہی نیرنگ   ہوا دشمن پہ جب غصہ بہت تنگ

کسینی سنگ مارا میری دل پر   یہ غشی تہی اوسکی ای برادر

کہا مختار جب میدان سی باہر   وہ مرد جسنی مارا تہا وہ پتہر

بصد لاف و گذاف آیا وہ بدکار   کہا زندہ ہی یا مردہ ہی مختار

کہا ورقا نی ای مرد دغاباز   اگر اوس پر ہوا تو سنگ انداز

خدا یاور ہوا اوس باوفا کا   کہ وہ غمخوار ہی آل عبا کا

نہین وہ سنگ پہینکا ای ستمگر   یہ تیشہ تونی مارا ہی قدم پر

مہیا ہی سقر ہوا ای شقی تو   دعا کی واسطی کہول اپنا بازو

چھپی زیر بستر جبتلک وہ بدذات | کیا ورقانی کافر کا جدا ہات
کسی پر تو نکر دستِ ستم باز | کہ بد انجام رکھتا ہی یہ اغاز
قصاصِ ظلم ہی ظالم سی لاریب | ہوا مردہ کو وہ اپنا ہنر عیب
دلِ مختار تہا جس سی شکستہ | تہمتن نی جو دیکہا اوسکو خستہ
چلا مانند شیر اوس بیحیا پر | غضب تہا خشم ابراہیم اشتر
مع فوجِ ستم وہ ماتسی گریزان | ہوا ابن مطیع نامسلمان
پہرا وہ اور دلیرون کے کہاتان | کرو مانند گرد اونکو پریشان
وہ لشکر اور وہ سرداران لشکر | غضب آگین بسان مار و اژدر
اوٹھی یون جسطرح شور قیامت | اسیکا نام ہی آفت پہ آفت
وہ ابراہیم و مختار اور ورقا | نہنگ و اژدہا و شیر ہیجا
یزید و حر و عبد اللہ کامل | وغا کیش و حریف و جنگ مائل
وہ فرزند سمیط نیک انجام | کہ احمر نوجوان سرو گل اندام
وہ عبد اللہ اور اتنی دلاور | وہ اک روباہ اور اتنی غضنفر

ہزاروں اوس روارو مین ہوی قتل — رہی فرس اور نو و سو مین ہوی مل
کرے کہوڑوں سے کتنی وہ بد انجام — مری جسطرح سے تہا سنود اسلام

امان خواستن عبد الله مطیع برخود [illegible]

بہزاد در شکستہ اور خستہ — ندیکہا جب مفر کا اوسنے رستہ
ہوا اندیشۂ جانسے حصارے — خدا کی حفظ کو بہولا وہ نارے
وہ قلعہ سخت تر تہا مثل گردون — مئیدمین جبل وسعت مین تہا ہون
بڑا کر دا وسکی وہ شبونکا لشکر — کیا محصور اوسکو مثل خیبر
رہا اک ہفتہ وہ جہد و تردد — مگر نکلی نہ راہ آمد و شد
رسد جاتی تو رہتا و برامین — کٹی بی آب و نان اوسپر کئی دن
غبار و گرد مین پنہان تہا خورشید — فلک سے ہی نہ تہی روشنی کی امید
ہوی بی نان وہ دو نان ہراسان — کہ طالب نانکی ہوتی ہین دونان
ہوی ظالم پہ یہ تکلیف روزے — کہ بہولی سب اوسی آتش فروزے
سپہبد کو یہ نامہ اوسنی لکہا — مگر عنوان خط یا رازلی دنہا

کہ ای سرکردۂ فوج دلاور | مجھی تجھسی ندامت ہی سراسر

تیری تقصیر کچھ اسمین نہین ہے | کہ شر میرے طرف سی ای نہین ہے

جو منصف ہو تو مین بہی بخطا ہون | بشر ہون تابع حکم قضا ہون

قضا مین آدمی کو دخل کیا ہے | وہ ہوتا ہی جو منظور خدا ہے

ہوا کار قضا کا مین بہانہ | مقدر یون دغا کا مین بہانہ

بہت آب مین پشیمان ہون برحم | فراہی دامن دوست تظلم

بشر مین سوظن کی ہو خصومت | نہین ہوتا ہی ضایع حق خدمت

تجھی دست ستمگر سی چھڑایا | رہ امن و امان مینی دکھایا

زر و توشہ دیا و اسپ و خلعت | تجھی چلتی ہوی ای بیمروت

ترا ابن زبیر ایسا تھا بدخواہ | کہ اوس سی بند تھی تدبیر کی راہ

وہ احسانات میری یہ مکافات | خلاف رسم آئین ہی ہر اک بات

نہین ہی اب ہوا کام جو ہوئے | بدی مجھسی ہوئی تو کر نکوئے

نہین ہی اب رعایت سی سروکار | خرابہ یہ کوئی مسجد ہی درکار

جو پہر جاوے میں اس عہد و پیمن سی — نہ کہتا مجکو تو اہل یقین سے

ہوا نامہ کا اوسکی تیر قاصد — کیا لشکر مین بی تا خبر قاصد

پڑہا اوس سرو عادل نی جب خط — کہا منشی سی فی توخامہ کو قط

یہ لکہا اوسکو کہ ای مرد دغاباز — ہوی تیر نظر فسی جنگ آغاز

خدا دیتا ہی بندہ کو ہدایت — شیاطین کی طرف سی ہی ضلالت

علی کی دشمنی ہی بغض ایمان — ترحم کیا کرون ای نامسلمان

لکہا ہی تو نی جو احسان اپنا — وہ کیا کرتا خدا حافظ تہا میرا

سوا اوسکی جو تہا رکہتا ہی منت — مین دی سکتا ہون بہاری اوسسی خلعت

زبان پر آیا جب احسان کا نام — برابر ہو گیا ای نا سر انجام

کرونگا وہ حوض خواہی نخواہی — امان لیکن نہد ۔ ایمہ د و

نویسندہ نی جب لکہا وہ نامہ — کمر نی تیر نی باندہا وہ نامہ

ہوا مضمون نامہ سی جو آگاہ — وہ کاہیدہ ہوا مثل پر کاہ

کہا لکہون ای بہر مست بنیاد — کہا تنک تو رکہی کا مجکو برباد

نہین کرتا مری بدخواہ کو نرم — نہ احسانکی نہ منت کی اوسی شرم
ہوئی جب قطع وہ اوسکی شکایت — رقم کرنی لگا پہر یہ کنایت
کہ ای سلطان عادل شاہ ممتاز — جبین سا در پہ تیری ہر سرافراز
نکر ذلت کا میری تو ارادہ — گنہ سی عفو تیرا ہے زیادہ
پہرا مجہسی نہ اپنا روی رحمت — مین خاک تشنہ ہون تو جوی رحمت
نہین ذرہ نوازی تنگ خورشید — کہ ہی اہل کرم سی ہم وا امید
بحق تشنگان دشت بیداد — یہ عبداللہ کا ہی وقت امداد
بحق حیدر و شبیر و شبر — مری جرم و خطا سی درگذر کر
کفیل ہر سال ای نوجوان ہو — توانا دستگیر ناتوان ہو
نہین ہون قاتل شبیر بہی مین — کہ بسمل بہی ہون او تشنہ بہی مین
نہین اون پر جفا مجہسی ہوئی ہے — فقط تیری خطا مجہسی ہوئی ہے
پہر اوسکو تیر مین باندہا بدستور — کہ یکدم مین ہوئی طی وہ رہ دور
بڑہی مختار نی جب وہ کتابت — ہوا مومن کی دلکو جوش رقت

ذبیونکا

کہ شیعون کا ہی یہ معمول و دستور — وہ رنج غیر سی ہوتی ہین رنجور
مسلمانون کا ہی اک یہ ہی آئین — جو عاجز خصم ہو تو پہر نہین کین
یہ دونا باتین نہون جس سی مطابق — اوسی شیعہ نہو وہ ہی منافق
کہ وہ الحاج سی ہوتی ہین پر قہر — چنانچہ ابن سعد فتنہ دہر
حرم کو گر یہ پر دیتا تہا آزار — الہی قطع ہو دست جفا کار
کہا کیون ای براہیم دلاور — خصومت خوب ہی با صلح بہتر
طلبکار شفاعت ہی وہ غافل — تری کیا رای ہی ای مرد عاقل
سوا اوسکی نہ تہا وہ کربلا مین — جو مین مصروف ہون اوسکی جفا مین
اگر تیری رضا ہو ای برادر — در احسان کرون مین بار دیگر
سخنور یون ہوا وہ مرد نامی — کہ بہتر سب سی ہی رای گرامی
نہین تیری رضا ہی ہمکو انکار — اگر اقبال کی ہونا سزاوار
کہا منشی سی اوسنی لکہہ یہ نامہ — کہ سر افگن ہی تو مانند خامہ
بہت ہی اعتقاد اپنی سی یہ دور — توسل ہو ائمہ کا نہ منظور

شتر کینہ نہین تیری طرح ہم — نہو الحاج سی اپنا غضب کم
پی شبیر تجہ پر رحم آیا — جو تونی واسطہ اوسکا دلایا
وہ ناکردہ ہی جو تونی کیا ہی — چلا آ یہان کہ باب عفو وا ہی
مری دل مین نہین ہی تیرہ آئینہ — کہ ہی آئینہ روشن یہ سینہ
صفا سی ہی صفا او زنگ سی زنگ — جو وان ہی صلح تو یہان ہی نہین جنگ
حجاب یاس کو چہرہ سی کر دور — یہان مردانہ آ رہ تو نہ مستور
ہوا جب مندرج خط مین یہ احوال — پہر انی تیر کی کہولی پر و بال
قد خم گشتہ پہر سرو سہی تہا — وہ خط گویا اوسی تاج مہی تہا
چلا مختار کی جانب وہ خفاش — شب تیرہ مین تا پردہ نہو فاش
وہ صحرا روشنی سی کر رہا تہا طور — مگر اوسمین نہ تہا اک ذرہ نور
طریق راستی یہ کم ہو اتہا — کہ ظالم نی اوسی مشعل سی ڈہونڈہا
ہوا وہ سنگدل قلعہ سی باہر — جو فتنہ ہو پہر ہی کیونکر نہ در در
پکارا دور سی ای شاہ عادل — خجل تجہسی ہی میری چشم اور دل

پشیمان اپنی ہون کردارسی مین | بہت نادم تری آزارسی مین
کہا مختار نی جانی دی یہ ذکر | جو تیری حقمین بہتر ہو وہ کر فکر
یہ خلعت ہی یہ توشہ ای برادر | ہوا مین تیری احسانسی برابر
وہ قصہ مختصر ہو ہی یہ بہتر | لشا شب وہ ہوا کوفہ سی باہر
وہ آتش جو جو بہر ہو کا شرارا | نہین خرسوختن بہر اوسکو چارا
بہت ماندہ ہوا ای لشکر دین | ملی جنبی اوسی آرام وتسکین

[illegible]

کہان مطرب یہ وقت خوشی ہے | مبارکباد دو اوسکو دف و نے
حجازی تہا جہان اب وہان ہی عشاق | رخ جوانی بین مین ہی مشہور آفاق
یہ نور افشان وہ ہنگام سحر تہا | سپہر نیلگون اک تخت زر تہا
اگر وہ تخت زر تہا بہر خورشید | سحر تہی غازیونکو صبح امید
برای جشن مختار نکوکار | ہوا اک تخت خوش تعمیر طیار
وہ تخت زر دل اہل نظر تہا | یہ اوسمین ماہ حق ساجلوہ گر تہا

گیا پہنچی وہان وہ مرد ہم | ہوا تہا قتل جن کو شک پہ مسلم
بہت رویا بہت پیٹا وہ مختار | رہا باقی گریبان مین نہ اک تار
گریبان اوسکا دامن تک پہٹا تہا | لبون پر نالۂ واسلما تہا
کہ ای مظلوم تیغ ظالم دون | ہوا تیری شہادت سی جگر خون
قضیہ تیرا مقتل سی نہین کم | توہی لوح کتاب ماتم غم
نہ وہ دولت ملی نہ یہ سعادت | رہی مجکو خجالت پر خجالت
وہی اشخاص تہی مقبول داور | تصدق جو ہوی سبط نبی پر
جو اوسکی خون سی آلودہ تہی خاک | گلاب و مشک سی اوسکو کیا پاک
رکہا پہر تاج سر پر تخت پاون | جوانمردکی دولت پہ ہوا نازان
نہ اوس رتبہ پہ ہر خود سر کو تہا رشک | جم و دارا و اسکندر کو تہا رشک
وہ بیٹہی اوس سپہبد کی برابر | ہوی تہی مدعی جنسی نکون سر
غلامان و خدم استادہ سر سو | کہ تہی وہ چست و چابک مثل آہو
شراب عشرت دلی ایسی ہوئی عام | وہ ظاہر خوش تہی جو دلمین تہی ناکام

تہم

ستمگر آئی بہر عذر خواہی ہوی معدوم جو کچہ تہی تباہی
ہوا ہر شخص سی وہ یہ مخاطب نہین مین دولت دنیا کا طالب
مرا سرمایہ بس گنج رضا ہے مرا مہرہ دوا و مرتضی ہے
یہی ہی قصد میرا اور یہی عزم ہمیشہ مین رکہون بدخواہ سی رزم
کرون عالم کو اوس سے صاف و پاک وہ آل مصطفی ہی جس سی غمناک
ہوا اس سی پریشان کوش دشمن مسافر ہو گیا بس ہوش دشمن
بڑی غم کی دل بدخواہ پر ثبت محبونکو ہوی لیکن قوی پشت
ہوا تہا اوسپہ یہ انبوہ مردم نکلتی ہین فلک پر جیسی انجم
رئیس کوفہ اور سردار لشکر کہڑی تہی دست بستہ سب برابر
بحسب رای ابراہیم دانا ہوی ہر سمت کو عامل روانا
حکومت پر جبی بصرہ کی بہیجا وہ فرزند عمر باوفا تہا
وہ عبداللہ بن مالک تہا مشہور کیا ملک مین پر جسکو معمور
دیا خلعت کسیکو زر کسی کو کسیکو ملک اور لشکر کسیکو

غرض جس شہر مین پہنچی وہ عمال ہوی احباب خویش بدخواہ پامال
جسی عبداللہ کا دیکہا طرفدار کیا تاراج اوسکو اور گرفتار
ہوی تہی یہ پریشان وہ بدانجام بہری تہی کوفیون سی روم اور شام
اباس یحیا کی خویش و فرزند ہوی سب حلقہ زنجیر مین بند
عجب اوس روز تہی کوفہ یہ آفت ستم کارونکی گہر ہوتی تہی غارت
محلہ کی محلہ جن جہی تہے ہزارون ہاتہ رستی مین بندہی تہے
ہوا اک دمین وہ سامان مہیا نہ اوس سی پہلی تہا ایسا کسیکا
درخت ظلم کو جرسی کیا دور جو ظالم تہی ہوی مظلوم و مقہور
جو برہ تہا ہوا وہ گرگ بر شیر زبردستونکو کردونی کیا زیر
ہوی تہی یہ خبر ہر سمت مرقوم پڑی اوس فتح کی ملکومین اک دہوم
بیان کرتا ہی یہ راوی اخبار کہ سرپا ہم کرتا تہا وہ مختار
ہوی یہ کوشش زدنا گاہ آواز نہ آسودہ ہوا ہمدرد سرافراز
الہی تیری کمین مین ہی مخالف یہ لازم ہی رہی فتنہ سی خائف

تپا ہر چند ڈہونڈہا اوس صدا نپایا کہوج اسرار خدا کا
تعجب مین تہا وہ سلطان عادل کہ آیا در سی عبد اللہ کامل
کہا ای بادشاہ نیک کردار نہال رحم لایا تلخ تر بار
ملا مصعب سی عبد اللہ گمراہ ہوا ابن زبیر آپ تیرا بدخواہ
کیا اوس سی ستمگر نی یہ اظہار ہوا ہی بادشہ ہر چند مختار
نہین ہین اہل کوفہ اوس سی ایمن جو تو چاہی مدد ہی اوسی ممکن
او نہین مختار سی ہی اک بیش و پیش عجب کیا ہی تری ہون خیر اندیش
تجہی ملتا ہی کوفہ بی غم و رنج اگر ہوا ارز وی تاج اور گنج
تری کوفہ کی ہی فرمان روائے نہین شاہی وہ ہی لاف خدائے
کیا ہی جیسی بصرہ مین وہ بدین ہوا وہ مثل کوفہ شورش آگین
وہ مصعب صعب کو سمجہا ہی آسان ستمگر کو ہی جہد و جد فراوان
کئی ہن سی ہزار اوسنی فراہم زیادہ اوس سی ہوون دس بیس باہم
نہنک آب بصرہ ہی وہ بدین یقین ہی غرق خون ہووی این زمین

تجھے بھی چاہیے فکر بد اندیش | وہ چارہ کر نہو جس سے جگر ریش
جو دو تنخواہ میں اونکی ہے برے | کہ خاک قبر ہو بدخواہ کی جاے
رؤسا ہیں جو یہاں کے سرکش و مست | بنا ہوا اونکی تیغ سیل سے بست
کہا مختار نے ای مرد کامل | ابھی اس کشت خونسے کیا ہے حاصل
کہ مروانے مجھے درپیش ہے جنگ | کرونگا بعد اوسکی میں یہ آہنگ
مجھے وسواس کیا ہے اہل شر سے | شکار اپنا ہے جو آئے جدہر سے
وہ مصعب کیا ہے عبد اللہ کیا ہے | خدا ہے یار تو بدخواہ کیا ہے
ہوا پیمان شکن گروہ ستمگار | نہیں پرواہ اوس سے مجکو زنہار
مہیا یہاں ہے سامان جدل ہے | زدہ را میتوان زد یہ مثل ہے
نہیں ہے مجکو ڈر پیمان شکن کا | خدا توڑیگا سر پیمان شکن کا
کہا پھر اوسنے اے شاہ نکوکار | مناسب یہاں نہیں ہے رزم و پیکار
کہ مل جائیگی اوس سے یہ دغا کیش | جماعت اوسکی ہو گی پیش از پیش
کہا اوسنے یہ البتہ ہے بہتر | کہ ہو جنگ و جدل کوفہ سے باہر

وہ ثابت

وہ ثابت تھا جو فرزند جوان بخت ۔ کیا تسلیم اوسکو تاج اور تخت
وہ کوفہ تھا جو مانند کہن سال ۔ ہوا وہ نوجوان الله رے اقبال
ہوا اوسکا جو کار اول سی بہتر ۔ مگر تھا زال دنیا کا وہ شوہر
خوش آوازہ تھا وہ ہر انجمن مین ۔ بہار تازہ تھا وہ ہر چمن مین
پسر کہتی ہین اوسکو جو خلف ہو ۔ خلف وہ جو بزرگونکا شرف ہو
جو ہی ننگ پدر کب وہ پسر ہی ۔ نہ کہہ اوسکو پسر ننگ پدر ہی

ذکر مختار [illegible]

دیا لشکر کو بھی انعام و اکرام ۔ سپہ خوش ہو تو ہی وہ خوش سرانجام
جوان ہی وہ جو کہنہ داستان ہے ۔ کہ پہر گرم وغا ہر نوجوان ہے
کرینگی ایک عالم کو پریشان ۔ کہ اون شیرون نی چہوڑا نیستان
ثریا کو فہ سی جب وہ رایت فتح ۔ ہوئیگا علم نکا آیت فتح
قلم سی ہوتی ہی پیدا یہ آہنگ ۔ ہوا مختار جسدم عازم جنگ
حمائل کی وہ تیغ الماس پیکر ۔ کہ تیغ مرتضی کی تھی وہ ہمسر

علی سی وہ محمد کو ملی تہے — محمد نی وہ اوس صفدر کو دی تہے
وہ کہوڑا فال خوش جسکی سواری — سبک رو صورت باد بہاری
خجل رفتار سی آہوی مشکین — دل نافہ ابال اوسکی سی خونین
علی دومی نی وہ دیا تہا — عطا مولای چارم نی کیا تہا
ہوا اس شان و شوکت سی روانہ — پی تنبیہ مردود زمانہ
وہ سب فوج لادپوش اوسکی تہی ہمراہ — کہ جوش اونکی تہی ابر اور وہ ماہ
جو مین نقارہ پر ڈنکا لگایا — قدم کہار کا لغزش مین آیا
نفیتونکی صدا تہی نالہ صور — زمین سی استقامت ہوگئی دور
میان فوج تہا وہ شاہ ذیجاہ — غلط ہی یہ کواکب ہمرہ ماہ
کیا خیمہ برون شہر بغداد — وہ صحرا ہوگیا اک شہر آباد
ہوا دل جو اوس لشکر مین داخل — تہمتن نام ابراہیم عادل
وہ زیر ران پری پیکر تہا کہوڑا — کہ اپنا عکس ہی جسکو تہا کوڑا
وہ تیغ تیز گردن مین حمائل — کہ جس سی وہم کا خونین ہوا دل

سراپا غرق آہن اوسکا لشکر | عیان مردانگی کا اوس سی جوہر
ہوا بعد اوسکی عبد اللہ کامل | نہایت شان سی لشکر مین داخل
وہ گہوڑا جس سی عاجز باد صرصر | وہ تیغ تیز میدان جس سی محشر
دو صد مرد زرہ پوش اوسکی ہمراہ | مگر دریا بصد جوش اوسکی ہمراہ
وہ احمد نوجوان بعد اوسکی آیا | تجمل اونّی یہ اپنا دکہایا
لرزان اوسکی تہا وہ اسپ تازی | کہ بہولی آسمان انکو ترک و تازی
وہ تیغ برق دم اوسکی کمر مین | پڑین چاک اوس سی فولادی سپر مین
نشان سرخ ہمراہ دلاور | مگر تہی سرخروئی ختم اوسپر
ہوا ورقا بہی بہر خط ضروری | ملی مختار کی اوسکو حضوری
ہوا اوس دشت کا کہسار کا حال | کہ وہ مرد تہمتن تہا قوی بال
دو نیم اوس سی عدو تہی مثل منشار | مگر پشت نہنگ اوسکی تہی تلوار
سمند دیو تہا بہر سوارے | کہ گہوڑین کہان یہ بار آرے
سواری دی وہ ایسی نوجوانکو | اوٹہای پشت پر کوہ گران کو

سفید اوسکا علم تھا بھر بیکار — که یه بہی تجھی کا ہی اتار

ہوا ابن الانس بہی پھر نمایان — خصائل مین فرشته نام انسان

ہوا گرم اوس سی وه میدان پیکار — که توسن برق تجلی اوسکی تلوار

سکندر جار آئینه سی وه مرد — وه دارا ہی که دارا اوس سی ہو زرد

سپہبد لی جو دیکھا اپنا لشکر — کیا اک نعره الله اکبر

تہمتن سی کہا ای مرد ممتاز — تری بازو یه ہی مختار کو ناز

نہین ہی یه بہی امداد خدا کم — ہوی ہین سی ہزار اکدن فراہم

کہا اوسنی که ای فخر زراسیم — نہین یه تجبسی جو پای زر و سیم

فقط ہی انکو پاس ننگ اور نام — کہان ملتی ہین ایسی اہل اسلام

بہت ہین یه سمجه انکو نه کمتر — که دو یکدل ہین دو صد کی برابر

یه ابراہیم نی جب دی بشارت — ہوی اوسکو امید فتح و نصرت

[illegible]

سپاہ زنگ نی جب دم اراده — کیا عالم سی ظلمات [illegible]

ہوا اینه

ہوا آئینہ خور سی سکندر / کیا جو روزنی شبکو مسخر
سپاہ دکن ہوے وہانسی روانہ / کہ تہا وہ ملک گیریکا بہانہ
لبان تیغ تہی گر کام جو وہ / تو مانند نگین تہی نام جو وہ
وہ سوی دشت و صحرا چلا تہا / نکہ لشکر اوسی دریا چلا تہا
سوارونکی قدم سی دشت بیتاب / ہوا تہا ذرہ ذرہ اوسکا سیماب
ہوئی سختی زمین سی ایسی نایاب / کہ موج ریگ بہی تہی موج آب
گئی حصین سبزہ کی جو نزدیک / ہوا گرد سپہ سی قلعہ تاریک
کہا یہ دیدہ بان نی آیا طوفان / خدا اس قلعہ کا ہیگا نگہبان
عجب یہ ہی کہ طوفان ہوے آ / مگر ہر موج مین اک اژدہا سی
یہ سوز دل سی کی ہر اک نی افغان / سپند مجمر قلعہ ہی انسان
در قلعہ کیا محکم نہایت / کہ سر ٹکرا کی پہر جای وہ آفت
سفیلون پر رکہی سنگ گرانبار / وہ قلعہ ہو گیا مانند کہسار
ہوئی ایسی فراہم آتش و کاہ / کہ وہ قلعہ جہنم کی ہوا راہ

اوسی صحرا مین ٹہری فوج اسلام ۔ که وقت شام تہی ہنگام آرام
نہ ہاتہ آیا جو اسباب ضرورت ۔ کہا یہ اہل قلعہ سی بہمت
بقیمت دو تم اسباب ضرورے ۔ که انسانکون نہین اوس سی صبورے
ہوی راضی نہ اوس پر وہ دغاباز ۔ که استحکام پر قلعہ کی تہا ناز
کہا مختار نی اب کچہ نہین باک ۔ لگادو آگ تو ہو جای یہ خاک
شرر آسا جو دوڑی ہر طرف سے ۔ وہ ظالم کانپ اوٹہی شور و شغف سے
بہرا آتش سی تہا کو قلعہ کا باب ۔ نلای آتش خصمی کی وہ تاب
ہوی مانند شعلہ وہ جو بیتاب ۔ مسلمانونکا دل اوس سی ہوا آب
کہا ای غافلو یہ فوج دین ہے ۔ غریب آزار فوج مشرکین ہے
ہماری کیش مین ہی ناروا ظلم ۔ غریبون پر نہین ہمنی کیا ظلم
سر لشکر ہی مختار نکوکار ۔ روا رکہتا نہین وہ ظلم زنہار
نہین منت سی بہتر کوئی تدبیر ۔ چلو تم تاکری وہ عفو تقصیر
ہوا سردار قلعہ جب خبردار ۔ که اس لشکر کا ہی سردار مختار

درجہن

در حصین ہبیرہ کو کیا باز — سپہبد کی سنا تین اوسنی عاز
ہوا مختار کی جانب روان وہ — سنا ابن وشکر سی رطب اللسان وہ
کہا مختار نی اوسنی کہ ای پیر — کیا بجرم تونی ہمکو دلگیر
سبب اسکا جو ہو مجسی بیان کر — کیا کیون بند باب حصین مجہپر
کہا اوسنی کہ ای سلطان عادل — وہ ایذا فوج مصعب سی ہی حاصل
ہواس و ہوش ہین جسی پریشان — لشکر کیا ہمتو سایہ سی ہین ترسان
بلا کا سا سنا جب ہر زمان ہو — تمیز دوست دشمن پہر کہان ہو
ہوی تم سی جو ہم آگاہ آئے — خجل آئی شفاعت خواہ آئے
کہا مختار نی ای دور اندیش — نہین اونکی طرح سی ہم ستم کیش
غلامان علی کا ہی یہ لشکر — ستم کرتی نہین مومن کسی پر
بقیمت لینگی ہم جو ہو کا درکار — نہ ایذا ہو نہین نہ تمکو آزار
دعا دیکر چلا وہ مرد دیرین — کیا سید انکو بازار آئین
علوفہ اور غلہ تہا بکثرت — لیا وہ اوسنی جسکو تہی جو حاجت

ہوا ازبسکی تہابت مرد کا مدار | کہ مرد باخدا الی تہی وہ سرکار

برگشتن مختار از نہروان بکوفہ و توجہ ابراہیم نخعی روان بجنگ مصعب عبد اللہ

فراغت سی او نہین آیا خور و خواب | ہوا پہر خضر خورشید جہانتاب

وہ لشکر تہا کہ بحر بیکران تہا | بلند و پست صحرا پر روان تہا

بلندی پر علم کی اسقدر تہے | بہت حیرت فزا اوس سی نظر تہے

قضا مشاطہ تیغ قدر تہے | کہ منظور خدا اوسکی ظفر تہے

و رندونکا شکار اوبکا شکون تہا | کہ اونمین شیوہ خصم زبون تہا

غرض جب طی ہوئی وہ راہ صحرا | نظر آیا محیط اک انکو دریا

بیان موج آئی تا بساحل | ہوا دریا سی یہ دریا مقابل

کہا مختار نی ٹہرو یہان سب | کہ مرد آشنا درکار ہی اب

عبور بحر کو کشتی ہی درکار | قدم تو یون نرکہ دریامین زنہار

نجات امن ہی طوفانمین نایاب | گذر جاتا ہی سرسی آب با آب

حباب آسا جو خالی ہی خرد سی | وہ ایمن موج کی ہی تند و مد سی

دلیل

دلیل اس راہ مین موسی نے ڈہونڈہے　　کہ دیکہی راہ جبریل امین نے

ہوا موسی کی دریا تا بہ زانو　　غریق اوسمین ہوا فرعون بدخو

دلیل و بدلیلی مین ہی یہ فرق　　سلامت ایک گذرا اک ہوا غرق

کہڑا تہا منتظر مختار ذی شان　　ہوا اک مرد ناگہ جو نمایان

سلمان اور حارث اوسکا تہا نام　　رخ مومن بہ رنگ آل اکرام

علی کی نام پر اک جانفشانی　　خوارج سی نہتا وہ نہروانی

کہا مختار نی الحمد للہ　　کہ تو ہی ای برادر مرد شیعہ

نہین اب حاجت سامان و اسباب　　اوتر جاینگی ہم دریا کو پایاب

کہا حارث نی اوس سے ای شہنشاہ　　مین دریا سی ہون مثل خضر آگاہ

کنیکا دامن اس سی تر نہو کا　　قدم سی آب بالا تر نہو کا

یہ دریا کیا ہی ای شاہ حق آگاہ　　رہونگا تا بہ بصرہ تیری ہمراہ

کسی ملتی ہی ایسی کی رفاقت　　کہ جنگ مشرکین بہی ہی عبادت

مگر تیری فراست سی ہی یہ دور　　ہوا رنج سفر خود تجکو منظور

ابھی زیر نگین کوفہ نہین ہے نگین مین پہری وہان بر اہل کین
پی مصعب یہ ابراہیم بس ہے شرر کافی پی خروار خس ہے
کیا حارث نی یہ اوس سی بیان جب وہ لشکر یکزبان اسپر ہوا سب
کہ خیر اندیش ہی والد یہ مرد بہت دانا بہت آگاہ یہ مرد
سخن اوسکا ہی بندای شاہ مختار گوارا خود نکر تکلیف بیکار
ترا کوفہ کو پہر جانا ہی بہتر ہمین بس ہی براہیم دلاور
مبادا سر اوٹہائین وہ دغاکیش کہ اہل کوفہ ہین بس فتنہ اندیش
وہ ثابت ہی ابہی نادیدہ جنگ زمانہ کا اوسی معلوم کیا رنگ
وہ اہل کوفہ سی سر بر نہو گا جو بدنقشی ہوئی بہتر نہو گا
ادہر مصعب اودہر وہ فتنہ انگیز بجہی کی پہر نہ آتش جب ہوئی تیز
نہ دشمن کو بہی خوش آئی وہ تدبیر کہا مختار سی تو ہو نہ دلگیر
جو یہ کہتی ہین عین مصلحت ہے کرینگی ناقہ مصعب کو ہم بے
یہی منظور جب دیکہا تو مختار چلا کوفہ کی جانب آخر کار

بہی اقبال و دولت کا نشان ہی ۔ کہ مقبول اوسکو رای و دستان ہی
جو خود بین ہی پشیمان ہی ہمیشہ ۔ کہ نرگس و بلہو حیران ہی ہمیشہ
جو اپنی رای و دانش پر ہی مغرور ۔ ہمیشہ رحمت حق سی ہی وہ دور

در بیان ابراہیم [illegible] مختار [illegible]

ہوا مختار جب کوفہ مین داخل ۔ ہوا نقش مخالف اوسکے باطل
بٹہایا شل تعویذ اونکو گہر مین ۔ وہ کافر جو بہری تہی شور و شر مین
بیان ابن اشتر سر بسر ہے ۔ بس اب میدان ہی اور وہ شیر نر ہے
سبہونکا مقصد دلخواہ وہ ہے ۔ کہ ابراہیم عادل شاہ وہ ہے
وہی اب وارث تخت روان ہے ۔ اوسکی زیر خاتم اب جہان ہے
کرونگا جو حکایت اب مین ترقیم ۔ رکہونگا نام گلزار براہیم
پہرا جب وہان سی مختار نکوکار ۔ یہ آب نہروان سی ہو گئی پار
وہ سامان ریاست اور لشکر ۔ ہوا زیب نگین ابن اشتر
نہنگ بحر اور شیر نیستان ۔ تجمل سی روان سوی بیابان

مقام اوسکا تہا جای نوبہ نو روز — مقام و کوچ تہا شام و سحر روز
وہ صحرا جو نہایت پرفزا تہا — ہوا ایک روز وہان لشکر کا ماوا
شگفتہ اوسمین تہی گلہای الوان — کہ ہر قطعہ تہا رشک صد گلستان
یہ مینای تہی سبزہ سی در و بام — کہ بہولا خامۂ ارژنگ کا کام
مصفا ایسا تہا ائینہ آب — کہ اوس سی نیلگون تہا رنگ سیماب
ایاغ بادۂ بہجت تہا ہر گل — ترنم سنج ہر گلبن پہ بلبل
پی سیر و تماشا جمع مردم — گلونکی طرح لبریز تبسم
تماشا در تماشا سیر در سیر — کہ تہا گلزار ابراہیم وہ دیر
دکاندار اور سوداگر بکثرت — مہیا ہر کہین سامان عشرت
نہ دیوانہ سی کچہ ہم مضرت — اوسی بہی خوف زنجیر عدالت
وہ شب عشرت مین لشکر نی سر کی — وہ اتری ماندگی تہی جو سفر کی
چلی یہ وہان سی نکلا مہر سرگاہ — کہ اک کشور مین کب رہتی ہین دو شاہ
ہوا پہر دشت مین اوسکا جو مسکن — کسی نی یہ خبر دی آی تہمتن

بہت نزدیک ہی یہاں سی جو   جہاں شب باش تہا عبداللہ دون
اودہر چلئی مبارک وہ سفر ہی   جو جنگ شیر کین مد نظر ہی
ہوی اوس سمت راہی وہ دلیران   کہ البتہ ہی نامون جای شیران
اودہر سب نی قدم رکہا جو یکبار   ہوا پست و بلند دشت ہموار
نہ تنہا نہی فقط کاو زمین درد   زمین سرخ غبار اور آسمان زرد
وہ شیر نر جو ناموئمین در آیا   برا زخرگاہ اوس نیدا انکو پایا
بکثرت وہ سپاہ ظلم بنیاد   کہ تہا شہر عظیم فتنہ آباد
نہ لشکر بحر عمان اوسکا لشکر   کہ تہا وہ کشتی گرد ونکو لنگر
فقط پامال کیا صحرا ہوا تہا   زمین کا کادوماہی سی کلا تہا
مگر ناموئمین جب آیا براہیم   ہوی ایسی جماعت پراونہین بیم
ہوی صولت سی اوسکی کوہ ہی پست   جماہی اونکو آئی تہی جو سرمست
ہوی شب بند بست یکبار بیمار   گلستان غرور و عجب تہا خار
یہ لشکر جب ہوا اونسی مقابل   تماشای جہان سی اوٹہہ گیا دل

وہ ابراہیم عادل شاہ بے رنج — یہ سرداران لشکر سی سخن سنج

کہ عرصہ تنگ ہی اید وستداران — مقام جنگ ہی اید وستداران

نظر اپنی رکہو فضل خدا پر — فدا ہو جانشین مرتضی پر

گذرنا جان و تن سی مقبلی ہی — اگر عشق حسین ابن علی ہی

مقام اک روز سب کا ہی تہ خاک — برابر ہی قضا تو کچہ نہین باک

کہا سب نی کہ ای سلطان عادل — ترا ارشاد ہی تحصیل حاصل

نہ اندیشہ تہا پہلے کچہ نہ اب ہم — ہمین کیا احتیاج حفظ تقدیم

فدا سبط پیمبر پر یہ جان ہی — ہمین اندیشہ مردن کہان ہی

نہ منہ موڑینگی ہم جنگ و غا سی — دلیری ہم سی اور نصرت خدا سی

سنی او سنی جو یہ تقریر احباب — کہلا فتح و ظفر کا دلپہ اک باب

کئی بہر شگون وس بنیں بسمل — کہ تا بشکستہ ہو بدخواہ کا دل

ہوی بدخواہ بکدبکر جو مردم — سر خورشید نے دستار کے گم

شب تیرہ ہوئی فتنہ کی حامل — اُتر ہی جو تہی پہری وہ سوے منزل

دہی

رہی دونوکو فکر تاخت تاراج | سر آرام تہا بالین کا محتاج
وہ شب انکہونمین کاٹی شل اختر | غرض خورشید نی کی وہ مہم سر

جنگ نمودن ابراہیم با لشکر بالاسہ بن صبح جب شبہ منہزم جو ادا

شب خونکا تردد ہو گیا دور | ہوئی مردانگی دونوکو منظور
سواراں جو ہر جانب سی برن | نیستان ہو گیا نیزونسی ہامون
ہلال آسا چمکتا تہا جو خنجر | صف لشکر تہی گردونکی برابر
علم ہر رنگ کا ہر سو نمودار | وہ صحرا ہو گیا تہا رشک گلزار
ششش وسی الف دشمن کا وہ لشکر | ادہر تہی ثلث سی دو چار کمتر
تہمتن نی کہا درقاسی ای شیر | کرونگا سرکشونکو آج مین زیر
جہان مین ہی جوان وہان تو بو صف آرا | مقام شیر نرہی شیر کی جا
وہہان آیا روانہ وہ ہوا وہان | ہوا گلزار ابراہیم میدان
لبان شیر نر وہ ابن اشتر | کبہی تہا میسرہ پر گہہ یمین پر
پکارا عرصۂ کین داد بیداد | ہوئی عریان جو وہ شمشیر فولاد

عصای موسوی وہ تیغ خونریز ۔ فرو جنی گئی تہی اژدہا دم
کبہی نیزہ کبہی تیر اور کبہی تیغ ۔ وہ برساتا تہا اونپر صورت میغ
ہوی بسمل وہ تنہا سی ہزاروں ۔ ہوی دو دل وہ تنہا سی ہزاروں
وہ گرما اور فروزان آتش کین ۔ زمین تہی گرم مثل دشت سجین
ہوا تہی گرم مثل دود شور ۔ ہوی بس محترق وہ فوج مقہور
حرارت تہی ہوا کی قابل سیر ۔ ہوا مرغ کباب اوس سی ہر اک طیر
ترقی فلکی تہی آتش کا بڑہنا ۔ غضب ہے شعلہ سرکش کا بڑہنا
وہ سر اپنی ہوا تن سی جدا جو ۔ زمین پر آتی آتی جل گیا دو
تف خوراک بلا کا سامنا تہا ۔ کہ شعلہ سر پہ اور آتش تہ پا
غلام ساقی کوثر ہر اک سیم ۔ نہ اوس حدت سی تہا مضطر براہیم
تہمتن تہا محب میر کوثر ۔ بہا خون عدو سی اوسی ساغر
جہاد مشرکین سی تہا نہ قاصر ۔ ہوائی تند اوس آتش کی خاطر
نہ جہلی خصم نی تلوار کی آنچ ۔ غضب ہے آتش ہتیار کی آنچ

ہوی

ہوی بدخواہ میدانسی روانہ — ملا گرم اونکو حدت کا بہانہ
وہ شعلہ کیطرح دنبال لشکر — کف جرأت مین تیغ برق پیکر
اودہر وہ برقانی پیچ وتاب کہایا — قدم شعلہ صفت آگی بڑہایا
وہ ماموں ہوگیا دریای آتش — غضب محشر قیامت تہے کشاکش
سپہر کینہ تہا میدان پیکار — ہوی قوس قزح ہر تیغ خونبار
یہی غل تہا وہ جل نکلا یہ بہاگا — قیامت تہی یہی قایم کوئی کیا
کہین ٹہری سمٹ کر کروہ بدین — ہوی تیربلان رجم شیاطین
ہزیمت سی ملا اونکو مفر کیا — بچی تہی بہاگ کر وہ فتنہ گر کیا
تلف کتنی ہوی گہوڑونسی گر کر — کیا تہا ترک میدان کیسلئے تہر
کہون کیا مین ہوا اونکا جو احوال — وہ کوسون صورت جادہ تہے پامال
شعار چرخ ازبس مہر وکین ہے — ہمیشہ اک وتیرہ پر نہین ہے
کبہی دشمن نوازی اسکا ہی کار — کبہی ہی دوست سے سرگرم پیکار
کیا اون باقی ماندونکا یہ چارا — کہ خورکار رخت خونریزی اوتارا

سیاہی ہو گئی ہر سمت حایل — پہر اپنی طرف وہ شاہ عادل

نوید فتح سی شادی یہان ہے — کمر بشکستہ وہان مثل کمان ہے

فغان کرتی تہی وہ مثل بی پیر — یہان جمع غنایم کی تہی تدبیر

ہوا آبادیہ لشکر سراسر — لبان غنچہ ہر مٹہی مین تہا زر

پشیمان تہا وہ عبداللہ ناکام — بہی اوس نقص پیمانکا تہا انجام

یہ کہتا تہا جماعت اب ہی مشکل — ہوی ہین تہ ہزار اک روز بسمل

یہ تعرضی تہی یہان اوسکی برابر — کہ نخل کیتہ برکندہ ہی بہتر

جہان برباد جو آئی فتنہ کر ہی — یہ تیری نقص پیمانکا ثمر ہے

نامہ نوشتن عبداللہ [illegible] لشکر [illegible] و مان ان

ہوا پہر جلوہ گر دارای خورشید — کہ گردون ہر سحر ہی جابی خورشید

غبار ذکر و مطلق ہو گیا دور — ہوا روی زمین آئینہ نور

کیا مصعب کو ظالم نی یہ ترقیم — کہ ای فریادرس داد از براہیم

ہوا اک تخت زایل تیرا لشکر — بلکہ تہا نفس باطل تیرا لشکر

جو سامان ریاست تھا گیا وہ | مری انکھونکی اگی سب لیا وہ
وہ ہی مجروح جو لشکر ہی باقی | چہارم فوج سی کمتر ہی باقی
جو دیکھا میں نی وہ دشمن نہ دیکھی | تلف یوں برق سی خرمن نہ دیکھی
قدر ہی یا قضا ہی ابن اشتر | بشر ہی یا بلا ہی ابن اشتر
نہ خنجر کارگر اوس پر نہ تلوار | مگر فولاد کا ہی وہ جفا کار
اگر مہری کریگا تو نہ امداد | اوٹھانیکی وہاں طوفان یہ باد
وہاں سی دور تری کو یہ طوفان | یہ کشتی ہی ضرور ای مرد ذی شان
یہ ہی پند و نصیحت بہر احباب | بہت اقرب ہی بعد اتش و آب
پڑہا مصعب نی جب مضمون نامہ | ہوا دل چاک اوسکا مثل خامہ
بہت پیچ اور نہایت تاؤ کھایا | نہ تدبیر کو کیا کب اپایا
مگر اوس فتح نی توڑی ہی اوسکی | طبیعت اوس سی بس ہو رہی تھی
ہوا تھا غائبانہ وہ جفاکار | عدوی جان ابراہیم و مختار
چلا کشتی پہ ظالم صورت باد | مگر دریا صفت لبریز فریاد

نگون اقبال تہا وہ مرد سرکش — نہین ہی حامی عامل بجز آتش
وہ غافل ہی رہی فتنہ سی جو دور — وہ غافل ہی جسی فتنہ ہو منظور
کسی اک دیر مین اوترا وہ بیدین — مگر تہا بت پرستی اوسکا آئین
ہوا اک پیر ترسا سی مددخواہ — خدا کو اپنی بہولا مرد گمراہ
یہ مکر اوس سی کیا اوسنے وہ تدبیر — ہوا وحشی اسیر دام تدبیر
کی جاسوسی فوج مسلمان — کیا اوسکو مقرر وای ایمان
لباس نوکیا ترسانی طیار — ہوا رخت قدیمی سی وہ بیزار
اسی کہتی ہین رحمت اور ہدایت — اوتارا جسم سی رخت ضلالت
وہ جاسوسی اوسی حصن یقین تہے — جزاک اللہ کیا رای مہمن تہے
مگر وہ شاخ زیتون کا عصا تہا — طریق راستی کا رہنما تہا
اسی صورت سی جب افغان و حزن — ہوا وہ داخل فوج مسلمان
تہمتن نی اوسنی دیکہا جو ناگاہ — کہا یہ شخص ہی جاسوس واللہ
کسی خادم نی پکڑا جب اوسنی نگ — زنخ ترسا سی کہو یا ترس نی دنگ

تہمتن نی کہا ای مرد عیار — عیان ہی وضع سی تیری ترا کار
نہ رکہ مجہسی نہان راز پنہان تو — عزیز اپنی اگر رکہتا ہی جان تو
زبان اوسنی پہ تقریر کی باز — بس تہمتن پہ ظاہر ہوا راز
مجہی مصعب نے آوارہ کیا ہی — ستم نی اوسکی بیچارہ کیا ہے
تری پاس اوسکی لایا ہون فریاد — کہا یہ ہی غلط ای مرد آزاد
اگرچہ ہی بہت شیرین سخن تو — مکر کرتا ہی مجہسی مکر و فن تو
تو ہی جاسوس یہ میرا گمان ہے — غلط کہتی ہین سرتاپا زبان ہی
کرونگا قتل ورنہ نہین تجہکو — بہت پہونچاونگا تعذیر تجہکو
کہا اوس پر نی ای زیب اورنگ — نہ میری قتل پر کس تو کمر تنگ
بحق ابن مریم ای شہ دین — نہین ہی کذب میرا دین و آئین
مجہی مختار سی کر پہلی آگاہ — وہ مرد دین ہے یا ہی طالب جاہ
اگر وہ بہی ہی مثل مصعب دون — نہ کام آئیگی اوسکی کوشش خون
کہا اوسنی وہ ہی مرد مسلمان — دل و جان سی محب شاہ مردان

جہاد و جہد یہ بہر خدا ہے — کہاں جاہ و دولت ناروا ہے
کہا اوس نے پھر نبی الحمد للہ — ہوا تیری ارادہ سی مین آگاہ
مری بہی حال سی ہو تو خبردار — مین ہون تورات خوان اہم حبرآ
کتاب اللہ سی ہی مجکو معلوم — محمد سی محمد تک ہین معصوم
علی خیر البشر کا جانشین ہے — حسن اپنی پدر کا جانشین ہے
حسین ابن علی مذبوح خنجر — وصی مصطفی ہی بشل حیدر
امام وقت ہی وہ زین عباد — پدر کی غم سے جو اتک ہی ناشاد
مجھی مصعب نے یہان بہیجا تہا واللہ — کہ ہو میری طرحسی یہ بہی گمراہ
سو جانا مین نہین مرد بد انجام — کہ ہون خصم محب آل اکرام
ہوا یہ کہتی اوسکو جوش رقت — کیا پہر اوسنی اقرار شہادت
مسلمان ہو گیا وہ پیر ترسا — کہا سن اے برادر حال میرا
ہوا تہا پہر جاسوسی مقرر — مگر آب شاق ہی وہ امر مجہپر
تیرا اوس سے ہے نجسی تولا — مین تیری طرح ہون بدخواہ اوسکا

نامہ فرستادن ابراہیم مدبت حضرت سوی مصعب و گشتہ بہ مصعب حارث را

ہوا خوش وقت وہ سلطان عادل — لیا اوسکو بغل مین صورت دل
یہ دانای حقیقت کی ہی تحریر — ہوا جب صاحب اسلام وہ پیر
لکہا مصعب کی خاطر بہر فرمان — کہ ای شخص زبون مرد پریشان
زمانہ مین نہین تجہسا سیہ دل — پی دنیا ہوا ہی دین سی غافل
نہین ہی جنگ مین تجکو دلیری — یہ گویا زندگانی سی ہی سیری
اگر ہی رہنمونی ابلیس تیرا — چلی کا مجہسی کیا تلبیس تیرا
وہ ہی پیمان شکن جسکا ہی تو یار — شریک اوسکا نہو زنہار زنہار
رہ طی کردہ سی رجعت ہی بہتر — یہ صحبت زشت ہی خلوت ہی بہتر
حیا و شرم ہی ای مرد درکار — ہوئی ہی ریش تیری زعفران زار
وہ ترسا تجہسی بہتر ای بد ایمان — کہ تو مرتد ہی وہ ہو مسلمان
نہو ای ننگ دین امادہ مرگ — طریق دشمنی ہی جادۂ مرگ
مسلمان کی لئی عزت ہی درکار — بدر آسا نہو لعنت کا خروار

وہ حارث تہا نہایت نیک طینت | مقرر جو ہوا بہر رسالت
کہا ہی جسکا پہلی ہمنی مذکور | عجب کیا ہی وہی گر ہو یہ مسرور
تہمتن نی کہا اوس سی کہ ای یار | تو ہی ہی اس رسالت کا سزاوار
یہ خط دیکر نہ کرنا وہان توقف | مبادا ہو اوسی حیف و تاسف
کہا حارث نی اوس سی ای براہیم | نہین اہل فنا کو مرگ سی بیم
برابر مرگ ہی تو اس سی کیا باک | کہ سبکا ہی مقرر اکدن تہ خاک
جفای اہل شر سی کچہ نہین غم | اونہین کی خنجر کو خونین کفن ہم
عزیز آل پیمبر سی نہین جان | جو وہم مرگ سی ہین ان پریشان
رکہا نامہ جو لیکر اوسنی سر پر | ہوا نام اوسکا اس دفتر سی باہر
ہوا شوق شہادت مین روانہ | لبون پر اوسکی جرات کا فسانہ
سپاہ خصم مین آیا وہ جرار | ہوا ابن زبیر اوس سی خبردار
وہ بیٹہا با تکلف انجمن مین | دلیری تا نہو اوس سی سخن مین
رکہا نامہ تو وہ پیش ستمگر | ہوا حارث نہ لیکن دست [illegible]

که وه مشرک تها اور تو اهل ایمان
سلام اوسپر کری کیونکر مسلمان

هوا نامه سی وه نار جهنم
شرر خرد از آتش سی نهین کم

کها اس خط سی دل میرا ہے ناسور
سلام اوسپر کیا تو نی نه مغرور

اگر صد جان هی تیری بدنمین
سمجه اپنی بدنکو تو کفن مین

تری ایمر دجز نفرین مختار
رہای ہاتہ سی میری ہی دشوار

کها اوسنی مجهی در کار جان ہے
ترا الہی مین کیا سر از زبان ہے

مجهی دی حکم منبر پر جو ہو نمین
که تیری فضل کا خطبه پر ہو نمین

کرون بعد اوسکی مین دشمن په نفرین
همیشه سی یهی هی رسم و آئین

ستمگر خوش هوا وس سی نهایت
ملوکانه هوئی ترتیب صحبت

کیا منبر په وه مرد سرافراز
کیا سر حقه حمد خدا باز

هوا جب گلشن وحدت سی باہر
رکها گلدسته نعت اوسنی سر پر

پهر اوسنی خامه ایمان کبا آل
که حب اهلبیت ایمان په ہی دال

بتاکو سبط نبی کی پهر شهادت
هوا هر نیک و بد کو جوش رقت

خطاب اوسنی کیا پھر حاضرین سے
مین خط لایا ہون ارباب یقین سے

بنی مصعب کہ وہ ہی مرد بددین
مسلمان سی اوسنی ہی بغض و کین

مجھی کہتا ہی یہ مردود بدخواہ
کہ ہو مانند مصعب تو بھی گمراہ

برا کہ اونکو جو مردان دین مین
سو لعن اسپر ہی وہ ایسی نہین مین

تبرا اور لعن اسپر ہی واجب
کہ یہ مردود ہی دنیا کا طالب

نہ آخر وہ ہوئی تھی اوسکی تقریر
کہ اس جلادنی مارا اوسی تیر

بروپال شہادت ہو گیا وہ
عزیز رت عزت ہو گیا وہ

کیا اوسکا جدا جب بند سی بند
ہوا شاہ شہیدانسی وہ پیوند

جب اون ٹکڑونکو دریا مین بہایا
قضائی کارسازنکو دکھایا

کہ پیوستہ ہوی اعضای پیکر
پشیمان تا جفا ہی ہو ستمگر

پس اولاد مسلم وہ دلاور
ہوا دریای رحمت کا شناور

جفا سی منفعل اہل جفا سے تھے
اوسیکی تذکری بس جا بجا تھے

تعجب اور حسرت ہر کسیکو
نہوتی تھی ہدایت پر کسیکو

دیونسی تہا نہ بغض مرتضی کم ❊ کہین خرچوب سی ہوتا ہی آدم

جو حیوان ہو وہ کیونکر آدمی ہو ❊ نہین یہ دیو سی ممکن پری ہو

شنیدن [illegible] و تاختن [illegible] ان بر [illegible] تعاقب [illegible]

یہ بہتر ہی کہ اسکی ہو تمامی ❊ کہ حنظل سی ہو حاصل تلخکامی

تہمتن جب ہوا اوس سی خبردار ❊ ہوا رہوار بیتابی پر اسوار

پرش کفار کرتی تہی نخستین ❊ کیا اونسی خلاف رسم و آئین

غم حارث سی تہا وہ شیر بی صبر ❊ اوٹہی کب شیر سی روباہ کا جبر

وہ لشکر اور سرداران لشکر ❊ چلی یہ کی عقب مانند اختر

تک و تاز سواران کا یہ اسلوب ❊ کہ وہ میدان تہا پیچیدہ مکتوب

پیادی تہی وہ شطرنجی پیادی ❊ سواروں سی فزون اونکی ارادی

وہ رایت مختلف تہی جنکی الوان ❊ فرنگستان ہوا اونسی بیابان

قیامت شور و شر ہر چار سو تہا ❊ کہ طوفان اوس تلاطم سی فرو تہا

ہوا تہا زہرۂ گاو زمین خون ❊ زمین کیسی سراسیمہ تہا گردون

ہوا نزدیک اوس جب براہیم
کرا مصعب نے سر پر شکر بیم

وجود اوسکا کرانسی ناکران تہا
نکہ شکر کہ وہ ریگ روان تہا

نہ آسودہ ہوا وہ رنج رہ سے
مقابل ہوکیا اوسکی سپہ سے

کیا زیر و زبر اونکو نہایت
ہوئی پس پا ستمگر کی شجاعت

قیامت اوسکی وہ شیرانہ تہی جست
ہزارون ہی ستمگر ہو گئی پست

کرا تہا گرچہ آتش نہ مین وہ بی بیم
سلامت تہا خلیل آسا براہیم

بہت مصعب نے تعریف و ثنا کی
جلادت دیکہ کر شیر وغا کی

کیا مردان لشکر سی بیان یہ
کہ مجہی لیکیا تاب و توان یہ

نہ آیا کثرت لشکر سی کچہ باک
کہ مین یکصد ہزار اسوار صفاک

سلامت پہر گیا یہانسی وہ بیدرد
کوئی انمین نہ تہا ہمرزم ناورد

وہ رنج راہ سی خستہ تہا رنجید
تمہارا چل سکا اوس پر نکچہ بند

اگر آسودہ ہوگا وہ بلاکیش
ہزارون کی سر و سینہ مین بہر نیش

کیا اوسنی مجہی راحت کا محتاج
رکہیان بصرہ کہان وہ تخت افسر تاج

کہا لشکر نی ای مرد قوی بال
ہوا ہی ایسا خستہ کیون ترا حال

پرش کرتی ہین ہم دلکو قوی کر
عبث ہی رنج و غم دلکو قوی کر

کمر لشکر نی باندہی بہر پیکار
پڑی طبل و دہل پر چوب یکبار

معاذ اللہ کیا غوغا تہا ہر سو
کہ بہاگی شیر صحرا مثل آہو

لہون کیا فوج کین کی پای مردکے
ہوا تیرہ سپہر لاجوردے

زمین صرف ہوا تہی صورت دود
ہوا کا رنگ تہا خاکستر آلود

ہوی زندی سی کیا لغرونسی مضطر
کہا مردون نی بہی محشر ہی محشر

تہمتن نی جو دیکہا وہ سپہدار
سع لشکر ہوا ہی گرم پیکار

کیا اوس شیر نی بہی قصد جنگاہ
لیا فتح و ظفر کو اپنی ہمراہ

مقام اپنی سی آیا وہ جو باہر
دو خنداں ہو گئی بس شورش و شر

کرین شورش کا دو دریا ازادہ
کوئی طوفان نہین اس سی زیادہ

ہوئی جب دم علم شمشیر و بازو
دو دستی ہٹیا ہر فتنہ نی زانو

یہ اون گردون رکابو نکا ہو جوش
سر خورشید سے بہی اڈ گیا ہوش

سنان نیزہ کا شعلہ تھا یہ تیز | کہ شاخ اوسکی ہوئی تھی شاخ گلریز
دل ہر سنگ برق تیغ سی ما آب | صدای لرزا سی تھا کوہ سیماب
بھری ایسی عقاب تیر زین باد | کہ مرغ آسمان کرتا تھا فریاد
شرر افشان تھی یہ کو بال و شمشیر | کہ خاکستر ہوا تھا بیشہ شیر
ہوا تھا سوجہ خون ہر تبر زین | کہ زین کیا دامن صحرا تھا رنگین
تماشاگاہ پیکار براہیم | زمین مقتل کی گلزار براہیم
یزید ابن انس سی جنگ زان | فلک کو انقلاب اورون لرزان
جد تہور فانی کی تیغ آزمائی | وہ سارا دشت قرطوس حنائی
ہوا تھا لالہ زار احمر سی صحرا | گرا تھا تیغ سی لاشی پر لاشا
یہ نا آسودہ اور آسودہ وہ تھے | یہ خوش تھی اور الم آلودہ وہ تھے
کسی سی وہ لڑی ہمت تھی یہ کب | تماشا دیکھتی نکلا یہ مصعب
جو برق تیغ سی یہ صف تلف تھی | جگہ اوس حملہ جو کی پہر وہ صف تھے
ہوا یہ گرد سی آلودہ رو مہر | گیا دریای مغرب مین فرو مہر

اوڑا پہریہ غبار شکر رنگ | ہوا رخت جہان لعبہ کا ہمرنگ
پہرا اپنی طرف ہر ایک لشکر | کہ راحت کی لئی ہی شب مقرر
بنا خونبار مصعب مثل شبنم | نہ شب کو بہی درد اوسکا تہا کم

کشتہ شدن عبداللہ مطیع از دست ابراہیم و حملہ نمودن مصعب بر ابراہیم

عبادت مین تہا ابراہیم مشغول | کہ اوس مقبول کی تہی فکر معقول
سحر کہ پہر دہی خصمی وہی قہر | بلا سی تہا مقابل فتنہ دہر
پہر ائی معرکہ مین وہ اولی العزم | وہی خصمی وہی کینہ وہی رزم
تلاطم پر اگر تہا آب بصرہ | مثل تہا فتنہ انگیزی مین کوفہ
دو لشکر پہر ہوی امادہ جنگ | کہ تنگ اپ کیا میدان ہوا تنگ
دم شمشیر طوفان تہا سر کوہ | دلیرونکی تہی گویا پشت پر کوہ
زمین کو کرتا تہا کیا ہلا یا | بدن خورشید کا بہی تہرتہرایا
نہ پہر زینت کلکون تہی وہ رایات | ستون سقف گردون تہے وہ رایات
کیا جسنی بختین عزم میدان | وہ ابراہیم تہا شیر نیستان

ہوا کا مغفر ز خشت سنگ سپر — کبہی وہ سیل طوفان اور کبہی طیر
بلند تن جب ہوا وہ کوہ پیکر — گرا کوہ گران روی زمین پر
نظر مصعب کے تہی ہر چہار جانب — کہ دیکہون جنگ کا ہی کون طالب
جسی کرتا تہا وہ ظالم اشارا — وہ ہوتا تہا وہانسی اک کنارا
نہ لشکر سی وہ بی تدبیر سے نکلے — کمانون کی بغل سی تیر نکلے
ہوی مجروح ہونی سی وہ بیباک — چلا شیر جیسی ہو غضبناک
نہین کرتی ہین جانین کبہی دیر — رمہ مین گرگ اور روباہ مین شیر
بہلا کیا تیر چلتی بہر وہان سے — خم شمشیر باہم تہا کمان سے
اونہین جب رکہ لیا گرز گرانبر — ہوس کیا مغز سی خالی ہوی سر
وہ صف کی صف نظر آئی صف گرم — پہری پہر بزم کو وہ صاحب عزم
وہان قایم ہوئی جب دوسری صف — چلی وہ مثل آتش نیزہ بر کف
کیا پس پا اوسی برق سنانسے — پہر آی وہان کئی تہی وہ جہانسے
ہوی جب تیسری صف وہان فراہم — اور اسباب دغا سی سخت محکم

کری

کری چہت باندہ وہ صورت تیغ — نی نیزہ سی لپٹی آتش میغ
بجہی طوفان سی آتش شر کیا — جہان کہسار جل نکلی لشکر کیا
نہ ٹہری غازیونکی تیغ پر وہ — پچہی مانند صف آئی نظر وہ
زمین پر کاڑ کر نیزہ کو یکبار — یہ مصعب سی کہا اب مرد بدکار
نہین لشکر مین تیری میرا ہم جنگ — توہی ای بجیا ہو کرم آہنگ
ہوا وس حرف سی دشمن نشان بران — جو خود کردہ ہو کیا ہی اوسکا درمان
کہا عبد اللہ سی ای تا سر انجام — تری دولت ہی یہ رسوائی عام
گران ہی لاف دشمن سی مجہی تاج — نہین تجکو خیال تاخت تاراج
بلای سخت کو کر مجہسی تو دور — نہین ای بجا ہو زندہ درگور
غرض وہ دشمن آل پیمبر — ہوا دریای آہن مین شناور
زرہ آئینہ مغفر دستانا — وہ سب پہنی نہ جہوڑا ایک بانا
نہ بہر پای مردی تہا گران تر — پڑا دام قضا کا اوسپہ لنگر
سوار کوہ لیکن زرد و بیمار — ہوا تہا بہر خندہ زعفران زار

ستایش اور ثنا اپنی بہت کی
ستایش نا سزا اپنی بہت کی

تہمتن نی کہا ای مرد غافل
اجل پہونچی ہی جنبی سی اوٹہا دل

اجل ہوتی ہی اوس بره کی رہبر
سفر جسکا ہو صحرا ای غضنفر

دلاور نی کہا ای مرد مغرور
عجب ہی شیر بره سی رہی دور

نہین ہی شیر کو بره سی کچہ بیم
غضنفر ہی تو آتش براہیم

وہی مین ہون وہی میدان وہی تو
ہوا ہی امتحان تیغ و بازو

کبہی تجکو نہتی ایسی دلیرے
مگر ہی زندگی سی آج سیرے

ستیز نیزه ہوی وه قصہ کوتاه
ادہر تہی آفرین تو اوسطرف واه

رہی پرخاش نیزه او نمین تا دیر
برابر تہی نہ یہ بالا نہ وه زیر

بس نیزه ہوی جب تیغ افگن
تو رودی اونکی خاطر دوست دشمن

کہ خنک تیغ ہی سب سی خطرناک
قضیہ اس سی ہوجاتا ہی بس پاک

کیا دست تہور اوسنی جب باز
ہوا ہوش مخالف کرم پرواز

سپر مین تہا نہان تو وه ستمگار
شرارا خاک سی بہی ہو نمودار

بہی

بڑہی سپر جو وسلی برق شمشیر — کہ قتل پر آگئی ٹہرا فرق شمشیر
سپر حائل ہوئی نی خود و جوشن — دو بارہ سبب ہوی مانند دشمن
ہوا توسن سی جب وہ مائل خاک — اوٹہا یہ شور و غل حسن کم جہان پاک
فساد و فتنہ کا ہی بس یہ انجام — کیا وہ بچیا دنیا سی نا کام
تن مصعب سی طاقت ہوگئی گم — دو بارا وہ ہوا اسکی کمر خم
ستمگر نی جو دیکہا ماجرا یہ — تو اونسنی اپنی لشکر سی کہا یہ
امید فتح جو تہی وہ ہوئی یاس — فقط اب مجکو رسوائی کا ہی پاس
ہزیمت رات کی بہتر ہی دن سے — نہین عرصہ بہت کمتر ہی دن سے
نجھوڑو شام تک تم کریہ میدان — بدا قبال کو ہی مصعب احسان
کہا لشکر نی بہتر ہی یہ تدبیر — ہوی پہر جمع وہ جلنی لگی تیر
چلا وہ شیر نر پہر سوی جنگاہ — یلان فوج کو لی اپنی ہمراہ
ہوا میدان وہ میدان محشر — نمایان ہر طرف سامان محشر
ہوا محشر یہ بر وئیہ کی دم سے — کہ مردی چونک اوٹہی خواب عدم سے

کیا اغوش مین اوسکو بہت تنگ ۔ تہی ہی سیوہ یاران یکرنگ
از قاتل نثار اوسپر کیا تہا ۔ وہ زر کیا دل نثار اوسپر کیا تہا
تا کی فوج کی حد سی زیادہ ۔ دو چندان ہوگیا اوسکا ارادہ
ہوا کوفہ مین داخل جب براہیم ۔ کیا مال غنایم اوسنی تسلیم
وہ نقد جنس جو شایستہ تر تہا ۔ علی ابن الحسین کو اوسنی بہیجا
جو باقی تہا دیا لشکر کو انعام ۔ ہوی وہ بندہ سلطان اسلام
ہوئی پہر نوبت عرض اسیران ۔ کہ تہی شش الف سہ صد وہ پریشان
دیا احکام قطع بینی و گوش ۔ کہ تا اونکو ہو خود بینی فراموش
دم تعزیر کہتی تہی وہ غمناک ۔ ہماری کیا یہ مصعب نے کئی ناک
یہ بر آئی جو حاجت حسب دلخواہ ۔ رکہی نذر خدا کی صوم دو ماہ
پی شکرانہ نعمت وہ مختار ۔ کرم کرتا تہا دیتا تہا نہ آزار
مساکین پر کئی اوسنی وہ احسان ۔ بجز فتنہ نہ تہا کوئی پریشان
سخا پیشہ ہوا معروف و مشہور ۔ کیا آوازہ مختار بس دور

نتیجہ ہی اوسی لطف و کرم کا — کہ اب بہی دکر ہی اوسکی ہم کا

نامہ نوشتن مصعب ابن زبیر مدد انجام برای عبداللہ بطرف حرم و برافزا ابن جرم نوبا

پی تحریر پہر خامہ ہوا تیز — کہ وہ ابن زبیر فتنہ انگیز

ہوا جب یاری لشکر سی بی آب — کہولی سو دلیہ باب وہم و وسواب

لکہی پہر مدد دو اونی فرمان — اک عبداللہ کو اک سونی مردان

یہ عبداللہ کی خط کا تہا مضمون — کہ ہی دل جور ابراہیم سی خون

ہوا ابرباد اوس سی بیر لشکر — تری عامل کو مارا ہی برادر

ہوا اوس سی جو عبداللہ دونیم — مگر آرا ہی شمشیر براہیم

سر فتنہ اوٹہا ہی پیش از پیش — مجہی ڈر ہی نہو تو بہی جگر ریش

نہیں ہو نامین اپنی جان و مال پر — مجہی افسوس ہی سارے جہان پر

ترقی پر ہی روز اوسکا مراتب — خیال اپنا ہی ہر غافل کو واجب

جو گذرا تہا کیا مینی وہ ترقیم — تو جانی اور مختار و براہیم

ہوا مضمون خط سی جب وہ آگاہ — وسی پیدا ہوی اک فکر جانکاہ

سرافگندہ ہوا مانند زن وہ | سجاہی تہا نہ مرد تیغ زن وہ
اعانت سی بہی عاجز بجا تہا | کہ آپہی وہ گرفتار بلا تہا
جگر خون اوسکا تہا اہل یمن سے | عقیق دل نکلنی تہی دہن سے
جواب خط لکہا اوسنی یہ آخر | کہ مین تیری اعانت سی ہون قاصر
یمن سی جب مجہی ہووی فراغت | کرونگا اوسطرف کی مین عزیمت
تجہی پہونچائی ہی جو اوسنی ایذا | عوض وہ ابن حنفیہ سی لونگا
پڑہا مصعب نی جب خط برادر | کہا لعنت خدا کی اوسکی اوپر
کیا مردانگو پہر اوسنی تحریر | تری تدبیر پر نازان ہی تقدیر
توہی فرمان روا ہی مہر و ماہی | تجہی سجتا ہی تاج بادشاہی
مری درد جگر کا ہو تو چارہ | کہ دل مختار سی ہی پارہ پارہ
ترحم کی ہی قابل میرا احوال | کہ ہون بدخواہ کی ہاتہون نپامال
خمیدہ پشت ہی جور عدو سی | گرفتار بلا ہون کینہ جو سی
میری امداد کر ای حاکم شام | کرونگا داخل خطبہ ترا نام

نہین مختار کچہ میرا ہی دشمن | ترا ہی ہی مخالف ای تہمتن
کیا مروان نی جب نامہ کو مفہوم | جواب خط کیا اوسکو یہ مرقوم
پریشان تو نہ ہو خاطر کو رکہ شاد | مین لشکر بہیجتا ہون بہر امداد
عبیدہ کا اودہر ہی عزم و آہنگ | سمجہ تو عارضی دشمن کا نیرنگ

فتنہ برانگیختن عبداللہ زبیر در حرم و قید نمودن محمد
حنفیہ را و رسیدن مدد

ہوا اوس خط سی خرم وہ بد آئین | اوسی تحسین لگی اور بہائیکو نفرین
کتاب معتبر روضۃ الصفا ہی | یہ قول جعفری اوسنی لکہا ہی
درستی پر ہوا جب کار مختار | گئی مکہ مین وہ کوفہ کی اخبار
ہوا ابن زبیر اوسکا بدی خواہ | جسی عبداللہ کہتی ہین بافواہ
دغا کیش و جفا جو و بد انجام | حرم مین تہا مکین مانند اصنام
حسد پیشہ جو تہا وہ زشت بنیاد | طبیعت سی کیا یہ فتنہ ایجاد
کہ مین بہی ہون سزاوار امامت | کرین یہ اہل مکہ مجہسی بیعت

فقط تھی بہر ایذای محمد — یہ اوس بد خواہ دین کی کوشش و کد

کہ وہ مولا بہی کعبہ مین مکین تہا — غم شبیر سی اندوہگین تہا

کیا تہا در کو روی خلق پر بند — نہ تہا رہنی سی اوسکی وہ رضامند

یہ پہیلا یا تہا اوسنی اسلی دام — بر آئین اوسکی اک حیلہ سی دو کام

کہا اوسنی اگر بیعت کا اقرار — تو پہر خارج خلافت سی ہی مختار

اگر خارج ہوا وہ اس عمل کا — معاوض کیجیو جنگ جمل کا

دیا اوسنی محمد کو یہ پیغام — کہ ای آغاز تو مانند انجام

زبیر و مرتضی کا ہی عیان حال — کیا تیری پدر نی اوسکو پامال

نہین ہی تجہسی کاوش مجکو چندین — پدر کی خون کا وارث ہی فرزند

خصومت کو نہین تجکو تظاہر — مری تجہسی نہین ہی جمع خاطر

مجہی بہر تسلی ہی یہ منظور — کہ تو نہین تجہسی بیعت تا بمقدور

طریق صلح ہی یہ ای نکوکار — خلافت سی کنارا کش ہو مختار

تری باعث ہی یہ اوسکی امارت — تری بیعت سی کی ہی اوسی بیعت

نہین

سنی جب ابن حیدر نی وہ گفتار کیا پیغام پر سی بس یہ اظہار
مجہی دی اک مہینی کی وہ مہلت کرونگا بعد اوسکی اوس سی بیعت
یہ بہتر ہی اگر وہ اسکو مانی نہین تو جو صلاح نیک جانی
کہ ہی اس سرزمین مین فتنہ برپا محمد سی ہوا ہی یہ نہو کا
نہین ہی تجہسی کچہ نیکی تو ممکن بدی ہم سی نکر ای نیک باطن
تامل سی سخن کر ای توانا غضب ہی کر کہی تجہا یہ دانا
زبیر و طلحہ کا قاتل علی ہے سمجہ تو اسمین کیا راز خفی ہے
علی کا روحد بر سی ہی او در حق پہرا جو حق سی وہ کافر ہی مطلق
علی نی اہل ایمان کو نہ مارا یہ کافی ہی پی عاقل اشارا
نہ کر بدنام تو اپنی پدر کو نہ نسبت شر سی دی اہل عنبر کو
یہ گہر اللہ کا ہی ای فلانی یہان لازم نہین ہی جو لفغتانی
حریم کعبہ ہی بہر عبادت یہان لازم نہین جنگ و ضلالت
کہان مختار اور بیعت کا اقرار مری قنبر کو بہی اس بات سی عار

تری قسمت مین کب ہی یہ سعادت | لڑی تو بہر فرزند رسالت
اوسی لیکر بنام اشرف الناس | گیا جب ابن عبد اللہ عباس
بر آشفتہ ہوا سنکر یہ پیغام | وہ مرد بیحیا ننگ اسلام
محمد نی کئی عذر اوس سی ہر چند | پر اوسنی چاہ زمزم مین کیا بند
دل اوس ظالم کا تہا کیا سنگ اسود | اوسی تہی ابن حنیفہ سی یہ کد
سنی مختار نی جسدم یہ اخبار | روانہ کی اودہر یک فوج جرار
ہوا اوس چاہ کا مالک وہ بنکر | نکالا چاہ سی یوسف کو باہر
ملا جب خضر کو وہ آبحیوان | ہوا یہ مثل اسکندر پشیمان
اگرچہ قتل کا تہا اوسکی مقدور | ہوا یہ ابن حیدر کو نہ منظور
زمین کعبہ ہو آلودۂ خون | عمل یہ ہو خلاف حکم بیچون
ہوئی کچہ صلح اودن دونو مین آخر | گئی کوفہ کو پہر وہ فوج قاہر

مادہ شہادت عبد اللہ زبیر [illegible]

ہوا روضۃ الصفا کا ختم احوال | لکہون مختار نامونکی اب اقوال

کہا عبداللہ نے پھر نقص پیمان ‏ ‏ ہوا سجادہ احمد کا خواہان

نبی سے ارث مین پہونچا ہے ہمکو ‏ ‏ امیرالمومنین ہو تمین مجھے دو

تمہین تنہا نہین ہو اوسکی مختار ‏ ‏ نبی کی ارث کی امت ہے حقدار

کہا حضرت نے اوس سے اے بداعمال ‏ ‏ بہت یہ امر ہے دشوار و اشکال

کہان تو اور کہان سجادۂ پاک ‏ ‏ ہوا اتنا بھی اے خونخوار بیباک

خدیجہ جسپہ رکھے اپنا زانو ‏ ‏ ملکین ہو اوس جگہ تحیبا سے رو

پڑہے جسپر نماز اکثر پیمبر ‏ ‏ وہان بیٹھے ابوجہل بد اختر

نبی کے بعد وہ زہرا کو پہونچا ‏ ‏ مصلا پھر ہوا وہ مرتضی کا

پھر اوسپر مجتبی نے کی عبادت ‏ ‏ ہوا حقدار پھر سبط رسالت

وہ سجادہ ہے اب سجاد کی بابس ‏ ‏ نبی کا ہے وصی وہ اشرف الناس

امام وقت ہے معجز نما ہے ‏ ‏ وہی اب جانشین مصطفی ہے

اوسنے جب یہ جواب صاف بھیجا ‏ ‏ ہوا اصرار ظالم کو بہت سا

لکھا اوسنے کہ اے فرزند حیدر ‏ ‏ ابھی بربات مت منظور ہے شر

رکہا بیعت سی مینی تجکو معذور | نہین مجکو یہ تیرا عذر منظور
نہین سجاد سجادہ کا حقدار | علی البتہ اوسکا تہا سزاوار
جہاد و رزم مین سرگرم جو ہے | امیر المومنین عصر وہ ہے
تمہاری طرح جو خانہ نشین ہے | وہ اوس سجادہ کا وارث نہین ہے
محمد نی کہا ای زشت کردار | شرف اوس سی تجہی ہو کا ترسا
نہین کوئی عبادت اس سی بہتر | جو تجہی خوش ہوا اولاد پیمبر
علی و فاطمہ ہی جس سی بیزار | نہین راضی رسول پاک و مختار
سمجہ اسکو اگر تو باخبر ہے | یہی سجادہ خیر البشر ہے
ہمین پہونچائی کر تونی اذیت | رہی کیا خاک سجادہ کی عزت
سنی یہ طعن و تشنیع اوسنی جسدم | یہ بہر کا بدترین نوع آدم
سراپا شعلۂ آتش ہوا وہ | لسان بولہب سرکش ہوا وہ
کہا عمرو سی اوسنی یہ بلاکر | جلادی خانۂ کعبہ کو جاکر
کیا اوس قوم نی جسدم آہنگ | حرم کو کیجی آلودہ رنگ

لبں

رئیس کعبہ نے اگر سر بام کہا اون سے کہ اے قوم بد انجام
نہو گمراہ تم مانند اجداد جنہون نے گھر کیا احمد کا برباد
یہ گھر بھی خانۂ زہرا سے آیا جسے بعد از پیمبر تھا جلایا
قدم رکھنے نہون اونکے قدم پر نہو کے فتح حاصل اس حرم پر
اگر اصحاب فیل آسا ہو سارے سلامت کب رہن کے سر تمہارے
چلے جب سنگ وہ ہاتھون مین لیکر ہوا مانع وہی فرزند حیدر
کہا عمرو سے اے مرد بد انجام مرے جانب سے دے یہ اونکو پیغام
کہ اے ابن زبیر زشت بنیاد کئی کیا کیا نہ تونے ظلم ایجاد
رکھا ناحق مجھے محبوس یکچند کیا پھر تونے باب صلح کو بند
نکالی کاوش سجادہ مجھسے ہوا پھر جنگ برپا بادہ مجھسے
ہوا پھر ذلت کعبہ پہ طیار کیا کفر خفی کو تونے اظہار
ترے دشوار بان مجھپر ہوئین سہل بنا پھر مجدد تو ابو جہل
مرا کعبہ سے اب عزم سفر ہے فقط اک انتظار نامہ بر ہے

نہ آئیگا یہان پہر ابن حیدر | نہ دیکھی گا وسی تو زندگی بہر
مجہی دی ہی اسقدر مہلت وہ بدخواہ | کہ ہو سجاد اس حالت سی آگاہ
مرا مولا ہی فرزند برادر | برادر اور پدر کی ہی برابر
وہی اب وارث علم نبی ہے | نبی و مرتضی کا وہ وصی ہے

نامہ نوشتن محمد بسوی جابر ابن ... و ... شیعیان ان بزرگوار
... حسب ارشاد ان بزرگوار

ہوا جب اسپہ راضی وہ ستمگر | یہ خط لکہنی لگا فرزند حیدر
ہوا نام خدا عنوان طومار | کہ بسم اللہ ہی مفتاح ہر کام
لکہا پہر یہ کہ ای جان برادر | مجہی تو ہی برادر کی برابر
ہوا مکہ سی جانا میرا ناچار | پہونچتا ہی ستمگارونسی آزار
کیا ہی جو پدر نی مجہسی ارشاد | وہ ظاہر تجہپر ہی ای زین عباد
